وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا ۔ اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ
وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ ۔ اگر وہ نابالغ لڑکا ہو تو پڑھے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا
اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا ۔ اگر میت لڑکی ہو تو پڑھے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا
وَّاجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً ۔ اور پھر چوتھی تکبیر اللّٰهُ اَكْبَرُ کہہ کر دائیں بائیں اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ کہہ کر
فارغ ہو جاوے۔

فائدہ:- یہی ترکیب نماز جنازہ کی حدیث شریف سے ثابت ہے اور جو دعائیں لکھی گئی ہیں خود حضور پر نور سے
ہیں۔ اور تمام امت مرحومہ کو پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ اور اس پر تمام امت کا اجماع ہے سوائے فرقہ شیعہ کے۔

مسئلہ:- جس طرح ہر نیک و بد پر نماز جنازہ پڑھنی جائز ہے سوائے کافر و مرتد کے اسی طرح نماز جماعت بھی ہر نیک
و بد کے پیچھے جائز ہے جیسا کہ بیہقی نے حدیث بیان کی ہے وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلُّوْا خَلْفَ
كُلِّ بَرٍّ وَّفَاجِرٍ ۔

ترجمہ:- حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ نماز جنازہ پڑھو اوپر ہر نیک و بد کے اور نماز
پڑھو پیچھے ہر نیک و بد کے

حدیث دوم از بیہقی عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ قَالَ صَلُّوْا عَلٰى كُلِّ بَرٍّ وَّفَاجِرٍ ترجمہ:- ابو ہریرہ سے روایت
ہے کہ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نماز جنازہ پڑھو تم اوپر ہر نیک و بد کے۔ حدیث از طبرانی اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ قَالَ قَالَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلُّوْا عَلٰى مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۔ ترجمہ:- ابن عمر سے روایت ہے کہ
حضرت محمد رسول اللہ نے کہ نماز جنازہ پڑھو تم اوپر ہر ایک جو پڑھے کلمہ طیب۔

فائدہ:- فاسق و فاجر کے پیچھے نماز پڑھنا منع ہے۔ مگر امام نسفی نے لکھا ہے کہ منع سے مراد کراہت ہے مگر جب اس کا فسق
اور بدعت حد سے زیادہ یعنی کفر تک پہنچ جائے تو نماز پڑھنا اتفاقاً نا[illegible] اور فسق جو شخص کھلا کھلا یعنی کفر کا عامل
یعنی گناہ علانیہ کرے اس کے پیچھے نماز پڑھنا منع ہے۔

مجلس ہشتم

یہ تین فصلوں پر مشتمل ہے

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا ۝

ترجمہ:۔ (سوائے اس کے نہیں کہ چاہتا ہے اللہ تعالٰے یہ کہ دُور کرے پلیدی تم سے اور پاک کرے تم کو اے اہل بیت پاک ظاہر گناہ کی بات سے)۔ امام حسینؓ کے فضائل تو بیان ہو چکے ہیں مگر مختصر چند مسائل اب بھی لکھے جاتے ہیں ۔

فصل اوّل

امام حسینؓ کی پیدائش و کنیت و لقب

کنیت امام حسینؓ کی عبداللہ ہے اور لقب شہید و سبط صغریٰ و سید ہے ۔ اور آپ کی پیدائش مدینہ منورہ میں ۵ شعبان ۴ھ ہجری بروز سوموار ہوئی ۔ اور آپ چھماہی پیدا ہوئے ۔ کوئی لڑکا چھ ماہ کا زندہ نہیں رہا ۔ مگر امام حسینؓ اور حضرت یحییٰؑ ۔ بعد تولد ہونے امام حسینؓ کے حضرت محمد الرسول اللہ حضرت فاطمہ کے گھر تشریف لائے ۔ اور اسماء بنت عمیسؓ کو فرمایا کہ لاؤ میرے فرزند کو ۔ پس وہ ایک سفید کپڑے میں لپیٹ کر لے آئی تو آنحضرت نے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر فرمائی ۔ اور فرمایا اے علیؓ اس کا نام کیا رکھا ہے ۔ عرض کی یا حضرت مجھے کیا مجال ہے کہ میں آپ کی اجازت کے سوا کوئی کام شروع کروں ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں بھی اس کا نام اللہ تعالےٰ کے سپرد کرتا ہوں ۔ چنانچہ جبرائیلؑ نازل ہوئے اور بعد سلام پروردگار کے عرض کی کہ اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں کہ علی کرم اللہ وجہہ آپ کے بھائی مثل ہارونؑ کے ہیں اور ہارون کا ایک لڑکا تھا جس کا نام بشیر تھا ۔ اور آپ بھی اس کا نام بشیر رکھیں ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے جبریل علیہ السلام یہ نام عبرانی ہے ۔ اور ہم عربی ہیں ۔ جو تمام زبانوں سے بہتر زبان ہے ہم کس طرح اپنے بیٹے کا نام غیر عربی زبان میں رکھیں ۔ تو جبرائیل امین نے عرض کی کہ یا حضرت بشیر کو عربی زبان میں حُسینؓ کہتے ہیں ۔ پس آپ کا نام حسین رکھا گیا اور بعد سات دن کے آپ کے عقیقہ کیا گیا اور ام فضل بنت حارث حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب کی بیوی نے آپ کو دودھ پلایا ۔ اس سبب سے عبداللہ بن عباسؓ آپ کے دودھ شریک بھائی ہیں ۔ اور حضرت امام حسینؓ ناف سے لے کر پاؤں تک حضرت محمد الرسول اللہ کے مشابہ تھے حدیث شریف میں وارد ہے وَالْحُسَیْنُ اَشْبَہُ النَّبِیِّ کَانَ اَسْفَلَ مِنْ ذَالِکَ یعنی امام حسینؓ کا مبارک سینہ سے لے کر پاؤں تک حضرت محمدؐ کے مشابہ تھے ۔ اور آپ خوبصورت و خوب سیرت خوش جمال تھے ۔ کہ اندھیری رات میں آپ کی پیشانی چودھویں رات کے چاند کی طرح چمکتی تھی ۔ جہاں بیٹھے ہوتے معلوم ہو جاتے تھے

وَعَنْ یَعْلٰی بْنِ مُرَّۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ حُسَیْنٌ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْ حُسَیْنٍ اَحَبَّ اللّٰہُ مَنْ اَحَبَّ حُسَیْنًا حُسَیْنٌ سِبْطٌ مِنَ الْاَسْبَاطِ ۔

ترمذی روایت ہے یعلیٰ بن مرہؓ سے کہ فرمایا رسول اللہ نے حسینؓ مجھ سے ہے اور میں حسینؓ سے ہوں ۔ دوست رکھتا ہے اللہ تعالےٰ اس کو جو دوست رکھتا ہے حسینؓ کو ۔ اور سبط اسباط یعنی اولاد اس کی بہت ہو گی اور سبط کے معنی فرزند کا فرزند ہے ۔ اور سبط صغریٰ سے مراد چھوٹا فرزند ہے ۔

فائدہ :۔ کہا ملا قاری نے گویا آنحضرتؐ نے نور نبوۃ سے معلوم کر لیا تھا کہ بعد میرے آوے گی ایک قوم جو شہید

کرے گی ان کو ۔ اس واسطے فرمایا کہ دوست حسینؓ کا میرا دوست ہے ۔ اور دشمن حسینؓ کا میرا دشمن ہے
مسئلہ :۔ شواہد نبوۃ میں لکھا ہے کہ ایک روز رسول خداؐ نے امام حسینؓ کو دائیں زانو اور اپنے بیٹے ابراہیمؓ کو بائیں زانو پر بٹھایا ہوا تھا ۔ اور اس حال میں جبرئیلؑ آئے اور عرض کی کہ یا رسول اللہ آپ کے پاس اللہ تعالےٰ ان دونوں صاحبزادوں کو نہیں رہنے دے گا ۔ ان میں سے ایک رہنے دے گا ۔ جس کو آپ چاہیں رکھ لیں ۔ تو حضورؐ نے فرمایا کہ اگر حسینؓ نہ رہا تو میرا اور علیؓ اور فاطمہؓ کا دل غمگین ہوگا ۔ اگر میرا بیٹا ابراہیمؓ نہ رہا تو میری جان پر صدمہ گزریگا پس میں نہیں چاہتا کہ حضرت علیؓ اور حضرت فاطمۃؓ زہرا کو رنج پہنچے ۔ بعدہٗ تین دن کے بعد حضرت ابراہیم انتقال فرما گئے ۔ اس وقت آپ کے شاہزادے کی عمر ڈیڑھ سال کی تھی ۔ الغرض آپ نے اس کو غسل کفن دے کر جنازہ کر کے جنت البقیع میں دفن کر دیا ۔ پھر اس کے بعد ایک دن امام حسین آپ کے پاس آئے تو آپ نے فرمایا اَھْلاً وَّمَرْحَبًا بِمَا فَدَیْتُہٗ یَا بُنَیَّ جیو آیاں جیو آیاں جو ساتھ اس کے قربان کیا میں نے بیٹے اپنے کو ۔ اور امام حسینؓ کو گلے لگایا اور سینہ سے لگا لیا ۔

مسئلہ :۔ کشف المحجوب میں ہے کہ ایک دن حضرت عمر فاروقؓ رسول مقبولؐ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو دیکھا کہ حضرت امام حسینؓ حضور پر نور کی پشت مبارک پر سوار ہیں ۔ اور حضورؐ زانو کے بل چلتے ہیں ۔ اور ایک رسی بطور لگام حضور نے اپنے دہن مبارک میں لی ہوئی ہے ۔ اور رسی کا دوسرا سرا حضرت امام حسینؓ نے پکڑا ہوا ہے اور ہانکتے ہیں ۔ تو حضرت عمر فاروقؓ نے عرض کی کہ سواری کیا اچھی ہے ۔ تو حضورؐ نے فرمایا سوار بھی اچھا ہے ۔

فصل دوم

در ذکر سخاوت حضرت حسینؓ

کشف المحجوب میں لکھا ہے کہ ایک شخص امام حسینؓ کی خدمت میں حاضر ہوا ۔ اور عرض کی کہ میں بہت ہی محتاج ہوں اور عیال دار ہوں اور قرضائی بھی ہوں ۔ امام صاحب نے فرمایا کہ بیٹھ جاؤ ۔ اتنے میں پانچ توڑے دیناروں کے امیر معاویہؓ کی طرف سے آئے تو حضرت امام صاحب نے وہ پانچوں توڑے اس سوالی کو دے دیئے ۔ اور فرمایا کہ تجھے انتظار میں تکلیف تو ہوئی ہوگی معاف کرنا ۔

مسئلہ :۔ بہت سی کتابوں میں آیا ہے کہ امام حسینؓ نے ایک ہزار غلام اپنے ہاتھوں سے کما کر خرید کر کے آزاد کیا تھا

فصل سوم

در ذکر عبادت و حلم امام حسینؓ در نظم

فصل خطاب کتاب دے اندر راوی ذکر لیایا — مہمان نوازی کارن حضرت کھانا خوب پکایا
خادم تائیں آکھیا جلدی سالن گرم لیائیں — خدمت کر د مہماناں سندی جلدی دیر نہ لائیں
خادم گرم شتت گرم پیالہ بھر کر جلد لیایا — سر پر امام حسینؓ اتفاقاً پیالہ ٹٹ سدھایا

Marfat.com

پوشاک ویرانہ سنے سر جلیا حضرت خنگی آئی | ادب سکھاون کارن حضرت طرف غلام ڈٹھائی
وَالْکَاظِمِیْنَ الْغَیْظَ پڑھ کر عرض غلام سنائی | امام کہیا میں غصے اپنے کارن روکیا بھائی
پھیر غلام نے وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ پڑھیا جائیں | یعنی بندیاں ریدیاں صفت جو کروے معاف خطائیں
کہیا امام معاف کیتا میں تواں نہ بدلہ کائی! | وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ پڑھ آیت غلام سنائی
اللہ صاحب دوست رکھے احسان کنندیاں تائیں | جو غصے اپنے روکن لوکاں کرن معاف خطائیں
آزاد کیتا میں تیرے تائیں امام حسینؓ بتایا | اس تھیں دوھ نہ تظر میری وچہ نیک عمل کوئی آیا
حسن جمال حسینؓ دلی دا سوہنا یوسف پیارا | وانگ یعقوب محبت اندر پاک رسولؐ سوہارا
مکھ چھپاون پردہ پاون حکمن خوش رخساراں | نال نصیب زیارت ہوئے خویش قریبیاں یاراں
جیویں رسول خدا دے تائیں اپنی امت پیاری | تویں پیار حسینؓ شاہزادے کارن امت ساری
حسینؓ نے چالی سالاں اندر نہ ہک نماز قضائی | ہن بعضے بن محب حسینیؓ پڑھن نماز نہ کائی

فائدہ :۔ حضرت امام حسینؓ اس قدر عبادت کرتے تھے کہ بسبب رات کے جاگنے کے آپ کا رنگ مبارک زرد ہوگیا تھا۔ اور آنکھیں رونے کے سبب سے بے رونق ہوگئی تھیں۔ اور پیشانی مبارک پر کثرت سجود سے محراب پڑ گئے تھے اور نماز میں زیادہ قیام کے سبب پاؤں پر ورم ہوگیا تھا۔ اور ہر ماہ میں آپ اتنے روزے رکھتے تھے جن کو ایام بیض کہتے ہیں۔ یعنی ہر ماہ کی تیرھویں، چودھویں، پندرھویں روزے رکھتے تھے۔ جیسا کہ حضرت آدم نے روزے رکھے۔ اور ماہ محرم الحرام میں پہلی تاریخ سے لے کر دسویں تک روزے رکھتے۔ اور کثرت سے نفل پڑھتے تھے۔ اور خاص دن عاشورہ کے دہ کام کرتے جو دس کام سنت ہیں جن کا ذکر مجلس اول فصل دوم میں ہو چکا ہے

ہن جو بن محب حسینیؓ سن توں میرے بھائی | نفل نوافل روزیاں سندا نام نہ لیندا کائی
دہ دن ماہ محرم سندے پٹن وچہ گذارن | جیہڑے کم یزید نے کیتے اونویں نقل اتارن
جویں یزیدیاں حکماں اوپر ننگے سر اماماں | اونویں علم نکال وکھاون ایہ بھی لوکاں خاماں

چنانچہ تذکرۃ الطاہرین میں جو اہل شیعہ کی معتبر کتاب ہے صفحہ دو سو میں لکھا ہے کہ جب دمشق میں یزید کی فوج اہلبیت کے سر مبارک لائے تو وہ تمام علموں پر کھڑے کئے ہوئے تھے۔ حاصل کلام کہ علم کا نکالنا فعل یزیدی ہے

فائدہ :۔ لباس سیاہ پہننا ماہ محرم میں اور ماتم کرنا بھی سنت یزیدی ہے جیسا کہ تذکرۃ الطاہرین میں صفحہ دو سو تین سے لے کر صفحہ دو سو پانچ تک ہندہ یزید کی بیوی سے روایت ہے۔ کہ ہندہ نے کہا ہے کہ جب سر مبارک امام حسینؓ ہمارے گھر میں رکھا گیا تو میں نے خواب میں دیکھا کہ دروازہ جنت کا کھلا ہے اور تمام اقربا امام حسینؓ کی ملاقات کو آئے ہیں اور ہر ایک نے اپنا اپنا نام بتایا کہ اے حسین میں تیرا چچا ہوں اور کسی نے کہا کہ میں تیرا بھائی ہوں۔ علی ھذا القیاس۔ امام مظلوم کے سر مبارک سے نور کے شعلے نکل کر آسمان کی طرف چڑھتے تھے۔ اور جب میں خواب سے بیدار ہوئی تو مجھے خوف آیا تو میں نے جلدی سے یزید کو تلاش کیا تو وہ اپنے بستر پر نہیں تھا۔ جب میں نے آگے دیکھا تو ایک اندھیری کوٹھڑی میں ماتم کر رہا ہے۔ اور کہتا ہے کہ ہائے ہائے میں نے کیا کیا۔ مجھے حسینؓ سے کیا کام تھا۔ جب میں نے اپنا خواب ظاہر کیا تو یزید نے صبح سویرے سب اہلبیت کو بلایا اور کہا کہ جو کچھ ہونا تھا ہوگیا۔ اب تمہاری کیا خواہش ہے۔ اور جو کچھ کہو گے اب میں اس پر عمل کروں گا۔ تب اہل بیت نے کہا کہ اب ہماری یہ خواہش ہے کہ ہم جی بھر کر امام حسینؓ پر ماتم کریں تو یزید نے کہا قَالَ فَعَلُوْا مَابَدَا لَکُمْ یعنی جو کچھ تمہارا جی چاہے کرو۔ اب تم کو ہر طرح سے امداد ملے گی۔ چنانچہ

Marfat.com

یزیدنے بہت سے مکان خالی کرا دیئے اور تمام شہر دمشق میں حکم دیا کہ سیاہ لباس پہن کر سات دن تک خوب کرد. تو سب نے سات دن سیاہ لباس پہن کر خوب ماتم کیا۔ اور آٹھویں دن اہل بیت کو مدینہ منورہ کی طرف روانہ
حاصل کلام ان تین کاموں کی بناء پہلے سے یزید ہی نے شروع کی ہے۔ مثلاً علم نکالنا اور سیاہ لباس پہننا اور ماتم
اگر ان کاموں کے کرنے میں ثواب ہے تو مبارک ہو یزید کو جس نے اس کار خیر کی بنیاد رکھی ہے۔ اور یہ تینوں کام سنت یزید کی ہے۔ اس واسطے تمام اہل سنت والجماعت کو ان کاموں سے نفرت ہے کہ یزید کی سنت کو یزید کے دوست ہی ادا کر
اور تمام مسلمانوں کو اللہ عزوجل اپنے فضل وکرم سے ان فعلوں سے بچائے آمین ثم آمین۔

مجلس نہم

(اور یہ مجلس چوئی فصلوں اور چند حکایات عجائبات پر مشتمل ہے)

فصل اوّل

در بیان پیشین گوئیاں آنحضرت در حق امام حسینؓ

پیشین گوئی اوّل۔ عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ اِنَّهَا دَخَلَتْ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ رَاَیْتُ حُلُمًا مُنْكَرًا لَيْلَةً قَالَ وَمَا هُوَ قَالَتْ اِنَّهٗ شَدِيْدٌ قَالَ وَمَا هُوَ قَالَتْ رَاَيْتُ كَاَنَّ قِطْعَةً مِنْ جَسَدِكَ قُطِعَتْ وَوُضِعَتْ فِیْ حِجْرِیْ۔

ترجمہ۔ ام فضلؓ سے روایت ہے کہ داخل ہوئی وہ اوپر رسول خدا کے اور عرض کی اس نے کہ یا رسول اللہ کہ تحقیق دیکھا ہے میں نے ایک خواب بہت بڑا۔ آج رات فرمایا رسول اللہ نے کیا ہے وہ خواب اس نے عرض کی یا رسول اللہ تحقیق وہ سخت ترہے یعنی دیکھا میں نے گویا ایک ٹکڑا ہے جسم مبارک آپ کے سے کر رکھا ہے بیچ گود میری کے
فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ رَاَيْتِ خَيْرًا تَلِدُ فَاطِمَةُ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ غُلَامًا يَكُوْنُ فِیْ حِجْرِكِ فَوَلَدَتْ فَاطِمَةُ الْحُسَيْنَ فَكَانَ فِیْ حِجْرِیْ۔

ترجمہ۔ پس فرمایا آپ نے دیکھا ہے تو نے اے ام فضل بہتر چیز کو یعنی پیدا ہوگا فاطمہ کے گھر ایک لڑکا وہ ہوگا بیچ گود تیری کے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ پس پیدا ہوئے حسینؓ اور تھا بیچ گود میری کے كَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَدَخَلْتُ يَوْمًا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ فَوَضَعْتُهٗ فِیْ حِجْرِهٖ ثُمَّ كَانَتْ مِنِّی الْتِفَاتَةٌ فَاِذَا عَيْنَا رَسُوْلِ اللّٰہِ تُهْرِيْقَانِ الدُّمُوْعَ قَالَتْ فَقُلْتُ يَا نَبِیَّ اللّٰہِ بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ مَا لَكَ قَالَ اَتَانِیْ جِبْرَائِيْلُ فَاَخْبَرَنِیْ اَنَّ اُمَّتِیْ سَيَقْتُلُ ابْنِیْ هٰذَا فَقُلْتُ هٰذَا قَالَ نَعَمْ وَاَتَانِیْ بِتُرْبَةٍ مِنْ تُرْبَتِهٖ حَمْرَاءَ۔

ترجمہ جیسا کہ کہا تھا رسول خدا نے پس داخل ہوئی میں ایک دن اوپر رسول خدا کے پس رکھا آپ نے حسینؓ بیٹے فاطمہؓ کو بیچ گود میری کے۔ اور پھر التفات کرتے تھے یعنی کبھی میری طرف دیکھتے تھے اور کبھی حسینؓ کی طرف دیکھتے تھے۔ اور آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھیں۔ پس عرض کیا ام فضل نے یا رسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں کیا ہوا آپ کو

Marfat.com

ب روتے ہیں۔ فرمایا خبر دی مجھکو جبرائیلؑ نے کہ تحقیق بہت قریب ہے کہ شہید کرے گی امت تیری اس بیٹے تیرے کو عرض کی میں نے اس لڑکے کو، فرمایا ہاں۔ اور فرمایا کہ لایا ہے میرے پاس جبرائیل علیہ السلام ایک مٹھ مٹی سرخ کی یعنی اس کی جس جگہ امام حسین شہید ہوگا

فائدہ :- اس حدیث سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تبارک تعالی نے تمام واقعات کربلا معلیٰ سے واقف کر دیا تھا یعنی جو کچھ مصیبتیں امام حسینؓ کے پیش آنے والی تھیں بلکہ جس وقت اور روز اور جگہ پر امام حسین نے جام شہادت پینا تھا اور جس شخص کے ہاتھ سے پینا تھا یعنی قاتل امام حسینؓ کا سب کچھ حضور پاک کو معلوم تھا بسبب اتنی واقفیت ہونے کے پھر آپ نے جزع فزع بیصبری نہیں کی سوائے آنسو جاری ہونے کے۔ اور حالات تمام حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ کو بھی معلوم تھے۔ مگر ہرایک صاحب نے اس مصیبت پر صبر کیا اور وَاللّٰہُ یُحِبُّ الصّٰبِرِیْنَ کے مصداق بنے۔ یعنی اور اللہ صبر کرنیوالوں کا دوست ہے۔ اور ہرایک کو صبر کرنے کی تلقین کرتے رہے اور مصیبت پر منہ سر سینہ پیٹنے سے منع کرتے رہے۔ جیساکہ فرمایا لیس منا حلق وسلق وخرق۔ یعنی میری امت سے وہ شخص جو وقت مصیبت کے اپنا گلا نوچے اور دَین کرے یعنی خلاف شریعت الفاظ اپنے منہ سے کہے اور اپنا کپڑا پھاڑ کے اور منہ سر سینہ پیٹے۔

پیشین گوئی (۲)

ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ پر نور مجھ کو ایک مٹھی خاک کی دی۔ اور فرمایا کہ جب یہ مٹی سرخ ہو جائے گی تب امام حسینؓ شہید کئے جائیں گے۔ کہا ام سلمہؓ نے کہ وہ مٹی میں نے ایک شیشی میں بند کرکے رکھ لی۔ اور روزمرہ میں اس مٹی کو دیکھتی تھی۔ ایک دن میں نے اس شیشی کو دیکھا تو وہ مثل خون کے ہوگئی تھی۔ تو میں نے لوگوں سے دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ اسی دن امام حسین کو شہادت ملی۔ نقل از احمد حنبل"

نظم

پیشین گوئی (۳)

حید دیہاڑے سبھناں لڑکیاں عجب پوشاکاں لائیاں — حسن حسینؓ بھی نانے اگے عرضاں بول سنائیاں
یاحضرت اج ساریاں لڑکیاں نویں لباس بنائے — ساڈے پاٹے تے پرانے میلے کپڑے آئے
تاں فورا جبرائیل فرشتہ کیتا رب روانہ — حسن حسین شاہزادیاں تائیں دیہ لباس شہانہ
دو کرتے رب عرشوں بھیجے رندتے سرخ چھپانی — آکھیا کرد پسند جو چاہو جبرائیلؑ زبانی
مندو پسند حسن نے کیتا سرخ حسین لیائے — نال خوشی دے جائیں جائیں دوہاں کرتے پائے
حضرت فاطمہؓ حید دونوں راضی راضی تھیون — شاہزادیاں پوشاکاں پایاں شالہ جم جم جیون
تاں فورا جبریل وحی نے ادوں عرض سنائی — یاحضرت اک زہر اک قتل شہادت پائی
حضرت حسنؓ شہادت زہردی پاوسے سبط کبیرا — امام حسینؓ شہادت قتلوں پاوے سبط صغیرا
کربلا اندر جاناں کربل ہون کسیدن ولله — چار چوفیرا دشمناں گھیریا وچ حسینؓ اکلا
تیراں بارش دشمن بارخی وانگوں کرسن جانی — جسم حسینؓ ولی دا تیردں چھاننی وانگ چھپانی
تاں حضرت علی تے فاطمہؓ تائیں سد نبی بلانے — شہید شہزادے دونویں ہوسن اندر کسے زمانے
عرض سنائی علیؓ تے فاطمہؓ اوہدں حال نانے — کون زمانہ ہوسی جدا یہ ہون شہید نمانے
فرمایا اس دن نہیں ہوساں نہ تسیں مردانے — تاں صبر جمیل کمایا سبھناں سن کر حکم ربانے

Marfat.com

نہ منہ سر سینہ پٹیا کسے نہ ہرگز ماتم کیتا ۔۔۔ حضرت علیؓ تے فاطمہؓ سُن کر صبر پیالہ پیا
جتنا درد علیؓ تے فاطمہؓ حسنؓ حسینوںؓ بھائی ۔۔۔ اتنا درد نہ ہو سکے نوں جانے سب دکائی
جد حضرت علیؓ نے فاطمہؓ سن کر صبر پیالے پیتے ۔۔۔ نہ منہ سر سینہ پٹیا تے نہ وین سیاپے کیتے
اوہ کیہڑا دردی درداں والا جیہا اج چنگیرا ۔۔۔ جینوں حضرت علی تے فاطمہ نالوں درد ودھیرا
ایہ سب فریبی ٹولا نال فریباں خلق پھٹائی ۔۔۔ منہ سر سینہ پٹن کھادن حلوے گوشت بھائی
اس جُھوٹھے مٹھے کھادن بدلے لوکاں دین ونجایا ۔۔۔ قسم خدا دی جھوٹھ نہیں میں اکھیں دیکھ ازمایا

پیشین گوئی (۴)

ابو نعیم یحییٰ حضرمی روایت کرتے ہیں اَنَّہٗ سَافَرَ مَعَ عَلِیٍّ اِلٰی صِفِّیْنَ فَلَمَّا حَاذَا نِیْنَوٰی فَادَا اَصْبِرًا اَ عَبْدُ اللّٰہِ ۔

ترجمہ ۔ کہ تحقیق سفر کیا ہم نے ساتھ علی کرم اللہ وجہہ کے طرف جنگ صفین کے پس جب ہم برابر آئے شہر کے تو حضرت علی نے اپنے آپ کو فرمایا صبر کر اے باپ حسینؓ کے تو یحییٰ نے عرض کی یا حضرت آپ کیا فرمارہے ہیں حضرت علیؓ نے کہا مجھے حضرت رسول مقبول نے فرمایا تھا کہ حضرت حسینؓ اس نہر فرات کے کنارے شہادت پائیں گے جگہ دیکھ کر مجھے وہ واقعہ یاد آیا ۔

نظم

پیشین گوئی ۔ ۵ ۔

میرے دل بے صبری کیتی جد اوہ ڈھیاں جائیں ۔۔۔ پھر میں کیا اے باپ حسینؓ دے صبر جمیل کمائیں
ابو نعیمؒ کہیا اک ساڈوں صالح مرد بتائے ۔۔۔ قبر حسین دی جگہ اوپر اسیں نال علیؓ دے آئے
شاہ علیؓ فرمایا ایتھے بہسن اُٹھ انہاندے ۔۔۔ ایہو جاگہ جتھے ہوسن تنبو اپنے لاندے
ایس جگہ پر آل نبیؐ دی خون ہوون گے جاری ۔۔۔ چند جیہے مہتاب تہزادے ہوسن خون خزاری
آل رسول اللہ دی اُپر ظلم اجیہا ہوسی ۔۔۔ زمین اسمان اونہاندے غم تھیں تو ہو ہنجو روسی

فصل دوم

دربیان عداوت یزید پلید با امام حسین در سہ وجہ است

وجہ اول ۔ جو درمیان بنی ہاشم و بنی اُمیّہ واقعہ ہوئی ، اس کا مختصر قصہ اس طرح ہے کہ عبد المناف کے چار تھے جن میں سے دو جوڑے تھے یعنی ہاشم اور عبد الشمس اور دونوں صاجزادوں کی پیشانی جڑی ہوئی تھی ہر چند جُدا کرنے کی کوشش کی گئی مگر جدا نہ ہو سکی آخر تلوار سے چیر کر دونوں صاجزادوں کی پیشانی جدا کی گئی ۔ جب یہ بات دانشمند دانا عرب میں گئی یعنی سُنی تو داناؤں نے کہا کہ بہتر تھا کہ ہر دو صاجزادوں کی پیشانیاں سوائے تلوار کے کسی اور چیز سے کر دی جاتیں ۔ کیونکہ یہ بدشگون ہے ۔ اب اس کا یہ اثر ظاہر ہوگی کہ ہاشم اور عبد الشمس کی اولاد میں ہمیشہ تا قیامت عداوت رہے گی اور ان ہر دو فریق کے درمیان تلوار ہی فیصلہ کرے گی ۔ چنانچہ اسی طرح واقعات بنی ہاشم اور بنی عبد الشمس میں اوائل اسلام اور بعد اسلام کے گذرتے چلے گئے ہیں جو کہ اظہر من الشمس ہیں ۔ یعنی حضرت علیؓ کرم اللہ وجہہ اور

Marfat.com

درمیان میں بھی یہی واقعہ ظہور میں آیا اور بعد اس کے یزید پلید اور امام حسینؓ کے درمیان میں یہی واقعہ ظہور ہوا۔ اگر مفصل دیکھنا ہو تو خلافت بنی امیہ و خلافت عباسیہ میں دیکھو لکھتے ہیں کہ جب خلافت بنی اُمیّہ کا دوران ختم اور خلافت بنی عباسیہ کا دوران شروع ہوا تو عباسیوں نے بنی اُمیّہ کی قبروں کو کھود کر ان کی ہڈیوں کو قبروں سے نکال کر آتش میں جلانا شروع کیا۔ بسبب عداوت بنی امیہ کے۔

وجہ دوم عداوت یزید

عبداللہ بن زبیرؓ ایک خوبصورت عورت رکھتا تھا۔ جب اس کی خبر یزید کو پہنچی تو یزید اس پر عاشق ہوگیا۔ اور کسی مکر وفریب سے عبداللہ بن زبیرؓ سے طلاق دلوادی۔ اور بعد اس کے ملک شام سے موسیٰ اشعری کو اپنا وکیل کر کے اس مطلقہ عورت کی طرف نکاح کی درخواست کرنے کے واسطے بھیجا۔ راستے میں موسیٰ اشعریؓ سے عبداللہ بن عمرؓ کی ملاقات کی۔ تو عبداللہ نے موسیٰ اشعری سے حال دریافت کیا تو موسیٰ اشعری نے کہا کہ میں یزید کی وکالت کو مطلقہ ابن زبیر کے پاس جا رہا ہوں۔ تو عبداللہ نے کہا کہ اگر وہ مطلقہ یزید کو پسند نہ کرے تو میری طرف سے درخواست نکاح کر دینا۔ اس کے بعد راستے میں حضرت امام حسینؓ سے ملاقات ہوئی تو آپ نے فرمایا اے موسیٰ اشعری کہاں جا رہے ہو۔ تو اس نے تمام ماجرا اپنے سفر کا بیان کیا تو امام حسین نے فرمایا کہ اے موسیٰ اشعری اگر وہ مطلقہ عورت ان دونوں کو پسند نہ کرے تو میری طرف سے درخواست نکاح کر دینا۔

الغرض جب وہ وکیل اس عورت مطلقہ کے پاس پہنچا تو کنایہ طور پر کچھ گفت گو شروع کی تب اس مطلقہ عورت نے کہا کہ کنایہ چھوڑو۔ صاف طور پر جو کہنا ہے کہو۔ تب موسیٰ اشعری نے کہا کہ چار آدمی تیرے نکاح کے خواہش مند ہیں جس کو چاہو قبول کرو۔ اس عورت نے کہا وہ چار کون کون ہیں۔ اس نے کہا اوّل تو میں ہوں۔ دوسرا یزیدؔ بن امیر معاویہ ہے۔ تیسر عبداللہ بن عمرؓ ہے اور چوتھا امام حسینؓ بن علیؓ ہے۔ اس عورت نے کہا کہ میں جوان ہوں اور ابن زبیرؓ نے مجھے طلاق دے دی ہے اور میں اکیلا رہنا پسند نہیں کرتی میں خاوند کی تلاش میں ہوں اور خواہش بھی ضرور رکھتی ہوں۔ مگر تو اے موسیٰ اشعری بوڑھا آدمی ہے اور میں چونکہ جوان ہوں اس واسطے تیری میری مناسبت نہیں ہوسکتی تو اس طمع سے باز آ۔ اور میں تم کو اپنا صلاح گیر بناتی ہوں۔ موسیٰ اشعری نے کہا کہ میں تو اپنے ارادہ سے باز آگیا ہوں۔ اب فرماؤ جو کچھ میرے خیال میں آیا عرض کر دوں گا اس عورت نے کہا اے موسیٰ اشعری ان تینوں آدمیوں میں سے تیرے خیال میں میرے لئے کون سا آدمی بہتر ہے۔ موسیٰ نے کہا ہر ایک کا مفصل حال اور واضح صاف بیان کر دیتا ہوں جس کو تو اپنے نکاح کے لائق سمجھے گی اس سے اپنا نکاح کر لینا۔ اگر تم بادشاہی اور مرتبہ اور عیش و عشرت اور لذت دنیا چاہتی ہو تو یزید کو اختیار کرو۔ اور اگر جوان آدمی اور زاہد اور خوبصورت متقی مرد چاہتی ہو تو عبداللہ بن عمرؓ کو اختیار کرو۔ اگر دنیا میں سوہنا خلق اور پرہیزگاری اور پاکیزگی اور آخرت کی نجات ہر قسم کے عذاب سے اور درجات جنت اور ہم نشینی زہرا فاطمہؓ و اہلبیت رضوان میں شامل ہونا چاہتی ہو تو امام حسینؓ کے ساتھ نکاح کرو تو اس عورت مطلقہ ابن زبیرؓ نے چند عرصہ فکر کرنے کے بعد کہا کہ مال دنیا فانی ہونے والا ہے۔ اور جو اللہ تعالےٰ نے مجھے دیا ہے میری تمام عمر کے واسطے کافی ہے۔ اور جوانی اور خوبصورتی بھی بھوک یا بیماری کے آنے سے دور ہو جاتی ہے مگر خدمت اہل بیت کی موجب دولت جاودانی و نیک بختی دنیا و آخرت کی ہے۔ اے موسیٰ اشعری میں نے اپنے نکاح کے لئے حضرت امام حسینؓ کو پسند کر لیا ہے۔ بیت

آں بندہ کے خدمت او اختیار کرد ۔۔۔ او را خدا اور دو جہاں بختیار کرد

وہ آدمی کے جو خدمت اس کی کو پسند کرے ۔ اس کو اللہ تعالیٰ دو جہان میں صاحب ...
پس جب یہ خبر نکاح مطلقہ ابن زبیر کی یزید پلید کو ملک شام میں پہنچی تو امام حسین کا دشمن ہو گیا۔ اور عداوت بڑھ گئی۔ اور کہنے لگے کہ میں نے چند مکر و فریب کر کے ابن زبیر سے طلاق دلوائی تھی اور یہ کوشش میری اپنے واسطے تھی اور اب امام حسینؓ نے اس کے ساتھ کیوں نکاح کر لیا۔ پس یزید پلید نے اب امام حسینؓ کی ہلاکت کے واسطے کمر باندھ لی تاکہ ابن زبیر کی مطلقہ عورت کے ساتھ پھر نکاح کرے۔ اور یہی سبب تھا امام حسینؓ کو میدان کربلا میں پیاسہ شہید کرنے کا

تیسری وجہ عداوت یزید کی :۔

اور یہ بات یاد رہے کہ ابتداء سے لے کر فاسقوں بدکاروں، فاجروں کی عداوت نیکوکاروں مخلص پرہیزگاروں کے ساتھ چلی آئی ہے۔ مثلاً قابیل کی عداوت ہابیل کے ساتھ اور فرعون قارون کی عداوت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ اور ابوجہل کی عداوت تھی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ۔ الغرض قیامت تک یہی حال رہے گا کہ بدکار لوگ نیک لوگوں کے دشمن ہیں۔ یہی مثال تھی یزید اور امام حسینؓ کی۔ کیونکہ یزید تارک جماعت شراب اور داڑھی مون اور چوپٹ شطرنج نرد وغیرہ کا کھڈاری اور خلاف شریعت چلنے والا تھا۔ اور امام حسین چونکہ پورے پابند شریعت متقیؓ۔ پرہیزگار اور قانون محمدی پر چلنے والے تھے۔ اس واسطے یزید کی بیعت سے آپ نے انکار کیا اور اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے واسطے کربلا معلیٰ میں شہید ہوئے۔

جو اہلبیت محبت دعویٰ صرف زبانی کرے ۔۔۔ چوپٹ تاش کھڈاری جمعہ جماعت نماز نہ پڑھے
ایہ جان یزیدی ٹولا سارے دعویٰ کوڑ سودائیاں ۔۔۔ مچھاں وانگ یہوداں سر پر بودے وانگ عیسائیاں
شہرے شاہی وانگو ساریاں داڑھیاں رگڑھنائیاں ۔۔۔ بھنگی چرسی ہور شرابی رل گھوٹن سردائیاں
دعویٰ اہل البیت محبت کم یزیدی سارے ۔۔۔ اے مومن بھائیو اونہاں کولوں رہنا سدا کنارے
دنیا اندر جو کسے دے نال محبت پاوے ۔۔۔ روز قیامت نال اسیدے اسنوں رب اٹھاوے
مَنْ تَشَبَّہَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ حضرت نے فرمایا ۔۔۔ جو کسے ریس کریسی اس سنگ جاسی حشر اٹھایا
دعویٰ اہل البیت محبت مسجد قدم نہ پاون ۔۔۔ اوہ جان یزیدی ٹولا بجا دین سید مل سداون

فائدہ :۔ حاصل کلام امام حسینؓ نے یزید کی بیعت اس واسطے نہیں کی تھی کہ وہ فاسق فاجر تھا جیسا کہ شہادتین میں آتا ہے۔ سَبَبُهُمَا اَنَّهٗ لَمَّا تَمَلَّكَ يَزِيْدُ وَتَسَلَّطَ وَ ذٰلِكَ رَجَبَ سَنَةَ سِتِّيْنَ بِدِمَشْقَ كَتَبَ اِلَى الْاَقَالِيْمِ الْاُخَرِ بِالْبَيْعَةِ لَهٗ وَ كَتَبَ اِلٰى عَامِلِهٖ بِالْمَدِيْنَةِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُقْبَةَ اَنْ يَاْخُذَ الْبَيْعَةَ مِنَ الْحُسَيْنِ ابْنِ عَلِيٍّ فَامْتَنَعَ الْحُسَيْنُ مِنْ بَيْعَتِهٖ لِاَنَّهٗ كَانَ فَاسِقًا مُدْمِنًا لِلْخَمْرِ وَتَارِكَ الصَّلٰوةِ وَالْجَمَاعَةِ وَالْجُمُعَةِ وَظَالِمٌ

ترجمہ ۔ سبب شہادت امام حسینؓ کا یہ ہے کہ جب امیر معاویہؓ نے وفات پائی تو یزید بن معاویہ تخت نشین ہوا اور یہ واقعہ ۶۰ھ ہجری ماہ رجب شہر دمشق میں ہوا۔ اور یزید نے تمام ملکوں کے حاکموں کو لکھا کہ تمام آدمیوں سے میری بیعت لو۔ اور مدینہ منورہ کے حاکم ولیدؓ بن عقبہ جو کہ صحابی رسول خدا اور نیک صالح آدمی تھا اس کو بھی لکھا کہ میری بیعت تمام لوگوں اور امام حسین سے لے۔ جب حکم نامہ یزید کا مدینہ منورہ میں ولید بن عقبہ حاکم کے پاس آیا تو اس نے مروان سے مشورہ لیا کہ اس کام کو کس طرح سے کرنا چاہیئے۔ مروان چونکہ دراصل پکا شیطان تھا اس واسطے اس نے یہ

Marfat.com

یا کہ اے ولید سب سے پہلے امام حسینؓ اور عبدالرحمٰن بن صدیق اکبرؓ اور عبداللہ بن عمرؓ اور عبداللہ بن زبیرؓ سے یزید کی بیعت کی درخواست کرو۔ اگر یہ چاروں صاحب بیعت یزید اختیار کر لیں تو بہتر ورنہ ان چاروں کو قتل کر دے تاکہ سب لوگ ڈر جائیں گے اور پھر کوئی بھی یزید کی بیعت سے انکار نہیں کرے گا۔ مروان خبیث کی یہ رائے سن کر ولید بن عتبہ حاکم مدینہ نے کہا استغفراللہ میں ان بزرگ ہستیوں کو قتل کر کے اپنا روسیاہ کروں۔ کیونکہ وہ اہل بیت کا قدر دان تھا اس لئے اس کو یہ بات اچھی نہ لگی۔ اور امام حسینؓ کو ولیدؓ نے بلوایا۔ تو امام حسینؓ ہمراہ اپنے غلام اور موالی کے ولیدؓ کے پاس گئے اور اور سب کو دروازہ پر چھوڑ کر تنہا اندر ولیدؓ کے پاس تشریف لے گئے ولید نے دروازہ پر آکر آپ کا استقبال کیا اور بڑی عزت سے اپنی مسند پر آپ کو بٹھایا۔ اور نامہ یزید کا آپ کے پیش کر دیا۔ حضرت امام صاحب نے فرمایا کہ کل دن ہوگا ہے جب امیر معاویہ کا انتقال اور یزید کی تخت نشینی کا علم ہر خاص و عام کو ہو جائے گا تو اس کے بعد علی الاعلان جو کچھ کہنا ہوگا کہا جائے گا۔ ولیدؓ نے عرض کی کہ آپ کا فرمان دل و جان سے مجھے منظور ہے۔ پھر امام حسینؓ جلدی سے اپنے مکان کی طرف چلے گئے۔ لکھتے ہیں کہ جب امام حسینؓ ولید کے پاس آئے تو مروان نے چپکے سے ولید کو کہا کہ اے ولید اگر تو نے اس وقت بیعت امام حسینؓ سے نہ لی اور رخصت ہو کر چلے گئے تو پھر قابو نہیں آئیں گے۔ میری تو یہی رائے ہے کہ اگر بیعت منظور کریں تو بہتر ورنہ ان سب کو قید کرو۔ جب تک بیعت نہ کریں۔ اور اگر پھر بھی بیعت سے انکار کریں تو سب کو قتل کرو۔ اور اس کام کرنے سے یزید تم پر بڑا خوش ہوگا۔ اور تمہارا مرتبہ اور رتبہ زیادہ کر دے گا۔ ولیدؓ نے کہا وَیْلَكَ یَا مَرْوَانُ۔ یعنی افسوس ہے اوپر تیرے اے مروان اے دشمن خدا۔ اگر مجھ کو تمام جہان کی بادشاہی بھی ملے تو بھی میں اس کام کے کرنے کو تیار نہیں ہوں۔ مروان خاموش ہوگیا۔ اور صبح کو جمعہ کا دن تھا۔ تمام خاص و عام کو امیر معاویہ کے انتقال کی اور یزید کی تخت نشینی کا علم ہوگیا۔ اور یہ خبر مشہور ہوئی۔ تو امام صاحب نے بعد نماز جمعہ منبر پر کھڑے ہو کر اعلان کیا اور فرمایا کہ ہم کو دنیا اور حکومت دنیا کی کوئی نہیں مگر یزید سے ہم ہرگز بیعت نہیں کر سکتے کیونکہ وہ شراب پیتا ہے اور بے نماز تارک جمعہ جماعت اور فاسق اور فاجر بدکار ظالم اور بے حیا ہے۔ اور ہم اہل بیت آل رسولؐ پاک ہیں جن کے حق میں اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے

إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا ۝

ترجمہ۔ سوائے اس کے نہیں کہ ارادہ کرتا ہے کہ اللہ یہ کہ لے جاوے تم میں سے پلیدی کو اے اہل بیت رسول خدا اور پاک کرے تم کو پاک کرنا۔ اس واسطے ہم اس کی بیعت نہیں کریں گے

مسئلہ:۔ اس آیت شریف اور امام صاحب کی زبان پاک سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ جو لوگ بے نماز تارک جمعہ جماعت۔ زانی۔ شرابی۔ غلام چوپٹ۔ نرد۔ شطرنج کے کھلاڑی اور دن رات بیہودہ گوئی میں مشغول رہنے والے اور نیک کاموں سے ہمیشہ دور رہنے والے اور برے کاموں میں ہمیشہ مشغول رہنے والے سب یزیدی جماعت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے حکموں کی تعمیل کرنے والے قرآن مجید کی تلاوت کرنیوالے اور اس پر عمل کرنیوالے اور اس کے حلال کو حلال جاننے والے۔ اور اس کے حرام کو حرام جاننے والے اور برے کاموں سے اجتناب کرنیوالے اور دور رہنے والے پرہیزگار جیسے فرمایا اللہ تعالیٰ نے

إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِندَ اللَّهِ أَتْقَاكُمْ ۝ ترجمہ:۔ یعنی نزدیک اللہ تعالیٰ کے وہ لوگ بزرگ ہیں جو پرہیزگاری کرتے ہیں سب محب اہل بیت ہیں۔

Marfat.com

فصل سوم

امام حسینؓ کا مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ کو جانا اور کوفی شیعہ کا خط لکھنا اور امام حسینؓ کا مسلم کو روانہ کرنا

وَخَرَجَ حُسَيْنُ إِلَى مَكَّةَ ۔ یعنی نکلے امام حسینؓ طرف مکہ معظمہ کے جو ...
امام حسینؓ مکہ مکرمہ میں چند روز بمعہ اہل و عیال کے رہے

سب رئیس مکے دے آئے چمن قدم ولی دے
مرحبا جیو آیاں جم جم یا فرزند نبی دے
شاہ حسین گیا وچہ مکے ہوئی خبر جو فیرے
ذکر کوفے وچہ صلاحیں کرن ایہہ وڈیرے
اسیں شاہ حسینؓ سدائیے اُسدی بیعت کریئے
اوہ فرزند علی دا اُس دے قدماں تے سر دھریئے
رل اتفاق کیتا اس گل تے وڈی جماعت بھاری
لکھن خط امام صاحب ول کوفی وارو واری
جلدی آؤ پاس اساڈے یا محبوب خدائی
پے درپے چلاون قاصد راہیں ڈاک چلائی
لکھ لکھ خط پہنچاون قاصد اک آون اک جاون
کول عزیزاں حضرت صاحب قدم رنجہ فرماون

وَلَمَّا وَصَلَ الْخَبَرُ إِلَى أَهْلِ الْكُوفَةِ اتَّفَقَ مِنْهُمْ جَمِيعٌ كَثِيرٌ وَكَتَبُوا إِلَى الْحُسَيْنِ وَيَدْعُوْنَهُ إِلَيْهِمْ ۔

ترجمہ:۔ (جب خبر پہنچی اہل کوفہ کو تو اتفاق کیا اُن کی ایک جماعت بڑی نے اور خط لکھے طرف امام حسینؓ کے اور بلایا ان کو طرف اپنے اور کہا کہ ہم سب کے سب آپ کے فرمانبردار اور غلام ہیں بہت جلدی ہمارے پاس آپ تشریف لاویں کیونکہ ہم سب مرد و عورت آپ کی ملاقات کے مشتاق ہیں)۔

جب امام حسین کے پاس اُن کے پے درپے ایک سو پچاس خط آچکے تو آپ کو اُن کی از حد خواہش معلوم ہوئی تو امام حسینؓ نے کوفیوں کو ایک خط لکھا کہ میں فی الحال تمہارے پاس اپنے چچا زاد بھائی حضرت امام مسلم بن عقیلؓ کو بھیجتا ہوں اور اس کی امداد کرنی تم پر فرض ہے۔

لکھ آکھے اک جاوے قاصد شوق ہزار زبانی
اندر خطاں محبت کردے کوفی چرب زبانی
اسیں شیعہ سب تابع تیرے باپ تیرے نوں والے
جلدی اتھے تشریف لیاؤ ہیں تیرے ہجر ستاوڑے
ساڈوں شوق دیدار تساڈا جیہڑے ازل آوے
سب کوفی شیعہ غلام تساڈے دیر نہ ہرگز لاؤ
تاں ستے امام حسینؓ اصحاباں آکھے مرد خدا دا
یارو کوفے جاون دا میں کیتا پک ارادہ
ابن عباسؓ مؤدب ہو کر کردا عرض زبانی
حضرت کوفے مول نہ جاؤ کوفی بڑے حرامی
خطاں اندر جو شوق لکھیندے جو تھے چرب لسانی
وعدہ کردے نہ پورا کردے کوفی سب شیطانی
قول اقرار انہاں شیعاں والا ہے اعتبار نہ کوئی
مکر فریب اتے ٹھگ بازی کارا نہاندی ہوئی
آخر مل کر سب اصحاباں ایہہ صلاح پکائی
آپ نہ جاؤ اینہاں جا گر بھیجو مسلم بھائی
ہما صدق یقین اونہاندا جاکر ایہہ آزماوے
لکھے پھیر تسانوں جو حال تینا ندا پاوے
تاں پھر آپ روانہ کیتا مسلمؓ اپنا بھائی
ہن سنو جو کوفیاں نال اونہاندے کی کرتوت کمائی

Marfat.com

فصل چہارم

امام مسلم کا کوفہ میں جانا اور کوفیوں نے امام مسلم سے خط لکھوانا

فَلَمَّا وَصَلَ مُسْلِمٌ الْكُوفَةَ نَزَلَ فِي دَارِ الْمُخْتَارِ ابْنِ عُبَيْدٍ فَبَيْعَةُ الْحُسَيْنِ عَلَى يَدَيْهِ خَلْقٌ كَثِيرٌ مِنْ اَثْنَيْ عَشَرَ اَلْفًا

ترجمہ۔ پس جب پہنچا امام مسلم بن عقیل کوفہ میں اور داخل ہوئے بیچ گھر مختار بن عبید کے اور بیعت کی امام حسینؓ کی اوپر امام مسلم کے بارہ ہزار آدمی نے اور کہا بعض نے چالیس ہزار آدمی نے بیعت کی ۔ پس اطلاع پائی اس پر نعمان بن بشیر نے جو حاکم تھا کوفہ کا یزید کی طرف سے اور وہ اصحاب تھا رسول خدا کا ۔ اس نے بھی عام لوگوں کو امام صاحب کی بیعت کرنے کی طرف لوگوں کو رغبت دلائی ۔

کوفی شیعہ قساں کھاون اسیں تساں توں گھولے — قسم خدادی اسیں تمامی آل نبیؐ دے گولے
آخر رل بیعت کیتی چالی ہزار جواناں — بنائے آکھن آل نبیؐ توں فدا اساڈیاں جاناں
مسلمؓ دا سن وعظ تمامی لوکاں نوں تاثیراں — رناں مردتے لڑکے لڑکیاں آون گھت وہیراں
آکھن حضرت کرنے نہ پھرساں بیعت تساڈی کرکے — نال تساڈے مدد کرساں جان تلی تے دھر کے
آخر رل ساریاں شیعاں آکھیا مسلم تائیں — یا حضرت ہن کوفے اندر شاہ حسینؓ بلائیں!
ڈٹھا ہے ہن آپ تساں نے ساڈا صدق ارادہ — شاہ حسینؓ بلاؤ ساڈوں حدوں شوق زیادہ!
لکھے اندر شاہ حسین نوں جلدی خط پہنچائیں — آجاؤ کوفے اندر خیریں تیریاں رتو ملائیں
اپنا فیض ہن نام خدا دے ساڈوں بخشش کرنا — اسیں شیعہ سب تابع تیرے دل وچ خوف نہ دھرنا
گولے پردے مرجاں کردے تیرے نام دکانے — جیب آ کوفے اندر ساڈوں تیرے شوق پورانے
آخر حضرت مسلم صاحب کوفیاں دے کہے آکھے — لکھیا حسین ولی نوں قاصد دیہیں بلاکے

فصل پنجم

دربیان خط لکھانا امام مسلم سے اہل کوفہ کے سرداروں نے طرف امام حسینؓ کے

جس کا مضمون یہ تھا کہ ہم سب اہل کوفہ متفق ہو کر لکھتے ہیں کہ جس وقت حضور کی خدمت اقدس میں یہ خط ہمارا گزارش مہر تو اسی وقت روانہ ہو کر ہم غریبوں کو فیض یاب کرنے کے واسطے کوفہ میں تشریف لے آویں۔ کیونکہ ہم سب اہل کوفہ آپ کے غلام خدمت گذار ہو چکے ہیں۔ اور ہم سب اہل کوفہ نے یزید کی بیعت توڑ کر آپ کی بیعت امام مسلمؓ کے ہاتھ ہاتھ پر کر چکے ہیں۔ اور ہم سب اہل کوفہ آگے بھی آپ کے والد بزرگوار حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے غلام ہیں۔ آپ جلد از جلد بہ مہربانی فرما کر اسی جگہ تشریف لے آویں۔ اور اس خط پر علاوہ اہل کوفہ کے بڑے بڑے امیروں کی اور

Marfat.com

عام لوگوں نے اپنی اپنی مہریں اور دستخطیں کر دی تھیں۔ اور زبانی بھی قاصد کو تاکید کی تھی کہ ہماری طرف سے امام [illegible] ہی عاجزی سے عرض کر دینی۔ جیسا کہ اس نظم میں ظاہر ہے ؎

جب جاہ قاصد شاہ حسین نوں ساڈی کہیں زبانی
سکدیاں ساڈوں مدت گذری جلد کرو مہربانی
یا حضرت تشریف لیاؤ ساڈوں شوق زیادہ
دیکھو گے نہیں آکر ایسے حضرت شوق اساڈا
آطبیبا مرض جدائی دا الی کر کوئی کاری!
سکدیاں جان لباں تے آئی مہر کرو اک واری
نامہ لے کر قاصد جلدی کٹے دے دل بھایا
کوسنے والیاں لوکاں تائیں ڈاڈھا شوق سوایا
عورت مرد تمام اڈیکاں شاہ حسینؑ دیاں کردے
فجروں شام تائیں اوہ تکن شاہ علیؑ دے بردے
خبر لیاون والے قاصد راہاں وچ بہائے
لیکر کن آواز پوے اوہ حضرت صاحب آئے
فجرے اٹھ اٹھ ویکھن راہاں دوڑن لڑکے بالے
کوٹھیاں تے چڑھ ہوتاں تکن رستے کے والے

فصل ششم

امام مسلم کے کوفہ میں پہنچنے کی خبر سن کر یزید کو زرد ہونا

مسلم بن یزید حضرمی اور عمارۃ بن ولید جو یزید کی طرف سے اڈیٹر اخبار کوفہ میں مقرر تھے انہوں نے یزید کو خط لکھا۔

فَكَتَبَ مُسْلِمُ بْنُ يَزِيْدَ الْحَضْرَمِيُّ وَعُمَارَةُ بْنُ الْوَلِيْدِ ابْنِ الْعُقْبَةِ اِلٰى يَزِيْدَ يُخْبِرَانِهٖ عَنْ مُسْلِمٍ وَمِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ اِلَيْهِ وَتَعَانِي النُّعْمَانِ ابْنِ بَشِيْرٍ عَنْهُ

ترجمہ:۔ پس لکھا مسلم بن یزید اور عمارہ بن ولید نے طرف یزید بادشاہ دمشق کے تمام حال امام مسلم بن عقیل اور تمام اہل کوفہ کا یعنی تمام کوفہ والوں نے تیری بیعت توڑ کر امام حسین کی بیعت امام مسلم کے ہاتھ پر اختیار کر لی ہے۔ اور نعمان بن بشیر جو حاکم ہے کوفہ کا وہ سستی کرتا ہے۔ جب یہ خط یزید کے پاس پہنچا تو اس سے پہلے چالیس ہزار آدمی کا مجمع امام مسلم کے ساتھ ہو گیا ہے۔ گویا تمام کوفہ والوں نے امام مسلم کے ساتھ بیعت کر لی ہے۔ اور نعمان بن بشیر بھی ان کے ساتھ ہی درپردہ معلوم ہوتا ہے۔ اور ہم اطلاعاً آپ کو عرض کرتے ہیں کہ امام حسین کہ مکہ سے عنقریب کوفہ آنے والا ہے۔ اگر امام حسین کوفہ میں آگئے تو سخت مشکل کا سامنا ہوگا۔ اور آپ کی بادشاہت خراب ہو جائے گی تو اس وقت یزید نے تمام وزراء کو بلا کر مشورہ لیا کہ اب کیا کرنا چاہیے۔ تمام وزراء نے یک زبان ہو کر کہا کہ حاکم کوفہ نعمان بن بشیر کو معطل کیا جائے اور اس کی جگہ ابن زیاد کو حاکم کیا جائے۔

فصل ہفتم

نعمان ابن بشیر کا معزول ہونا اور عبید اللہ بن زیاد کا حاکم کوفہ ہونا

فَعَزَلَ يَزِيْدُ النُّعْمَانَ وَوَلّٰى مَكَانَهٗ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ زِيَادٍ وَكَانَ وَالِيًا عَلَى الْبَصْرَةِ

Marfat.com

رجمہ - پس ایزیدنے معزول کیا نعمان بن بشیر کو جو اصحاب رسول خدا تھے ۔ اس واسطے کہ وہ امام مسلمؑ پر سختی نہیں کرتا تھا ن کی جگہ عبید اللہ بن زیاد کو جو پہلے حاکم تھا بصرہ کا حاکم مقرر کر دیا - الغرض یزید نے ابن زیاد کو خط لکھا کہ تم اپنی جگہ بصرہ شخص کو حاکم کر کے جلدی سے کوفہ میں جا کر نعمان بن بشیر کو معزول کر دے ۔ اور جن لوگوں نے امام مسلمؑ کے ہاتھ پر بیعت ے اُن کو کہہ دو کہ اُن کی بیعت توڑ کر میری بیعت قبول کریں ۔ اور اگر یہ بات وہ قبول نہ کریں تو یہ امام مسلمؑ نسب کو ڈالو - اور ہرگز ہرگز اس کام میں دریغ نہ کریں ۔ ابن زیاد چونکہ بڑا بے رحم اور سخت دل آدمی تھا اس واسطے یزید بن زیاد کو کہا کہ میری طرف سے امام حسینؑ کو بھی کہہ دینا کہ یزید کی بیعت قبول کر اگر وہ بھی میری بیعت قبول نہ کرے ن کو بھی قتل کرد - اور فوجیں جتنی تم چاہو میں بھیج دوں گا ۔ ابن زیاد نے بڑا بھاری غضب کا لشکر کیا فَخَرَجَ عُبَيْدُ اللهِ یادٍ مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَى الْكُوْفَةِ - پس یزید کا پروانہ پڑھ کر ابن زیاد بصرہ سے کوفہ کی طرف روانہ ہوا اور ایک ے بھارے لشکر کو ہمراہ لایا - اور جب مقام قادسیہ پر پہنچا جو قریب کوفہ ہے تو اپنے لشکر کو اسی جگہ چھوڑا اور لباس دور کر کے لباس عربی پہن کر ڈاچی پر اسوار ہو کر مثل عربیوں کے بن کر رات کے وقت کوفہ میں داخل ہوا ۔ تاکہ لوگ کریں کہ امام حسینؑ آئے ہیں - اور مجھے ابن زیاد معلوم کریں - الغرض جسوقت ابن زیاد کوفہ میں داخل ہوا تو لوگوں نے امام ن سمجھ کر اس کے ارد گرد مرحبا مرحبا یا فرزند رسول خدا کے نعرے بلند کئے - اور مثل نقیبوں کی اس کے آگے پیچھے چلتے تھے س کی قدم بوسی کرتے تھے - اور اندھیری رات کے سبب کسی کو معلوم نہ ہوا کہ یہ ابن زیاد ہے پس وہ چپ رہا یہاں تک اخل ہوا خاص کچہری کی جگہ میں اور لوگوں کو حکم دیا کہ تمام اپنے اپنے گھروں میں چلے جاؤ - اور آپ حاکم نشین مکان میں یا - اور آرام کیا ؎

بصرے اندر اپنی جاگہ چھوڑیا اپنا بھائی ۔۔۔ منزل منزل کوفے اندر آیا واہو واہی
جاں قادسیہ وچہ پہنچیا اوتھے بیٹھ کرے تجویزاں ۔۔۔ کیونکر وڑساں کوفے اندر کردا ایہ تمیزاں
کرے قیاس جو نال میرے ایہ فوج تمامی ہوسی ۔۔۔ کوئی مینوں وڑن نہ دیسن فتنہ اٹھ کھلوسی
اوسے جاگہ قادسیہ وچہ فوج تمامی چھوڑے ۔۔۔ کل سپاہی تے ہمراہی اُٹھ تے ہاتھی گھوڑے
جو لباس عراقیاں والے بدنوں کل اتارے ۔۔۔ عربیاں وانگوں اوہ سب اپنی کل پوشاک سوارے
کرکے اُٹھ اسواری چلیا سر تے بنھ عمامہ ۔۔۔ سگواں عربی آیا جاپے جیویں کر شکل اماماں
اگے لوکی تکدے ہیسن راہ حسینؑ دلی دا ۔۔۔ اچن چیتی لوکاں جاتا آیا پُت علیؑ دا
ملدے آکر شہروں باہر کہن سلام تمامی ۔۔۔ اگوں چپ نہ بولیا ہرگز ابن زیاد حرامی

فصل ہفتم

امام مسلمؑ کی شہادت اور شیعوں کا بھاگ جانا

جب صبح ہوئی تو ابن زیاد نے لوگوں کو بلا کر وہ سند حکومت کوفہ کی پڑھ کر سنائی اور یزید کی مخالفت کرنے سے منع کیا - اور حکم دیا کہ جو کوئی امام مسلمؑ بن عقیل کی امداد کرے گا میں اس کو بڑا سخت ماروں گا اور سخت سزا دوں گا ۔ امام مسلمؑ کی جماعت کو تکڑے تکڑے پھاڑ دیا - اور امام مسلمؑ بن عقیلؓ ام ہانی بن عروہ کے گھر جا چھپے ابن زیاد نے محمد بن

Marfat.com

اشعث کو فوج دے کر بھیجا کہ ہانی کو پکڑ لا دیں ۔ اور تمام اہل کوفہ کے بہادروں [illegible]
باقی اہل کوفہ نے قریب چالیس ہزار آدمی کے جمع ہو کر بلوہ کیا اور مکان حاکم نشین کو گھیر لیا [illegible]
کو مثلاً بشیر بن شہاب اور محمد بن اشعث اور ابن ربعی اور شمر ذی الجوشن وغیرہ کو [illegible] ڈال کر [illegible]
طرح تمام اہل کوفہ کو امام مسلم کی رفاقت سے متفرق کر دیا ۔ حتیٰ کہ شام تک چالیس ہزار آدمیوں سے [illegible]
کر چکے تھے صرف پانچسو آدمی رہ گئے ۔ لکھتے ہیں کہ جب امام مسلمؓ نے مسجد کوفہ میں مغرب کی نماز کی امامت کرائی [illegible]
مقتدی تھا اور جب سلام پھیرا تو ایک بھی نظر نہ آیا ۔ موقعہ پا کر سب نکل گئے ۔ اور امام مسلم اکیلے نماز پڑھتے [illegible]
نے لکھا ہے کہ جب امام مسلمؓ ابن زیاد کے مکان کے قریب آئے تو دیکھا کہ سب شیعان علی یعنی جن کا دعوے تھا [illegible]
شیعہ ہیں بھاگتے چلے جا رہے ہیں ۔ امام مسلم نے کہا کہ اے محبان اہل بیت اب کہاں جاتے ہو تو کسی نے جواب [illegible]
امام مسلم نے فرمایا اے شیعان کوفہ تم نے ہم کو خط لکھے اور قاصد بھیجے اور کمال اصرار کے ساتھ بلایا ۔ اور اقرار [illegible]
کئے ۔ اور اب کیا کرتے ہو ۔ دشمنوں کے ہاتھ میں مجھے اکیلے کو چھوڑ کر آپ بھاگے جاتے ہو ۔

نظم

حضرت مسلم اک عورت تھیں منگیا آکر پانی — پانی آن پلایا بڈھی جا جستے دو رکھانی
پانی پی کر بیٹھا مسلم دوچہ کرے دلیلاں — بڈھی پچھدی کون کوئی توں صاحب حسن جمیلاں
جاپیں توں کوئی صاحبزادہ کی دلگیری تینوں! — کیوں توں فکراں دے وچ بیٹھوں دس حقیقت مینوں
مسلم آکھیا میں پردیسی کے شہر وسیندا — شاہ حسینؓ دا بھائی ہاں میں مسلمؓ عاجز بندہ
کوفی شیعیاں سد بلایا نام ہے مسلمؓ میرا — میں اپنے غم درداں دے وچ ہاں دل دلگیر ودھیرا
بڈھی آکھیا اوہ مسلم جس تاجدار ہزاراں! — بھائی شاہ حسینؓ ولی دا سید شاہ ایماناں
میں صدقے اج گلیاں دے وچ کیوں توں پھریں ڈولاندا — کھتے بھج گئے اوہ شیعہ تیرے جنہاں تینوں آندا
مسلم آکھیا ابن زیادوں ڈر کر نٹھے سارے — توڑ گئے اوہ بیعت میری قول اقرار وسارے
طوعہ نام بڈھی دا آہا کردی خاطر داری — گھر اپنے بٹھلایا اوہ سی سنت اہل پیاری
دیوا بال دتا وچ گھروں اندر شاہ اکلا — کر کے وضو نماز گذارے گھر وچ گھت مصلا
غم فرزنداں لاڈلیاں دا گھیرا آن بلا دے — اوہ روہ سجوں نا پروسے فرزنداں دے ہاڑے
قاضی ابن شریح دے گھر وچ آہے بال ایانے — خبر نہیں کی حال اونہاں دا اللہ مالک جانے
آیا سی اس بڈھی دا پت ڈاہڈا تھکا ماندا! — مائی اگے کھانا دھریا تاں تسلی کھاندا!
دیکھیا اپنی مائی تائیں ہے نالے رو دھے — اندر جاوے باہر آوے بیٹھے اٹھ کھلوے
بیٹا پچھے مائی کولوں کی اج ہویا تینوں ! — اپنے رودن بیتن والی دس حقیقت مینوں
اس سنی عورت آکھیا اپنے بیٹے شیعہ تائیں — مسلم شاہ اساڈے گھر وچ بیٹھا اللہ سائیں
خوش ہوواں ایہ وڈی رحمت دولت حاصل ہوئی — آل رسول جو [illegible]
دو نواں کر کر یا د انہاں دی حالت دربان والی — کوفیاں [illegible]
بیٹا اس دا نوکر آہا جو کو تواں سنسی گرو تی! — بولا قاضی [illegible] ظالم [illegible]
جدا اوہ وچ کچہری آیا ایہ گل ہوندی آہی — مسلم شاہ [illegible]

Marfat.com

کرن منادی مسلم شاہ نوں جو کوئی ایتھے لیا دے — پنج سو لفد روپیہ نالے جوڑا گھوڑا پاوے
کہنے لگی او اوہ شیعہ دو وچہ کو توالی دل جاندا — حال حقیقت مسلم والی اسنوں آکھ سناندا
مسلم گھر ساڈے وچہ بیٹھا کتے نہ ڈھونڈن جاڈ — لشکر بہت اکٹھا کر کے میرے نال لیا ڈ!
ابن زیاد نے کارن کہندا نزت محمد دا ای — میرے نوکر دے گھر چھپا پکڑو دیر نہ کائی
تاں اوسے وقت یزیدی لشکر مسلم اوپر جائے — گھوڑیاں دے ہنکارے سنے کھڑکار سماں دے آئے
ملوعہ بستی دا گھر آکر گھیر یا اوہناں شیطاناں — مسلم اندر کیوں لک بیٹھوں باھر آجاناں

فخرج مسلم بسیفہ یقاتلھم ۔ ترجمہ ۔ پس باہر آیا امام مسلمؓ اور نکالی تلوار اپنی اور قتل کیا بہت خارجیوں کو اور باقی فوجی دوڑ کر کوٹھوں پر چڑھ گئے ۔

پس امام مسلم کو سخت پیاس لگی تو اس بڑھیا مائی سے پانی طلب کیا ۔ تو اس مائی نے پانی دیا امام مسلم کو جب پانی پینے لگے تو ایک موذی نے تلوار چلائی تو آپ کا ہونٹ کٹ گیا ۔ اور وہ پیالہ سب خون ہوگیا ۔ اس کو واپس کر کے کہا اے مائی یہ دنیا کا پانی اب ہمارے نصیب میں نہیں ہے ۔ ہم کو اللہ تعالیٰ جنت میں شراب اپنی رحمت سے پلائے گا ۔ اس کے ابن حریث اور ابن اشعث اور شمر ذی الجوشن نے ان کو فریب سے قید کر کے شہید کر دیا اور سر مبارک کو نیزے پر ابن زیاد کے پیش کیا ۔ یہ واقعہ تیسری ذی الحجہ کے دن گذرا ۔

کہے سنا دو شیعہ سارے عاشق آل نبیؐ دے — اج بن تابع بن گئے سارے ابن زیاد دشتی دے
اوہ دن یاد نہ رہیا تنہاں جد آندا چائیں چائیں — اج لہو دے ترہائے کوفی شیعہ سب بلائیں
کئی ہزاراں قاصد گھلے خطاں نال منگایا — اج دتا ہتھ خارجیاں دے واہ داخل کمایا
ظاہر اہل البیت محبت باطن دغے کمائے — دوست بن کر دشمن ہوئی جھوٹے لارے لائے
ایہ قدیمی شیعاں نے ہے تقیہ آڈ جنائی — حضرت علیؓ شہید کیتا سی نجف دے اندر جائی
جس شہید علی نوں کیتا دیکھیا وچہ کتاباں — اوہ تابعدار حیدر دا پکا شیعہ مڈھ سنادوں

فصل ہشتم

حضرت امام مسلمؓ کے دونوں صاحبزادوں کی شہادت

نقل کرتے ہیں کہ بعد شہادت امام مسلم کے ان کے دونوں صاحبزادوں کو ایک عورت پارسا نے اپنے گھر کے ایک کوٹھڑی میں بٹھا کر کھانا کھلایا اور چھپایا ۔ اور آپ گھر کے باہر سو رہی کچھ رات گزری اس کا خاوند آیا اس نے پوچھا کہ اتنا وقت کہاں رہے ہو تو اس نے کہا کہ میں جب صبح کچہری میں گیا تو ایک منادی نے پکارا کہ جو کوئی مسلم کے دو فرزندوں کو تلاش کر کے کچہری میں پیش کرے گا اس کو ایک گھوڑا اور عمدہ لباس اور بہت سا مال انعام ملے گا ۔ میں نے تمام دن ان کی تلاش میں گھوڑا دوڑایا اور جب گھوڑا تھک گیا تو پیدل ہو کر صاحبزادوں کو تلاش کیا مگر منزل مقصود کو نہیں پہنچا ۔ اس عورت نے کہا اے مرد خدا اللہ تعالیٰ سے ڈر اور حضرت محمد مصطفےٰ کی اولاد اس کی آل پر ظلم نہ کر ۔ اس مرد نے کہا اے عورت چپ رہ ابن زیاد نے بہت سا انعام رکھا ہے جو کوئی ان کو پکڑ

Marfat.com

کرائے گا، وہ انعام پائے گا۔ پھر اس عورت نے کہا اے مرد یہ کوئی مردانگی نہیں ہے کہ تم [illegible]
میں دینا۔ اور مال دنیا کے واسطے اپنا روسیاہ کرنا۔ اس کے خاوند نے کہا اے عورت چپ رہو اور جلدی
کھانا لاؤ کہ ہم کھا کر اپنے کام مشغول ہوں۔ عورت بے چاری نے جو کھانا تھا حاضر کر دیا اور آپ اسی غم میں بیٹھی رہی
کچھ رات گذری تو بڑا صاجزادہ جس کا نام محمدؐ تھا جاگا۔ اور اپنے چھوٹے بھائی ابراہیمؑ کو بلایا کہ اے بھائی اٹھ کر [illegible]
کرلیں کہ ہم نے بھی شہید ہی ہونا ہے۔ میں نے اسوقت اپنے والد بزرگوار حضرت مسلمؑ کو دیکھا ہے کہ وہ حضرت محمد [illegible]
اللہ اور حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؓ اور حضرت امام حسنؑ مجتبیٰ کے پاس جا کر بیٹھ گیا۔ اور وہ تمام صاحب جنت کے [illegible]
کی سیر کر رہے ہیں۔ تو اچانک حضرت محمد مصطفےٰ کی نظر مبارک ہمارے والد امام مسلمؑ پر پڑی تو فرمایا اے مسلمؑ تیرے [illegible]
آئی کہ تو اپنے مظلوم معصوم بچے ظالموں کے ہاتھ میں چھوڑ آیا ہے۔ تو والد بزرگوار نے عرض کی کہ یا حضرت وہ بھی میرے
پیچھے پیچھے آرہے ہیں۔ اس واسطے معلوم ہوتا ہے کہ ہم کو بھی یہ شہید کر دیں گے تو چھوٹے بھائی نے کہا کہ میں نے
بھی خواب دیکھا ہے ؎

دوہاں بھائیاں ہکدوجے دے گل وچہ باہیں پایاں
رخساریاں اوپر رکھ رخسارے رودن گھت دھایاں

مسلمؑ باپ اساڈا ساتوں کلیاں چھوڑ سدھایا
دچہ پردیس نہ دردی کوئی باجھ اللہ دے آیا

جداوہ دونویں رودن لگے دو یتیم نمانے
تاں اس حارث شوم نہاندا سنیا اوٹ ٹکانے

پچھدا اپنی عورت کولوں ہن کی شور کو کارا
گھر ساڈے دے اندر ہوندے دس مینوں ایکا را

عورت عاجز چپ زبانی کرے کلام نہ کائی
تاں حارث جلدی دیوا بالیا اندر وڑیا دائی

اندر وڑکے ویکھیا تاں دو طفل ایانے پائے
پچھدا کون تسیں انہاں آکھیا تاں اسیں مسلمؑ جائے

اس بدبخت کمینے دوہاں صاجزادیاں پھڑیا
میرے گھر تسکارتے میں کیوں باہر بھان چڑھیا

مشکاں بنھ میتاں تائیں قتل ارادہ کیتا
عورت اندی ترلے کردی ایہ کم نہ کر میتا

اس عورت اتے غلام نے لڑکے سارا زور لگایا
مگراں اس بدبخت کمینے دل وچہ رحم نہ آیا

فائدہ:۔ جب حارث نے صاجزادوں کو پکڑ کر قتل کا ارادہ کیا تو اس کی عورت اور غلام اور اس کے لڑکے
نے روکا مگر وہ بدبخت نہ رکا۔ تو انہوں نے عاجز ہو کر یہ مشورہ دیا کہ تو ان کو زندہ پکڑ کر ابن زیاد کے سپرد کر دے
مگر اپنے ہاتھ سے قتل نہ کر۔ حارث نے کہا کہ ان کی تلاش میں بیت سے آدمی پھر رہے ہیں۔ اگر میں ان کو زندہ لے کر جاؤں
گا تو لوگ مجھ سے چھین لیں گے۔ اور میں اپنے مقصد سے خالی رہ جاؤں گا۔ الغرض ان تینوں نے از حد روکنے کی کوشش
کی یہاں تک کہ اس بدبخت نے اپنی عورت اور غلام اور لڑکے کو قتل کر ڈالا۔ اور بعد اس کے ان معصوم صاجزادوں کے
سر مبارک تن سے جدا کر لئے اور لاشیں نہر فرات میں پھینک دیں۔ اور سر مبارک ابن زیاد کے سامنے لے گیا تو ابن زیاد نے
کہا کہ تم نے ان بے گناہ معصوموں کو کیوں قتل کیا۔ میں نے یزید بادشاہ دمشق کو لکھا ہوا ہے کہ میں نے امام مسلمؑ کے دو
صاجزادوں کو قید کیا ہوا ہے۔ اگر وہ مجھ سے طلب کریگا تو میں اس کو کیا جواب دوں گا۔ غصہ میں آکر جلاد کو حکم دیا کہ اس
کو قتل کر دو۔ چنانچہ جلاد نے اسی وقت اس بدبخت حارث بن عروہ کو قتل کر دیا۔ اور اہل بیت کے ساتھ [illegible]
اپنے کئے کی سزا پا گیا۔ اور دوزخ کا ایندھن بنا۔ یعنی اپنی عورت۔ غلام، لڑکے اور صاجزادوں کو قتل کر کے [illegible]
ہوگیا اور خسر الدنیا والآخرۃ کا مصداق ہوگا۔

فائدہ:۔ یہ قصہ دو طرح بیان کرتے ہیں۔ ایک تو اوپر بیان ہو چکا ہے [illegible]

Marfat.com

جسدن حضرت مسلم کولوں شیعاں نے منہ موڑے — قاضی ابن شریح سنی دے گھر دو لڑکے چھوڑے
مسلم ہویا شہید تے نالے اسداد دست تا نی — چغلی جا کر ماری حاکم پاس کیتے شیطانی
ابن زیاد کہیا پھڑ مارد کون اوہناں دا وردی — ڈھونڈو مسلم دے پت دو نویں تلاشی لو ہر گھر دی
جس گھر ثابت ہوسی اسنوں پھڑ کر سولی دیساں — جیوں کر اگے ماریا ہانی مردہ خوار کریساں
بھن والا عزت پاسے نالے دولت دُونی — ابن شریح جد گلاں سنیاں منہ ہویا جیوں پانی
میرے گھر تھیں نکلن جیوں کر خبر ہوئی سرکارے — میوں بھی ہور صاحبزادیاں ابن زیاد دا مارے
چڑھ اسوار پیادے ڈھونڈن ہر گھر ہین تلاشی — ایہ گل سُن کر قاضی تائیں ہوئی سخت ہراسی
رات پئی تاں گھر وچہ جا کر کہندا دوہاں بھراواں — چلو صاحبزادیو میں تساں مکے دے راہ پاواں
کوئے اندر رہ کر تسیں خود اپنی جان گواسو — گھر گھر بھال تساڈی ہوندے ایویں مارے جاسو
لڑکے دو نویں رودن لگے درد دلے وچہ بھارا — قاضی صاحب دسو سانوں کتھے باپ پیارا
قاضی آکھیا وقت صبح کل ہویا شہید پیارا — بھی قتل تساڈے کارن دشمن کو فہ بھایا سارا
درد فراق غماں تھیں دو نویں رودن مارن آہیں — دوتی دشمن بھی کرئی اوہ دن شالا دیکھے ناہیں
ہک پردیسی بال ایانے تیجا غم دیاں کا تگاں — تازہ زخم لگے وچہ سینے درد لگایاں سانگاں
دوہاں یتیماں درد فراقوں دل وچہ غم سوائے — اسے باباکیوں چھڈ گیوں سانوں اندر دیس پرائے

فائدہ :۔ القصہ قاضی صاحب نے باہر لے جا کر کہا کہ یہ جو قافلہ جاتا ہے اس کے پیچھے پیچھے چلے جانا ۔ اور یہ قافلہ مکہ شریف جائے گا تم بھی ان کے ساتھ مکہ شریف پہنچ جاؤ گے ۔ اور اس وقت قافلہ کے مکہ کے راستے میں جانے کا آواز سنائی دیتا تھا ۔ مگر وہ صاحبزادے تھوڑی دور جا کر قضائے الہٰی سے اندھیری رات کے رستہ بھول کر پھر کوفہ میں آ گئے تو چونکہ سپاہی ان کی تلاش میں پھر رہے تھے اس واسطے انہوں نے پکڑ کر مشکیں باندھ لیں اور ابن زیاد کے حوالے کر دیا ۔ ابن زیاد کمبخت نے حکم دیا کہ اسے جلاد ان کو قتل کر دے ۔ تو دونوں صاحبزادوں نے نہایت ہی منت زاری کی مگر وہ موذی باز نہ آیا ۔ آخر صاحبزادوں نے کوفی شیعوں کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا اے شیعان علی اہل بیت کے مجبور تم نے ہمارے والد کو بھی شہید کرا دیا ۔ اور ہم بے گناہوں کو بھی پکڑ کر ابن زیاد کے حوالے کر دیا ۔ کیا تم کو کچھ شرم نہیں آتا ۔ تو وہ سب خاموش ہو گئے ۔ الغرض ابن زیاد نے جلاد کو حکم دیا کہ ان کو جلدی شہید کر دے ۔ چنانچہ جلاد نے ویسا ہی کیا اور دونوں صاحبزادوں اور امام مسلم اور ہانی کے سر مبارک نیزوں پر نصب کر کے دمشق میں یزید بادشاہ کے پاس بھیجدیئے ۔

فصل نہم

امام مسلم کا آخری خط لکھنا امام حسین کو، اور کن لوگوں نے امام مسلم کو شہید کیا تھا، اور کن لوگوں نے امام حسین کو کوفہ میں بلایا تھا، کیا وہ شیعہ تھے یا سُنّی تھے، اسکو بحوالہ کتاب مفصل طور پر ہم ناظرین کے پیش کرتے ہیں تاکہ انصاف معلوم ہو جائے کہ کون لوگ

Marfat.com

محب اہل بیت ہیں اور کون دشمن اہل بیت ہیں

وَفِيْ ذَالِكَ خَرَجَ الْحُسَيْنُ مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْكُوْفَةِ وَقِيْلَ كَانَ خُرُوْجُهٗ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ ۔

ترجمہ :- جس دن نکلے امام حسینؓ مکہ سے طرف کوفہ کے وہ دن ترویہ کا تھا ۔ یعنی آٹھویں ماہ ذوالحجہ کا

عاجزیاں تے منتاں کر کر شیعاں خط لکھا یا
جھب آشاہ حسینؑاں کوفے کیوں اتنا چر لا یا
اسیں شیعہ سب تابع تیرے ہرگز غم نہ کرنا
اساں جاناں رکھ تلی تے لیاں اگے تیتھوں مرنا
اسیں دشمناں تیریاں دے سنگ لڑیئے دیئے جان پیاری
جھب آ مرغاں وانگوں کوفے اندر مار اڈاری
آکر دیکھیں خارجیاں سنگ کیکر کراں لڑائی
اسیں شیعہ سب تابع تیرے خوف نہ کرنا کائی !
اسیں خارجیاں نوں مار مکائیے جڑھ تھیں پٹ گوائیے
باپ تیریا بدلہ لیئے تیرے ٹھنڈ کلیجے پائیے !
جھب آشاہ حسیناں تیریاں ساڈوں جھب اڈیکاں
اسیں شیعہ سب دشمناں تیریاں لائیے سوسو لیکاں
جھب دیئے مسلم عقیل جیوں کر کوفی کرن کمایاں
جو اج ہن محب تے شیعہ کر کر کے وڈیائیاں
شاہ حسینؓ دی مدد کرن جد کوفے اندر آیا
یا دشمناں دے وس پا دن جیوں کر مسلم قتل کرایا
ہن دیکھیا جاسی تابعداری کس دی کرسن بھائی
شاہ حسینؓ یا ابن زیاد دے ہملت نیڑے آئی !
جد کوفیاں دے خط بجد آئے شاہ حسینؓ نوں بھائی
تاں مکہ چھوڑ روانہ ہویا اوہ مقبول الٰہی !!!

فائدہ :- شیعہ لوگ عام جاہل سنیوں مسلمانوں کو دھوکہ دیتے ہیں ۔ اور کہتے ہیں کہ جو کچھ اماموں کے ساتھ دشمنی کی کارروائیاں کی گئی ہیں وہ سب سنت اہل جماعت نے ہی کی ہیں ۔ اب ہم بتوفیق الٰہی شیعوں کی کتابوں سے ثابت کر کے دکھاتے ہیں کہ جنہوں نے امام مسلم کو شہید کیا ۔ اور امام حسین کو مکہ مکرمہ سے خط بھیجکر منگوایا وہ کون تھے سنت اہل جماعت تھے یا شیعہ صاحبان تھے ۔

مسئلہ دمع الھتون ترجمہ جلاء العیون باب پنجم نقل تیراں جو کہ شیعہ کی معتبر کتاب ہے اس میں مرقوم ہے کہ جب امام حسنؓ کا وصال ہوا تو عراق کے شیعہ حرکت میں آئے اور خط امام حسین علیہ السلام کو لکھا کہ ہم امیر معاویہؓ کو خلافت سے معزول کر کے آپ کے ساتھ بیعت کرتے ہیں آپ کی اس میں کیا رائے ہے ۔ امام حسین علیہ السلام نے ان شیعوں کو جواب دیا کہ صبر کرو جب موقعہ آئے گا تو دیکھا جائے گا ۔ اور امام حسینؓ نے ان شیعوں کی کوئی مصلحت نہ دیکھی ۔

مسئلہ :- جب امیر معاویہ کا انتقال ہوا تو تمام شیعان کوفہ نے سُنا کہ امام حسین علیہ السلام مکہ معظمہ میں آگئے ہیں ۔ چنانچہ سلیمان بن صرد خزاعی کے مکان پر جلسہ ہوا سلیمان خزاعی نے سب سے مخاطب ہو کر کہا کہ امیر معاویہؓ کا انتقال ہو گیا ہے ۔ اور امام حسین علیہ السلام یزید کی بیعت سے انکار کر کے مکہ معظمہ میں چلے گئے ہیں تم سب لوگ ان کے اور ان کے بزرگوں کے شیعہ ہو ۔ اب ان کی امداد کرو ۔ اور عریضہ لکھ کر بلاؤ ۔ تمام شیعوں نے یک زبان ہو کر کہا کہ جب وہ صاحب یعنی امام حسینؓ یہاں ہمارے شہر میں تشریف لائیں گے اور ہم قدم سے متوسل کریں گے تو ہم سب بقدم اخلاص ان کی خدمت میں حاضر ہو جائیں گے ۔ (نقل از دمع الھیون باب پنجم صفحہ بائیں)

فائدہ :- محبان اہل بیت نے ڈیڑھ سو خط چار سے امام حسینؓ کی خدمت اقدس میں اپنی عقیدت اور اخلاص کے لکھ کر دشمنوں نے عام کو بلایا جا رہا ہے ۔

Marfat.com

مسئلہ :- اہل کوفہ یعنی رئیسان کوفہ نے قیس بن مہر اور عبداللہ بن شداد کو اور عمارہ بن عبداللہ ڈیڑھ سو خطوط دے کر امام حسین کی خدمت اقدس میں روانہ کیا۔ اور پھر بعد دو روز کے ایک اور خط لکھا اور بدست ہانی بن ہانی سبعی عبداللہ عبدالرحمان کو دے کر بخدمت امام حسین بن علی بن ابی طالب کے جاوے۔

اما بعد۔ آپ حضور بہت جلد اپنے خیر خواہوں کے پاس تشریف لائیں۔ تمام آدمی آپ کی امامت کے منتظر ہیں اور سوا آپ کے غیر کی طرف رغبت نہیں رکھتے۔ یعنی آپ کے سوا کسی غیر کو اپنا خلیفہ بنانا نہیں چاہتے۔ اور آپ جہاں تک ہو سکے بہت جلدی یہاں تشریف لاویں (نقل از ورح الہتون باب پنجم فصل تیراں)

فائدہ :- یہ آپ کے شیعہ امام حسینؓ کو سبز باغ دکھا رہے ہیں۔ ابھی ایک زمانہ آئے گا کہ امام صاحب پر خود تلواریں چلائیں گے۔

مسئلہ :- امام حسین علیہ السلام کو خطوط پر خطوط کوفی شیعوں کی طرف سے آ رہے ہیں۔ مگر امام حسینؓ نے کوئی جواب نہیں لکھا تھا۔ یہاں تک کہ بارہ ہزار خط آ چکا تھا۔ تو آخری خط کا جواب آپ نے لکھا (روح الہتون باب پنجم صفحہ ۱۴۱)

مسئلہ :- امام مسلم کو امام حسینؓ نے کوفیوں کی بیعت کرنے کے لئے ہمراہ قیس بن مہر عمارہ بن عبداللہ سلون بن عبدالرحمان ازدی کے روانہ کیا۔ اور فرمایا کہ اگر کوفی میری بیعت کرنے پر اتفاق کریں تو مجھ کو بہت جلدی حقیقت حال ان کے سے اطلاع کریں۔ جب امام مسلم اُن کے ہمراہ کوفہ میں پہنچے تو پچیس ہزار آدمی اہل کوفہ امام صاحب کی بیعت میں مشرف ہوئے۔ اور جب ابن زیاد کوفہ میں آیا تو بھی امام مسلم ام ہانی کے گھر پوشیدہ طور پر بیعت لیتے رہے (روح الہتون باب پنجم صفحہ تیراں)

مسئلہ :- امام مسلم نے ستائیس روز اپنی شہادت سے پیشتر ایک خط امام حسین علیہ السلام کو لکھا۔ اس میں اظہار عقیدت اور اتقیاء اہل کوفہ کا تھا۔ اور ایک جماعت اہل کوفہ نے بھی خطوط حضرت کو لکھے کہ یہاں ایک لاکھ تلوار آپ کی امداد کے واسطے تیار ہے (نقل از روح الہتون باب پنجم)

مسئلہ :- جب ابن زیاد کوفہ میں آیا تو تمام شیعہ جماعت امام مسلم سے جدا ہو گئی۔ اور ابن زیاد کے گرد مثل مکھیوں کے ہوئے۔ اور اسی روز وہ مسجد میں آیا اور منبر پر کھڑے ہو کر منادی کرنے لگا۔ کہ جو لوگ بزرگ رئیس اس وقت مسجد میں نہ آئے گا میں اس کا خون بہا دوں گا۔ اور اس کو سخت ذلیل و خوار کروں گا۔ پس تھوڑی دیر میں مسجد پُر ہو گئی۔ اور سب آدمی حاضر ہو گئے (روح الہتون صفحہ ۴۴)

مسئلہ :- ابن زیاد نے منبر پر کھڑے ہو کر کہا کہ جو شخص امام مسلمؓ کو پکڑ کر لائے گا۔ میں اس کو دو سو درہم انعام دوں گا۔ تو ستر آدمی شیعہ اس انعام کے طمع سے امام مسلم کے پکڑنے کو تیار ہوئے۔ جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے۔ جب امام مسلم کو پکڑ کرنے آئے۔ تو آپ بہت غمناک ہوئے اور رونے لگے تو عبد بن عباس بن مرداس نے کہا جو ایک پکا شیعہ تھا۔ اے مسلم کیوں روتے ہو۔ مقصد حاصل کرنے کے لئے یہ تکلیف زیادہ نہیں (روح الہتون باب پنجم صفحہ تیراں سے لے کر چار سو اکتالیس تک۔

مسئلہ :- پچیس ہزار شیعہ سے امام مسلم پانی مانگتے ہیں۔ مگر وہ منہ چڑاتے ہیں۔ اور امام مسلم کی وصیت بھی نہیں سنتے۔ اور اتنے شیعوں کے ہوتے ہوئے اُن کا جرنیل ان کے سامنے قتل کیا جاتا ہے۔ مگر شیعہ کے خون میں ذرا بھی جوش نہیں آتا۔ جب امام مسلم ابن زیاد کے دروازے پر آئے تو پیاس نے بہت ہی عاجز کیا۔ اس وقت اکثر شیعیان کوفہ منتظر حکم ابن زیاد بیٹھے تھے۔ یعنی امام مسلم کو قتل کرنے کے لئے جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے۔ حضرت امام مسلم نے فرما

Marfat.com

اے فاسقو ایک گھونٹ پانی کا تو مجھ کو پلاؤ۔ تو ابن عمرو بدبخت شیعہ نے کہا کہ تجھے ایک گھونٹ پانی کا نہ ملے گا۔ غرض جب ابن زیاد نے امام مسلمؓ کو قتل کا حکم دیا۔ تو امام مسلمؓ نے فرمایا کہ مجھے تھوڑی دیر اجازت دو تاکہ میں اپنا وصی کسی کو بناؤں کہ میری وصیت کو پورا کرے۔ ابن زیاد نے کہا کہ جا ہو کر دو۔ حضرت مسلم نے عمر بن سعد کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ بطفیل اس قرابت کے جو تیرے اور میرے درمیان ہے میری وصیت کو قبول کر۔ اس ملعون نے ابن زیاد کے خوف سے امام صاحب کا کلام ہی نہ سنا۔ ابن زیاد نے کہا اے عمر بن سعد امام مسلم کے ساتھ جب تم قرابت رکھتے ہو تو اس کی وصیت کو کیوں نہیں سنتے۔ یعنی قبول کیوں نہیں کرتے۔ جب ابن زیاد نے اجازت دی تو امام مسلم نے اس کا ہاتھ پکڑ کر ایک کوٹھڑی میں لے جا کر یہ وصیت فرمائی۔ کہ اول میری زرہ فروخت کر کے میرا قرضہ ادا کرنا۔ اور دوسرا مجھ کو دفن کرنا۔ تیسرا امام حسینؓ کو اس واقعہ سے خبر کر دینا، کہ کوفی شیعہ نے میرے ساتھ یہ بیوفائی کی ہے۔ آپ یہاں تشریف نہ لائیں (روح البیان باب پنجم فصل چودھویں سے لے کر صفحہ چار سو چودہ ۴۱۴ تک) مگر اس عمر بن سعد شقی نے حضرت امام حسین علیہ السلام کو کوئی خبر نہ کی۔ اس کے بعد ابن زیاد نے حکم دیا کہ اس کو ایک محل پر لے جا کر قتل کرو۔ اور اس کے دھڑ کو چھت سے زمین پر پھینک دو۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ اور روبرو پچیس ہزار شیعوں کے یہ واقع ہوا۔ اور کسی نے امام مسلمؓ کی شہادت دیکھ کر ٹھنڈا سانس بھی نہ لیا۔ یعنی امداد تو درکنار رہی۔

فصل دہم

امام حسینؓ کا مکہ مکرمہ سے کوفہ کو نکلنا اور تمام اصحابؓ کا روکنا

وَلَمَّا تَجَهَّزَ بِالْخُرُوْجِ مَنَعَهٗ عَنْ ذٰلِكَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صِدِّيْقٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَجَابِرٌ وَاَبُوْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ وَاَبُوْ وَاقِدِ اللَّيْثِيِّ فَلَمْ يَمْتَنِعْ بِمَنْعِهِمْ قَالَ اِنِّيْ سَمِعْتُ اَبِيْ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ كَبْشًا يُسْتَحَلُّ بِهٖ فَلَا اَكُوْنُ اَنَا ذٰلِكَ الْكَبْشُ۔

ترجمہ:۔ اور جب ارادہ کیا امام حسینؓ نے کوفہ میں جانے کا تو تمام اصحاب اکرام نے منع کیا۔ یعنی ابن عباسؓ عبدالرحمٰن بن صدیق و عبداللہ بن عمرؓ و ابوسعید خدری و ابو واقدیؓ لیث اور جابرؓ نے پس نہ رکے امام حسینؓ ان کے روکنے سے اور فرمایا کہ میں نے سنا ہے اپنے باپ علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا انہوں نے کہ میں نے سنا رسول خدا سے کہ تحقیق ایک دنبہ ذبح کیا جائے گا بیت اللہ شریف میں۔ یعنی ایک ناحق خون کیا جائے گا، پس ڈرتا ہوں میں کہ شاید وہ دنبہ میں ہی نہ ہوں۔ غرض کہ امام صاحب نے کسی کی بات نہ مانی۔ آخر تیسری ماہ ذوالحجہ ۶۰ھ ہجری بروز منگلوار جس روز امام مسلم کوفہ میں شہید ہوئے امام حسینؓ ساتھ بیاسی آدمیوں کے یعنی بمعہ اہل وعیال و عزیزوں و رفیقوں کے جس میں ستر آدمی اسوار اور باقی پیادے تھے۔ یکبارگی مکہ مکرمہ سے دل اٹھا اور کوفہ کی طرف کوچ فرمایا اور کسی کے روکنے سے نہ رکے ؎

ابن عباس کہیا توں ایہ گل رکھیں یاد پیارے — کوفیاں کوے وفا نہ کیتا دیون جھوٹے لارے
کوفے جاون اندر تینوں ہرگز نہ بھلیائیاں — تیرے باپ تے بھائی اوسے تے سے تکلیفاں پائیاں
تینوں بھی اوہ وقت نزع تک کوفیوں گے روکیندے — کوفی بے اعتباری سارے لا فاں کوڑ مریندے
پر شبیرؓ نہ لیا دو حضرت سچے تسیں ہنیں رہنان — اس گل اندر بھلا نہ تینے یاد رکھیں ایہ کہنا

خوف کراں مت شاید تینوں کوئی دشمن مارن | والگوں شاہ عثمان ولید ے مارن تیرے کارن
رب نہ کرے قتل ماریا جاویں ہوسی بڑی خواری | بال ایانے حرم نمانے پاون ذلت خواری
امام حسینؓ کہیا اوہ ہوناجو ہے رب نے کرنا | طول طویل نہ گل کرو مرنے تھیں کی ڈرنا
عمر دا بیٹا جد پردیسوں آیا وچہ مدینے | لوکاں آکھیا مکے نوں کوفے چلے شاہ نگینے
ابن عباس سینے آیا راتوں راتی چلبیا | دوراتیں وچہ طے کر پینڈا سنگ ولیڈے لیا
یا حضرت اسیں موڑن آئے رو رو دہن ڈوہائیاں | کوفے جاون اندر ساڈوں دستن نہ بھائیاں
بہتر ہے جو مکے اندر شبیر و کتے نہ جاؤ | شاہ کہیا ہن جان دیہو نہ موڑو مول بھراؤ
ابن عمر کہیا تیں کیوں ہے چلے شاہزادے حسن رنگیلے | کیہڑے عقلوں وچ پردیساں چلیوں شاہ چلیلے
اج اساں نوں دسے تیرا دشمن ہویا زمانہ | نہ ہرگز نال ے جاؤ حضرت متبر سنے زنانہ

فائدہ:- چونکہ ابن عباس اور دیگر اصحاب الکرام اہل مکہ کو بالیقین معلوم نہ تھا کہ آپ اسی سفر میں شہادت پائیں ۔ ورنہ ہمراہ ہوتے۔ کیونکہ ایسے ایسے جلیل القدر اصحاب جو آپ پر اپنی جان قربان کرنے والے تھے کب رہ سکتے ۔ غرض جب امام صاحب کی اسواری مکہ معظمہ سے چلی تو مکہ معظمہ میں ماتم برپا ہوگیا۔ ہر ایک کی آنکھوں سے آنسو جاری ۔ کیونکہ کوئی بھی آپ کی جدائی گوارہ نہیں کرسکتا تھا۔

کس قدر اژدہام تھا اس وقت | مجمع خاص و عام تھا اسوقت
رخصت رونق دیار ہے آج | فرقت جان شہریار ہے آج
ملنے آتے تھے اقربا سارے | جمع تھے یار و آشنا پیارے
قہر ہوتا ہے قہر ہوتا ہے | ویران آج مکہ شہر ہوتا ہے

غرض کہ امام حسینؓ سب سے رخصت ہوکر مکہ معظمہ سے کوفہ کی طرف روانہ ہوگئے۔ اور چلتے چلتے جب منزل یہ میں پہنچے تو بکر اسدی کوفہ سے آتا تھا۔ اس نے کوفہ میں ابن زیاد کا آنا اور کوفی شیعوں کا بے وفا ہوجانا اور امام لم کی بیعت توڑ کر ابن زیاد سے مل جانا اور امام مسلم اور اس کے صاحبزادوں کا اور ہانی سنی کا شہید ہوجانا مفصل طور بیان کیا۔ امام حسین یہ خبر سن کر خاموش رہے اور کسی کو خبر نہ کی۔ امام مسلم کی ایک شاہزادی بھی ساتھ تھی جب وہ آپ پاس آئی تو آپ اس لڑکی کے منہ کی طرف دیکھنے لگے۔ اور اس کے سر پر ہاتھ پھیرا۔ وہ لڑکی عقل سے معلوم کرگئی اور ض کی کہ یا حضرت آج آپ نے خلاف عادت میرے سر پہ دست مبارک پھیرا ہے کیا وجہ ہے۔ آپ کو خدا کی قسم فرمانا کیا میرے اباجان تو شہید نہیں ہوگئے۔ آپ اس بات کو ضبط نہ کرسکے بے اختیار آپ کی چشم مبارک سے آنسو جاری گئے اور فرمایا اے بیٹی چپ رہو اور مت روہم تمہارے باپ ہی ہیں۔ اور زینب تمہاری ماں ہے وہ لڑکی بے اختیار ونے لگی۔ بعد اس کے حضرت امام حسینؓ کو سب لوگ قسمیں دے کر کہنے لگے کہ آپ اپنے اور اپنے اہل و اطفال پر رحم فرماکر پس مکہ شریف میں تشریف فرمائیں۔ اور کوفہ جانے کا ارادہ ملتوی کریں۔ جب لوگوں نے بہت ہی منت دعا جزی سے امام نؓ کو کوفہ جانے سے مجبور کیا تو آپ نے ارادہ مکہ معظمہ واپس جانے کا کرلیا۔ جب یہ خبر امام مسلم کی شہادت کی امام مسلم ے بھائیوں نے سنی تو انہوں نے کہا اب ہم زندہ رہ کر کیا کریں گے۔ قسم ہے خدا کی جب تک ہم کوفیوں سے امام مسلم کا بدلہ لیں گے یا آپ شہادت نہ پائیں گے ہرگز ہرگز واپس نہ جائیں گے۔ ع

زندگی بہر دین یار است | یار چوں نیست زندگی عار است

Marfat.com

زندگی واسطے دیکھنے یار جانی   دوست باجھ اوہ زندگی عبارجا

فصل یازدہم

امام حسینؑ کا قاصد شہید ہونا اور ابن زیاد نے جاسوس بھیجنا اور حُرؓ کا امام سے مل

جس دن مکیوں چلیا قاصد دے کر خط چلایا   مسلم دے ول بھیجیا اسنوں راوی ذکر کیا

جہاں پہنچنا قادسیہ وچہ قاصد لشکر اسنوں پھڑیا   کوفے اندر ابن زیاد دے پاس سی اسنوں کھڑ

قاصد کولوں لے کر اوہ خط ابن زیاد دے پڑھیا   کوفے آون والا ہن اساں پک ارادہ کر

مسلم تائیں لکھیا ہویا بہت سلام ولی دا   تیرے لکھے بموجب مکیوں ٹریا پُت علیؑ دا

ظالم ابن زیادے قاصد ترت شہید کرایا   کربل دیاں شہیداں وچوں اوّل ہے اوہ آ

فائدہ:۔ روایت کرتے ہیں کہ ابن زیاد نے امام صاحبؓ کی آمد کی خبر سُن کر ایک سانڈنی کا اسوار جاسوس بھیجا، کہ جب امام حسین مکہ سے کوفہ روانہ ہوں تو فوراً خبر کرنا۔ اس جاسوس ابن زیاد نے آکر خبر دی کہ مکہ سے کوفہ کی طرف روانہ ہوئے کوئی سولہ دن گزر چکے ہیں۔ اور آج فلاں منزل پر ان کا مقام ہے۔ ابن زیاد بن یزید ریاحی کو ہزار اسوار کے ساتھ روانہ کیا کہ جہاں امام صاحب ملیں اسی جگہ ان کو روک لینا اور کسی طرف دینا۔ غرض کہ آپ جب فرات کے مقام پر پہنچے جو کوفہ سے دو میل کے فاصلہ پر ہے تو حُر ریاحی ہزار اسوار باہتھیا پہنچ گیا۔ اور عرض کی کہ ابن زیاد کا مجھے حکم ہے کہ جہاں امام حسینؓ ملیں وہاں ہی قید کر لینا۔ اور خبردار کسی طرف اور میرا دل نہیں چاہتا کہ میں آپ کو ابن زیاد کے پاس لے جاؤں۔ اور یہ بھی مجھ سے نہیں ہو سکتا کہ میں آپ کو دوں اور خود کوفہ میں واپس چلا جاؤں۔ بعد اس کے امام صاحبؓ نے فرمایا، اے حُر ظہر کا وقت ہے تم اپنی قو نماز پڑھو اور ہم اپنی قوم کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں۔ حُر نے عرض کی کہ یا حضرت آپ پیشوائے دین امام زمان ہو امامت کرا دیں تو ہم دونوں لشکر مل کر نماز گزاریں۔ اور ہم آپ کی اقتدا کریں گے۔ الغرض امام صاحب نے نماز کے بعد فرمایا۔ کہ کوفیوں کے ڈیڑھ سو خطوط متواتر ہماری طرف آئے۔ اور رئیس کوفہ بھی برابر پیغام لائے باصرار نے کوفہ کا قصد کیا۔ اور تم بھی کوفہ کے رہنے والے ہو اگر تم اپنی بیعت پر قائم ہو تو ہم تمہارے شہر میں چلیں ورنہ واپس چلا جاؤں گا۔ حُر نے ہاتھ جوڑ کر عرض کی کہ حضور اُن خطوں کو میں نہیں جانتا کہ ان کے بھیجنے والا کون ہے۔ اما اپنے بکس میں سے تمام خط نکال کر دکھا دئے اور فرمایا کہ اکثر وہ آدمی جنہوں نے یہ خط ہماری طرف بھیجے ہیں۔ تمہار میں موجود ہوں گے۔ اور ان کے ہاتھوں کی مہریں اور دستخطیں خود ان خطوں پر چسپاں کی ہوئی ہیں جو پکے شیعہ ا اہل بیت بن کر خط لکھتے رہے ہیں۔ اور اب اس وقت میری گرفتاری کے لئے تیرے لشکر میں موجود ہیں۔ جب نے خطوط پڑھنے شروع کئے تو جن لوگوں نے وہ خط لکھے ہوئے تھے وہ شیعہ شرم کے مارے اپنے سروں کو نیچا جھ ابھی یہ بات ہو رہی تھی کہ اتنے میں ایک شخص اونٹنی کا اسوار آیا اور فرمان ابن زیاد کا حُر ریاحی کو سنایا کہ اے حُر تم کو یہ پیغام ملے اسی وقت امام حسینؓ کو روک لینا۔ اور کسی چٹیل میدان میں جس جگہ گھاس اور پانی نہ ملے کا ڈیرہ اور تنبو لگوانا۔ حُر نے خط پڑھ کر امام صاحب کو دیا اور کہا کہ دیکھو حضرت ابن زیاد کو آپ کی گرفتار

Marfat.com

خیال ہے ۔ اور میں حیران ہوں کہ میری اور آپ کی یہ ملاقات پوشیدہ بھی نہیں ہو سکتی کیونکہ ہزار اسوار میرے ساتھ موجود ہیں ۔ اگر میں آپ کو چھوڑ دوں تو مجھے ابن زیاد سخت سزا دے گا ۔ اگر نہ چھوڑوں تو رسولؐ خدا کو دن قیامت کے کون سا منہ دکھاؤں گا ۔ اور میرا یہ عقیدہ آپ کے متعلق ہے ؎

صاحب معراج کا ہے نور عین ! نور دیدہ فاطمہؑ کا ہے حسینؑ

روایت ہے کہ حرؓ نے اپنی فوج سے علیحدہ ہو کر امام حسینؑ کو عرض کی کہ یا ابن رسولؐ اگر آپ پر حر تلوار اٹھائے گا تو اس کا ہاتھ کٹ جائے ۔ اور بری نظر سے دیکھے تو اس کی نظر پھوٹ جائے اور قسم ہے خدا کی میں آپ کو ابن زیاد کے پاس نہیں لے جاؤں گا ۔ اور آپ کا جی جہاں چاہے چلے جاؤ میں کچھ تعرض نہیں کروں گا ۔ اور میں کوفہ کی طرف پھر جاتا ہوں ابن زیاد کو کہہ دوں گا کہ مجھے امام صاحب نہیں ملے اور جو کچھ میرے ساتھ ہو گی میں برداشت کروں گا ۔

فصل دوازدہم

امام حسینؓ کا واپس مکہ کو آنیکا ارادہ کرنا اور شہادت سفر کرنا

تَحَرَّكَ الْحُسَيْنُ عَنْ طَرِيْقِ الْكُوْفَةِ وَنَزَلَ بِكَرْبَلَا فِي الثَّانِي الْمُحَرَّمِ سَنَةَ إِحْدٰى وَسِتِّيْنَ فَلَمَّا نَزَلَ بِهَا سَأَلَ عَنْ إِسْمِهَا فَقِيْلَ هٰذَا مَوْضِعٌ قَالُوْا مَارِيَةُ فَقَالَ كَانَ إِسْمُهَا غَيْرُ مَا لُوْا الْعَمِيْقَالَ كَرْبَلَاءُ فَقَالَ مَوْضِعُ كَرْبٍ وَبَلَاءٍ فَنَزَلَ الْقَوْمُ ۔

ترجمہ :۔ پس پھر چلے امام حسینؑ کوفہ سے کہ کو راستے میں قضاء الٰہی سے پھر چلے گئے کربلا میں دوسری ماہ محرم کی ۶۱ سنہ میں ۔ اور جب اُترے بیچ اس جگہ کے تو لوگوں سے دریافت کیا کہ یہ کون سی جگہ ہے لوگوں نے کہا اس جگہ کا نام ماریہ ہے ! تو آپ نے فرمایا کیا کوئی اور بھی نام اس جگہ کا ہے ۔ لوگوں نے کہا دوسرا نام اس جگہ کا کربلا ہے فرمایا امام نے یہی ہے جگہ درد اور مصیبتوں کی ؎

راوی کرے روایت جس دن کربلا شاہ سدھایا
کہنا حضرت عرض کراں میں وس نہیں کجھ میرا
شاید میری جاگہ اجل ہور کوئی آ جاوے
راتو راتی چلے حضرت کے دے دل دھائے
دو جی راتیں پھر اُٹھ دوڑے کے دیوں دھایاں
ایویں سٹ راتیں اُٹھ دوڑے کیوں جاں سکے
مول قضا نہ ٹلدی ہرگز بندے دی تدبیروں
گھوڑے اٹھ نہ ہلن ہرگز تا جھکے سب راہیں
جس کلے نوں کن تنبوواں کارن تو ہو جاری تھیندا
ایہ گل ویکھ امام ہکے ایہ قتل گاہ خاص ہماری
ایہو جا گہہ کربل ہے جتھے اسیں شہادت پاوناں

حرّا امام حسینؑ دلی نوں چپ کرنے آیا !
راتو راتی جلدی ایتھوں کو چ کراؤ ڈیرا
دلدیاں دل وچ رہن ایہ ویلا پھیر نہیں ہتھ آوے
ساری رات چلائے گھوڑے نجرے کربل آئے
فجر ہوئی تاں اوہے جایں کربل داہیاں آئیاں
اوڑک ہو لا چار لگائے کربل ڈیرے پکے
دستو کتوں سنئے کوئی تا مڑدی تقدیروں
بن کے وچ پہنچا ساڈے وچ نصیباں ناہیں
جے لکڑ کپن ڈکھاں ناؤں تاں بھی لہو چو ندا
ایسے جاگہ اندر ہو سن خون اسا ڈے جاری
مارے جاسن پُت بھتیجے میرے سنے بھرا داں

Marfat.com

پئی شنیدی سی ایہ اگے نت مصیبت بھاری — جس دے کارن نبیؐ اللہ دے خبر دتی گئی ساری
ایہ مصیبت جسدے بابو پھر دے نت ڈھونڈ ہارے — اوہ دیہاڑا اج حاضر ہویا کرسے جور بتوں بیچارے
اج دیکھیا جاسی کی کجھ ایتھے ساڈیاں ہاڑے — دھڑ جاناں دی بازی لگی ہوسی جو سب جاندے
جسدن دیاں پیشگوئیاں ساتوں دسیاں نبیؐ پیارے — جو کربل اندر کربل جاناں ہوسن کیسے بیہاڑے
اج اوہ جا بگ کربل والی ظاہر پئی دسیوے — ہن یارب ثابت قدم رکھیں بےصبری مول نہ تھیوے
اج بازی لاکر یارب ساتھے تیتھوں اساں دکھانی — کھیل اجیہی کھیلاں گے جو جگ وچ رہے کہانی
کھیل اساڈی والا چڑھیا نیک قیامت تھیسی — پر ساڈا اوہ جو ساڈے وانگوں صبر پیالہ پیسی
جو کوئی سن کر منہ سر سینہ پٹے وانگ سودائیاں — اوہ ساڈے وچوں مول نہ ہوسے خاص حدیثاں آئیاں

قَالَ النَّبِيُّ لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ وَشَقَّ الْجُيُوْبَ وَدَعٰى بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ

ترجمہ۔ فرمایا نبی کریمؐ نے جو کوئی وقت مصیبت کے منہ سر سینہ پیٹے ہماری اُمّت سے نہیں۔

مسئلہ:۔ طبرانی میں لکھا ہے کہ جب امام حسینؓ کربلا میں اترے تو خواب میں حضرت رسول مقبولؐ امام حسینؓ کو اندر سینہ مبارک سے لگایا۔ اور فرمایا! اے میرے فرزند دلبند دیکھ کوفہ کی طرف سے تیرے لئے لشکر تلواریں تیز کرکے تیرے قتل کے لئے آرہے ہیں۔ اور خبردار تو نے صبر کرنا ہوگا۔ تاکہ شہادت میں کوئی کمی واقع نہ ہو جائے۔ اور امتحان کا وقت قریب ہے اور یاد رکھنا بڑے صبر لینے ہوں گے۔ صبر کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑنی ہوگی۔ اور تیرے والدین انتظار میں ہیں۔ جب خواب سے بیدار ہوئے تو یہ خواب اپنے اہل وعیال کو سنایا تو تمام سن کر غم ناک ہوئے تو امام صاحب نے فرمایا اے میرے اقربا وقت مصیبت پر صبر کرنا ہوگا۔ کیونکہ صبر کرنا مومن کی نشانی ہے۔ جیسا کہ فرمایا اللہ تعالے نے سورہ بقر پارہ دوم میں یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ ۔ ترجمہ: اے لوگو جو ایمان لائے ہو یعنی مومنو ایمان والو اللہ تعالے سے امداد طلب کرو وقت مصیبت کے ساتھ صبر اور نماز کے تحقیق اللہ تعالے صبر کرنیوالے مومنوں کا ساتھی ہے۔ اور جو شخص مصیبت کو دیکھ کر یا سن کر صبر نہیں کرتا بلکہ واویلا کر منہ سر سینہ پیٹتا ہے وہ مومن نہیں ہے ؎

جو وقت مصیبت منہ سر سینہ پٹے وانگ گنواراں — نہ پڑھے نماز نہ صبر کرے اوہ رلسی سنگ اشراراں
امام حسینؓ نے صبر کمایا وانگ ایوبؑ پیارے — تے اہل البیت دے تائیں آکھن نبیوں صلم سارے
جو صبر کرے اوہ ساڈا ساتھی خود اللہ فرمادے — اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ وچ قرآن بتادے
جو سانوں ساتھی بنا چاہے نہ پٹے منہ سر تائیں! — جیوں کر وچ مصیبت مومن کافر صمت کھائیں
بھاویں مومن مونہوں سدائے دعوی کرے زبانی — جے کر اندر صبروں خالی جانی ڈل شیطانی

مسئلہ:۔ بس یہ خواب دیکھ کر امام حسینؓ نے دعا مانگی اَللّٰهُمَّ اَعْطِ الْحُسَیْنَ صَبْرًا وَّاَجْرًا ۔ یا اللہ عنایت کر حسینؓ کو صبر کا اجر۔

یارب اجر صبر دہ پورا میں راضی وچ رضائیں — ہن وقت مصیبت گیا جیدیاں لوندیاں ہنت کہائیں
جس نوں کربل کربل آکھن قرب ملے میں تائیں — اج کر طوں قرب جیسی بیٹوں میں راضی تدھ دنیائیں
یارب صبر ایوبؑ جیہا بدا کر ہں عنایت بیٹوں — مول نہ تھیوے بےصبری میں عرض سناواں تیتوں
جیوں کر ابراہیمؑ چھت وچ ڈولیا ہرگز ناہیں !! — ہاں ہاں ہیل چھری اسڑیا میں دکھی بھاہیں

Marfat.com

فصل سیزدہم ۱۳

خط ابن زیاد کا زمین پر پھینکنا اور امام صاحبؓ کا غضب میں آنا۔ اور پانی بند کرنا اور شیعان کوفہ کا خط بھیجنے سے انکار کرنا اور امام صاحب کا خط دکھا کر ان سے اقرار کرانا اور کربلا میں پانی نہ ملنے کے سبب سے کھوہ کھودنا اور حُرّ کا مسلمان ہو کر شہید ہونا اور گرد خیموں کے کھائی کھودنا، اور آپ کے تمام اصحاب کا بمعہ بھائی بھتیجوں فرزندوں کے شہید ہو جانا اور امام صاحب کا زین العابدین کو آخری وصیت کرنا اور طریقہ نقشبندیہ قادریہ چشتیہ وغیرہ کی تلقین کرنا

ثُمَّ کَتَبَ ابْنُ اِبْنِ زِیَادٍ کِتَابًا اِلَی الْحُسَیْنِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی یُطْلِبُہٗ اِلٰی بَیْعَتِ یَزِیْدَ فَلَمَّا وَرَدَ الْکِتَابُ اِلَی الْحُسَیْنِ نَقَرَہٗ ثُمَّ اَلْقَاہُ قَالَ عَلَیْہِ السَّلَامُ لِلرَّسُوْلِ مَالَہٗ عِنْدِیْ جَوَابٌ

ترجمہ:۔ پھر خط لکھا امام حسینؓ کو ابن زیاد نے اور طلب کی بیعت یزید کی۔ پس جب آپ نے خط پڑھا تو پھینک دیا زمین پر غصہ سے اور فرمایا قاصد کو کہ نہیں ہے جواب اس خط کا میرے پاس کوئی۔ جب قاصد نے واپس جا کر ابن زیاد کو سارا ماجرا سنایا تو ابن زیاد بڑا غصہ میں کر بہت باتیں کرنے لگا۔ کہ کون ہو حسینؓ جو میرے خط کو زمین پر پھینکے۔ اسی وقت تمام کوفی شیعہ کو اپنی فوج میں بھرتی کرنے لگا اور بڑی بڑی تنخواہیں مقرر کر دیں۔ تاکہ اس طمع سے شیعہ کوفی بھرتی ہو کر امام حسینؓ کے ساتھ جنگ کریں۔ پس جب بہت سی فوجیں کوفی شیعہ کی تیار ہو گئیں اور ہتھیار جنگ پہن لئے تو ابن زیاد نے حکم دیا کہ علی الصبح کربلا کی طرف امام حسینؓ پر چڑھائی کر دو۔ اور عمر بن سعدؓ جو پہلے ملک اسی کا حاکم تھا۔ اس لشکر کا سردار مقرر کیا۔ ؎

دے ملک دے حاکم تائیں حکم شتابی لکھیا
لے جا لشکر کربلا طرفے ڈھل نہ لاویں ذرہ

عمرا حکم کراں میں تینوں جلدی کربل جائیں
باغی ہویا حسین یزید دں۔ اس نوں مار دکھائیں

اندر دے جد گیا پروانہ عمر مطالعہ کردا
ابن زیاد نے کیتا تینوں لشکر دا سرکردہ

کارن جنگ حسینؓ شتابی کربل اندر جانا
لکھیا عمر جواب جو ایہہ کم رب رسولؐ نہ بھانا

دوہترا ہے اوہ پاک نبی دا جو امت دا سائیں
ایسے مندے کم لئے بدلے مینوں بھیجو ناہیں

اوہ سی حاکم رے دا نالے اُسدی گرد نواحی
اس کم کارن ابن زیاد دں اس نے منگی چاہی

لڑنا نال حسینؓ دلی دے میں منظور نہ کردا
ابن زیاد نوں اس گل پاروں بہتا غصہ چڑھدا

لہذا غصے نال شتابی ابن زیاد حرامی
سجے حکم میرے نوں موڑیں پھر کویں مانے موج جوانی

جاویں ابن علیؓ دے مارن کارن جلدی جائیں
یا پھر سند حکومت ردی بھیج اساڈے تائیں

اوہ سند حکومت والی جو ہے حاکم دا پروانہ
دیویں موڑ اسانوں اپنے گھر دچہ بیٹھ جوانان

اج توں رہیا حاکم رہسیں کل سرداری تیری
میرا حکم جے منے ناہیں چھڈ ملازمت میری

کیتی عمر قبول حکومت دنیا دی سرداری
کارن جنگ امام حسینؓ دے کردا جلد تیاری

چھوڑیا دین طمع دی خاطر دنیا حاصل کیتی
روز قیامت پاوے گا جو کیتی اس بدنیتی

دنیا ہے مردار تے ہانی طالب اسدے کتے
جو دنیا پچھے دین دنجاون غافل عقل دُ گتے

Marfat.com

سچ فرمایا حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اَلدُّنْیَا جِیْفَۃٌ وَالطَّالِبُھَا کِلَابٌ ۔ دنیا مردار ہے اور طالب اس کے
دوسری جگہ فرمایا اَلْحُبُّ الدُّنْیَا رَاْسُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ یعنی دنیا کی محبت کل گناہوں کی جڑ ہے

فصل نمبر ۱۴

دربیان بند کردن آب عمر بن سعدؓ آل مطہرات و متعلق آں،

بَلَغَ اِلٰی قِتَالِ الْحُسَیْنِ بِالْعَسَاکِرِ فَمَا زَالَ ابْنُ زِیَادٍ یُجَھِّزُ جُیُوْشًا وَاِنْ جَمَعَ عِنْدَ عُمَرَ بْنِ سَعْدٍ اَلثَّنَانِ عَشْرُوْنَ اَلْفًا مَا بَیْنَ فَارِسٍ وَرَاجِلٍ فَنَزَلُوْا اِشْطِیْ فُرَاتٍ وَحَالُوْا بَیْنَ الْمَآءِ وَبَیْنَ الْحُسَیْنِ وَالصَّحَابِہٖ وَکَا اَکْثَرُ خَرَجَ مَعَہٗ لِقِتَالِہٖ الْحُسَیْنِ ھُمُ الَّذِیْنَ کَاتَبُوْہُ وَبَایَعُوْہُ ۔

ترجمہ :- جلدی سے بھیجے لشکر ابن زیاد نے کربلا کی طرف واسطے جنگ کرنے امام حسینؓ کے ساتھ ۔ اور جنگ کا سامان تمام جلدی سے تیار کرکے روانہ کرتا جاتا تھا یہاں تک کہ جمع ہوئے لشکر عمر بن سعد کے پاس بائیس ہزار اسوار اور پیدل اور جو کچھ ضروری خرچ و جنگ کے ۔ پس اترے وہ اوپر نہر فرات

تاکہ بوقت انکاری یا عذر داری کے حجت کے طور پر ان کے سامنے کرسکیں ۔ اور ان خطوط کے ذریعہ ان کو شرمندہ کریں ۔ چنانچہ جب آپ نے دیکھا کہ شیعہ صاحبان ان خطوط سے عملاً انکار کر رہے ہیں آپ نے شیعوں کے سامنے ان خطوں کا ڈھیر لگا دیا تب بھی انہوں نے اقرار نہ کیا ۔ تو امام حسینؓ نے فرمایا کہ میں ان خطوں کو جلتی آگ میں ڈال دیتا ہوں اگر آگ ان خطوں کو جلا دے تو تم اپنے انکار میں سچے ہو ورنہ جھوٹے لیکن پھر بھی انہوں نے صاف انکار ہی کیا یعنی جب خطوں کو آگ نے نہ جلایا (نقل از روضۃ الشہداء) ۔

اکثر جنگ امام دے کارن آئے اوہ بد نیتی ۔ جنہاں بیعت شاہ صاحب دی کوفے اندر کیتی
جنہاں خط امام صاحب نوں لکھے کرتا کید ان ! ۔ کیتی کارن جنگ تیاری اکثر اوہناں خبیثاں
اکثر بیتے شیعہ آہے خارجی تھوڑے جانی ۔ جنہاں ل فرات کنارے بند کیتا سی پانی
ستویں ماہ محرم آہی جد لشکر آئے بھارے ۔ پانی بند کیتا شیطاناں ل فرات کنارے
ہوئے تنگ پیاسوں اہل البیت نبیؐ دے سارے ۔ اک پانی دے قطرے کارن ترسن بچے پیارے
مٹی نال تیمم کرکے پڑھن نمازاں سارے ۔ دشمن کارن بھی نہ پانی دیون اوہ ہتیارے
نال پیاس کمال نہایت آیاں لب تے جاناں ۔ نال اشارت باتاں کردے ہوٹاں خشک زباناں

بجھ کلیجے آتش ہوئے نال پیاسس کما لا ۔۔۔ محشر دا میدان ہو یا سی عرصہ کربل والا
شاہ ولید ے لشکر اندر سی یک شخص ہمدانی ۔۔۔ شاہ ولید ے اگے جاکر کردا عرض زبانی
یا حضرت جے حکم کردو تاں پاس عمر دے جاواں ۔۔۔ ربدے نے نام سوال کراں کجھ پانی منگ لیاواں
اوہ شیطانی لشکر جانی کدے نہ تیرے خیری
پاس عمر دے جاکھلوتا چپ چپاتا بھائی
اے بھائی توں شاید مینوں مسلمان نہ جاتا

ایہ شاہ علیؓ دا بیٹا جیدے وڈے مراتب عالی ۔۔۔ حضرت فاطمہ مائی اسدی وڈیاں شاناں والی
روز قیامت جیدی مائی پل تھیں لنگھن آوے ۔۔۔ بندکرو سب اکھیاں تائیں مولا حکم سناوے
کل خلقت نوں ستر کراوے آپ خدا وندسائیں ۔۔۔ ایڈے درجے رب عطائے مائی فاطمہؓ تائیں
اگلی پچھلی امت ویکھے درجے شان انہاندے ۔۔۔ اُچے شان مراتب عالی کیتے رب تنہاندے
اے بدبخت لکیتے جنہوں مسلمان زباناں ۔۔۔ ایڈے شاناں والے تائیں مارن آیوں جاناں
اہل البیت نبیؐ دے اوپر پانی بند کیتو ئی ۔۔۔ منہ تھیں مسلمان سداویں عقل آوارہ ہوئی

واقعہ :۔ الغرض ہمدانیؓ نے کہا کہ اے عمر بن سعد زوف ہے تیرے اوپر اور تیری مسلمانی پہ کہ دریائے فرات کا پانی کتے سور ہاتھی لومڑ و بندر جیسے جانور تو پیویں اور اہل بیت رسول اللہ پیاس کے سبب سے اب جان ہوں اور پھر تو کہتا ہے کہ ہم مسلمان ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کو پہچاننے والے ہیں۔ کیا اسلام یہی کام سکھاتا ہے۔ تو عمر بن سعد شرمندہ ہو کر کہنے لگا کہ اے برادر تو سچ کہتا ہے مگر میرا نفس رے کی حکومت چھوڑنا نہیں چاہتا تب ہمدانی وہاں سے اٹھ کھڑا ہوا اور امام حسینؓ کی خدمت میں آکر یہ سارا ماجرا عرض کر دیا۔

مسئلہ :۔ نقل کرتے ہیں کہ جب لشکر یزید کے امام حسینؓ کے ساتھ لڑنے کو تیار ہوئے تو امام صاحب نے اپنے خیمہ سے تشریف لاکر یزیدیوں کے سامنے کھڑے ہو کر بعد حمد و صلوٰۃ مخاطب ہو کر فرمایا کہ اے لشکر والو میں کون ہوں اور کس کی اولاد ہوں اپنے دلوں میں ذرا سوچو تو سہی کہ میرا قتل کرنا تم کو مناسب ہے جس نبی کا تم کلمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھتے ہو میں اس نبیؐ کی بیٹی کا بیٹا نہیں ہوں کہ جس کے حق میں آپ نے فرمایا ہے کہ اے فاطمہؓ تو میرے بدن کا ٹکڑا ہے۔ اور میں اس کا وہ بیٹا ہوں جس پر تم پانچ وقت نمازوں میں درود پڑھتے ہو اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ۔ واقف ہو تم خوب کہ میں ابن بتولؓ ہوں فرزند ہوں علیؓ کا میں سبط رسولؐ ہوں۔

فائدہ :۔ جب عمر بن سعد نے پانی امام حسینؓ کا بند کرا دیا تو تمام اہل بیتؓ پیاس سے نہایت ہی تنگ ہوئے تو امام نے عمر بن سعد کو خط لکھا کہ تم سے تین باتیں کرنے کی درخواست کرتا ہوں۔ ان میں سے ایک کو اختیار کرو۔ اول ...

رخصت دو کہ میں واپس مکہ مکرمہ چلا جاؤں۔ اگر یہ منظور نہیں تو دوسری بات یہ ہے کہ میں کسی اور ملک کو چلا جاتا ہوں۔ اگر یہ بھی نہیں تو مجھ کو یزید کے پاس دمشق میں بھیج دو وہاں جو کچھ ہونا ہوگا ہو جائے گا۔ ابن سعد نے جواب دیا کہ میں یہ سوال ابن زیاد کو لکھتا ہوں جیسا وہ حکم کرے گا عمل کیا جائے گا۔ الغرض ابن سعد نے ابن زیاد کو یہ درخواست لکھی تو اس شقی ازلی نے غصے ہو کر لکھا کہ میں نے تم کو لڑائی کے لئے بھیجا ہے نہ کہ صلح کے لئے۔ اگر امام حسینؓ یزید کی بیعت کرے تو بہتر ورنہ اس کو قتل کر، کہ تم کو اس کے ساتھ خط و کتابت کرنے کا کوئی حق نہیں۔ اگر اب بھی تم نے اس کام میں تامل یا غفلت کی تو میں تم کو معزول کر کے تیری جگہ پر کسی اور کو بھیج دوں گا۔ جب یہ نامہ ابن زیاد کا ابن سعد کو ملا تو اسی وقت ابن سعد نے حکم دیا کہ تمام لشکر لڑائی کے واسطے تیار ہو کر ہتھیار پہن لے۔

مسئلہ:۔ روایت کرتے ہیں کہ جب ابن سعد نے امام حسینؓ کا پانی لینا نہر فرات سے بند کر دیا اور حکم دیا کہ امام صاحب کے آدمی کو بھی پانی نہ لینے دیں۔ تو امام حسین کا خیمہ شریف ایک چٹیل میدان میں تھا۔ آپ نے اپنے ہمراہیوں کو حکم دیا کہ کوئی کنواں کھود لو تب بہتر ہاتھ تک کنواں کھودا گیا مگر پانی نہ ملا۔ اور حال اہل بیت کا یہ تھا کہ تمام بھی شدت پیاس سے نہیں کر سکتے تھے۔ اور اشارہ سے باتیں کرتے تھے۔ مگر نمازوں کی یہاں تک پابندی تھی کہ ایسے نازک وقت میں بھی تیمم سے نمازیں ادا کرتے تھے۔ مگر اب محبان اہل بیت کا جو صرف زبانی محب بننے کا دعوے کرتے ہیں یہ حال ہے کہ دیدہ دانستہ نمازیں تندرستی کی حالت میں بھی نہیں پڑھتے بلکہ محرم کے دنوں میں تو قلیل بلکہ نہیں عاشورہ کے دن تو بالکل نماز چھوڑ دیتے ہیں

فائدہ:۔ لکھتے ہیں کہ جب پیاس کے سبب سے اہل بیت سخت تنگ ہوئے تو حضرت عباسؓ علمدار چند آدمیوں کو ساتھ لے کر نہر فرات پر پانی لینے گئے۔ ابن زیاد کے سپاہیوں نے حضرت عباسؓ علمدار کے ہمراہیوں کو شہید کر دیا اور حضرت عباسؓ کو زخمی کر دیا۔

فائدہ:۔ نقل کرتے ہیں کہ جب حضرت عباس نہر فرات پر پہنچے تو پیاس کی شدت کے مارے دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر پینے لگے تو پیاس حضرت امام حسینؓ کی اور معصوم بچوں کی یاد آئی۔ تب دونوں ہاتھوں سے پانی نہر میں ڈال دیا اور مشک بھر کر خیمہ کی طرف لے چلے تو دشمنوں نے تیر مار کر مشک کو پھاڑ دیا۔ اور پانی تمام گر گیا۔ حضرت عباسؓ نے آکر حضرت امام حسینؓ کی خدمت میں عرض کی یا حضرت آپ نے جو فرمایا کہ سوا آب شمشیر کے آب فرات ہمارے نصیب میں نہیں بجا ہے ؎

طبری کرے روایت حضرت تنبو اندر دھلتے — وعظ نصیحت کر کے حضرت کر تاکید الائے

وارد ہوسی میرے اوپر جو لکھیا رب والی — حال پکار نہ کرنی ہرگز صبر کرنا ہر حالی

میرے پچھے وین نہ کرنے کر کر گریہ زاری — جو دین اماوے دوزخ جاوے آکھیا نبی غفاری

جیسا کہ اصول کافی میں لکھتے ہیں اِذَا ذَهَبَ الصَّبْرُ ذَهَبَ الْاِيْمَانُ۔ یعنی صبر چھوڑنے سے ایمان جاتا رہتا ہے۔ اسی واسطے فرمایا رسول اللہ الصَّبْرُ نِصْفُ الْاِيْمَانِ یعنی صبر آدھا ایمان ہے

منع اونہاں نوں کر دے حضرت خیمیوں باہر آئے — کر کے نذر اسماناں ویول منہ تھیں بات الائے

یا اللہ توں سب کجھ جانیں ہیں دیچہ عیب نہ کوئی — کوئی نشیعاں کمیوں سدیا کر کے دل جوئی

آپے بیعت شیعہ کر کے مارن آئے میںوں — اوہ جھوٹے میں سچا یارب سب کجھ معلم تینوں

روز قیامت نسے جاں ہر کوئی کیتا اپنا پاوے — اس دن بھی میں سچا ہوساں میں ہر دوسں نہ آوے

جداس تیں چر یار بھتیجے بھائی سند بلائے — ہر اک تائیں شفقت کر کے نرمی سخن الائے

کہنا وہائی خدمت میری کیتی ہے تساں پوری — دیچ درگاہ خداوند والی پوسے تساں منظوری

سر میرے بے پیار کر دا ہے اج بازا جل دا — چھوڑ سے تسیں نے بیٹھے دشمن وین خین کجھ چلدا

Marfat.com

تسیں نہ میرے پچھے ایویں ضائع عمر گنواؤ — جیت تسیں آزاد کراں ہیں جا ہو جتھے چاہو
رب راضی تے میں بھی راضی خفگی ذرا نہ جانوں — آپو اپنی گھریں سدہارو عیش جوانی مانوں
ہتھ بنھ عرضاں کردے سارے حضرت آپ نہ جاداں — روز قیامت پاک نبیؐ نوں کیہڑا منہ دکھلاداں
اینہ حیاتی نت نہ رہسی اوڑک اک دن مرنا — بھٹھ حیاتی تیری باجھوں جیون نوں کیا کرنا!
ہرگز چھوڑ نہ جاداں تینوں حاشا للہ حاشا — کیوں کر ماراں دشمن تیرے حضرت دیکھ تماشا
ہوئے چست حسین ولی دے سنگی اہل سعادت — دہوتے ہتھ حیاتی کولوں کرن اڈیک شہادت

بیان خندق یعنی کھائی کا

فَلَمَّا تَبَیَّنَ اِنَّ الْقَوْمَ قَاتِلُوْہُ اَمَرَ اَصْحَابَہٗ فَاخْتَفَرُوْا حَفِیْرَۃً پس جب یقین ہوا امام حسینؓ کو، ہرگز نہ چھوڑے گی فوج یزید کی تو حکم فرمایا اپنی فوج کو کہ کھائی کھودو گرداگرد اپنے خیموں کے اور ایک طرف رکھو راستہ نکلنے کا اور کھائی میں آگ جلاؤ۔ تاکہ جس وقت لڑائی شروع ہو جائے تو کوئی دشمن خیموں میں نہ آنے پائے۔ کیونکہ لشکر یزید کا چاروں طرف سے آرہا تھا

دسویں ماہ محرم آہی صبح عاشورے والی!! — نمازی اُٹھ نمازاں پڑھدے نال جماعت عالی
گردے شاہ حسینؓ ولی دے لشکر ٹھاٹھاں مارے — گھوڑے ہنکن ہاتھی گجن وجن ڈھول نقارے
آکھ وچ میدان شتابی آ حسینؓ جوانان! — یا پھر اپنی جگہ شتابی بھیج کوئی مردانہ
حضرت ڈاچی اوپر چڑھ کر کوفیاں دیول آئے — اوّل حمد اللہ دا پڑھ کر کوفیاں نوں سمجھائے
اے قوم یزیدی بات میری نوں سنو ذرا دل لاؤ — منوں تسیں رسولؐ خدا! توں مسلمان سداؤ
یہود تساڈے ناوں بہتر بہت خدا تھیں ڈرُدے — موسیٰ دا کوئی نام لوے تعظیماں اسدیاں کردے
بھی عیسیٰ دی قوم بھلی ہے کولوں تساں لئیماں — جے کھر پادن خر عیسےٰ دا بہت کرن تعظیماں
تے نبی تساڈے دا میں دوہتا شرم کرو مردارو — کیہڑی سختی کر کے مینوں وچ پردیساں مارو
خون تساڈا کیتا ہے میں یا کوئی ہور برائی — جس تقصیروں ایڈی سختی ہے تساں ہیں پر چائی

الغرض امام حسینؓ نے شیعہ کوفیوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ کیا کوئی میں نے کسی کا خون کیا ہے۔ جس کا بدلہ لینے آئے ہو یا کسی کا مال میں نے لیا ہے جس کا مطالبہ کرتے ہو یا کسی کا میں نے نقصان کیا ہے جس کے لئے تم نے مجھ پر چڑھائی کی ہے۔

گھتے اندر بیٹھا ساں میں قاصد بھیج منگایا! — کی جواب اللہ نوں دیسو ایڈا دغا کمایا
پاس میرے اوہ خط تساڈے لکھے ہوئے تمامی — جنہاں وچہ ہزاراں قسماں لکھدے تسیں حرامی
اے کوفی شیعہ دنیا اوپر سدا نہ رہسو زندے — اگوں کوئی جواب نہ دیون چپ ہوئے شرمندے

الغرض کوئی نہ شامی تھا اور نہ کوئی حجازی تھا صرف وہی حضرات شیعہ محبان اہلبیت کہلانے والے تھے جن پر امام مسلمؓ نے اعتماد کر کے امام حسین کو خطوط لکھے تھے کہ جلدی آؤ۔ دس ہزار فوج آپ کی مدد کے لئے موجود ہے۔ الغرض جب امام حسینؓ نے یہ چند دلیلیں پیش کیں تو کسی نے جواب نہ دیا۔ تب آپ نے فرمایا کہ تمہارے پاس میرے قتل کرنے کی کوئی دلیل نہیں ہے بلکہ تم پر دلیل قائم ہو سکتی ہے

فائدہ:- پس امام حسینؓ نے فرمایا اے بھائی اگر ہو سکے اور آج پھر جاؤ اور لڑائی کا ارادہ ملتوی کرو۔ اور لڑائی صبح پر ٹھہراؤ۔ کیونکہ آج رات عاشورہ کی رات ہے اور اللہ کے نیک بندے اس بزرگ رات میں نفل نوافل پڑھتے اور ذکر اذکار

Marfat.com

کرتے ہیں۔ اور ہماری بھی خواہش ہے کہ ہم بھی اس بزرگ رات میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کر لیں اور دعائیں مانگ لیں۔ یہ بات سن کر ان لعینوں نے جواب دیا کہ ہم مہلت دینے کو تیار نہیں ہیں (نقل از خلاصۃ المصائب روایت دسویں)

حضرت امام حسینؓ ایک رات عبادت کے واسطے مہلت مانگتے ہیں مگر شیعہ کوئی مہلت نہیں دیتے

بعد اس کے حضرت امام حسینؓ ذاتی سے اتر کر گھوڑے پر سوار ہوئے اور لشکر کی صف درست کر کے ارشاد فرمایا کہ تم میں کوئی شخص لڑائی میں پہل نہ کرے۔ جب کوئی حادثہ دشمن کی طرف سے پیش آئے تو مضائقہ نہیں۔ لکھا ہے کہ اول ابن سعد کے لشکر سے ایک شخص مالک بن عروہ گھوڑے کو دوڑا کر امام صاحب کے لشکر کے سامنے آیا اور اس نے دیکھا کہ خیموں کے گرد آگ جل رہی ہے جو کہ امام صاحب نے حفاظت خیمہ کے لئے جلائی تھی تو اس شیطان نے امام صاحب کو مخاطب ہو کر کہا کہ اے امام حسینؓ دوزخ سے پہلے دنیا کی آگ میں جلنے لگے ہو۔ اتنی ہی بات کہہ رہا تھا کہ وہ مردود گھوڑے پر سے گر کر غوطہ کھا کر اسی آگ میں گر کر سیدھا جہنم میں گیا۔

اس کے بعد دو شخص اور ابن سعد کے لشکر سے باہر آئے اور لڑائی چاہی۔ امام صاحب کے لشکر سے دو مجاہد نکلے اور ان دونوں یزیدیوں کو داخل جہنم کیا۔ لکھا ہے کہ جب کوئی سوار لشکر ابن سعد سے لڑنے کو آتا۔ تو حضرت امام حسینؓ جوش شجاعت میں آتے مگر انصار حضرت کو لڑائی میں جانے نہ دیتے اور مودبانہ عرض کرتے کہ جب تک ہم میں سے ایک آدمی بھی زندہ رہا، آپ کو جنگ میں جانے نہ دیں گے۔ الغرض جب لشکر یان ابن سعدؓ نے دیکھا کہ انصار امام حسینؓ کے مرنے کو تیار ہیں اور اپنی جانوں کی پرواہ نہیں کرتے اور جو شخص مارا جاتا ہے اس کو کتے کی طرح قتل کر دیتے ہیں۔ الغرض یزید کا لشکر سمجھ گیا کہ اگر ہم ان کا مقابلہ اس طرح کریں گے تو ہم مغلوب ہوں گے کیونکہ ایک ایک انصار یعنی امام حسینؓ کا مددگار ہزار ہزار یزیدی کو قتل کر دیتے ہیں۔ پھر ایک ایک کے مقابلے میں دس دس شخص یزیدی نکلتے تھے اور فوج یزید کے آدمی دور دور سے تیر چلاتے تھے اور کئی کئی آدمی مل کر ایک انصار کو شہید کرتے تھے۔ اور لشکر حسینیؓ کا ایک ایک غازی کئی کئی ہزار آدمیوں کو قتل کر کے اپنا مکان جنت میں خود دیکھ کر شہید ہوتا۔ اور اسی طرح شوق شہادت کے لئے ہر ایک کا قدم آگے بڑھتا تھا۔ اور اسی طرح شوق شہادت کے لئے ہر ایک کا قدم آگے بڑھتا تھا۔ اور اسی طرح سب مشتاق مولیٰ جنت میں داخل ہو گئے یہاں تک کہ پچاس آدمی سے زیادہ انصار درجہ شہادت کا حاصل کر کے کامیاب ہو گئے۔ اور خاص عزیز و اقارب امام حسینؓ کے باقی رہ گئے۔ اس وقت امام حسینؓ نے نعرہ دردناک مارا اَمَا مِنْ مُغِيثٍ يُغِيثُنَا لِوَجْهِ اللّٰهِ اَمَا مِنْ ذَابٍّ يَذُبُّ عَنْ حَرَمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ۔ یعنی ہے کوئی میری فریاد کو پہنچنے والا واسطے رضامندی اللہ تعالیٰ کے۔ کیا ہے کوئی دشمنوں کو حرم محترم رسول خدا سے دفع کرنے والا۔ پس یہ نعرہ سن کر حرتے بمعہ اپنے بھائی اور بیٹے کے اور غلام کے خدمت امام حسین علیہ السلام میں حاضر ہو کر عرض کی کہ یا حضرت میں وہ شخص ہوں جس نے سب سے پہلے آپ پر لشکر کشی کی تھی۔ اب میں توبہ کر کے مسلمان ہو کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ الغرض وہ چاروں شخص راہ مولیٰ میں یزیدیوں سے لڑ کر شہید ہو گئے۔

کر فریاد حسینؓ ولی نے آکھیا کوک کہاتیں
ہے کوئی مرد جو پہنچے اج فریاد اساڈی تائیں

ہے ایمان والا کوئی بندہ نام خدا دے آوے
حرم رسول اللہ دے سختی کولوں اج بچاوے

نوڑیاں اوہ مظلوم بیچارے اندک باقی چھوڑے
ہک حسینؓ رہیا ہن پچھے بھی کجھ سنگی تھوڑے

نعرہ مار پکارے کوئی سنے بیان نوں ازما دے
دیکھاں کیہڑا نام اللہ دا سن کر ترس کماوے

امام حسینؓ نے حق اونہاں دے کیتیاں بددعائیں
تسیں پٹ دے ہی مرجاسو شیعو روز قیامت تائیں

Marfat.com

جیوں اج تسیں روایا ملیوں رونڈے ای مرجا
پر اس رودن پٹن کولوں کری نجات نہ پاسوا

ہُن مُنہ سر سینہ پٹن کروں کوئی نجات نہ پائی
جو اہل البیت پے ماریا کیتی اوہنہا دیہاڑے بھائی

جو لکھ کر خط امام صاحب نوں قسماں نال بلایا
اسیں شیعہ سب تابع تیرے دغا فریب کمایا

پھر اونہاں شیعاں خارجیاں سنگ رل تلواراں پھڑیاں
شاہ حسین دے مارن کارن کوفیوں نو جاں چڑھیاں

جے شیعہ خط نہ لکھدے حضرت کدے ذکر بل جاندے
نہ خارجیاں سنگ لڑدے جا کر پرندہ ہوندا جو ہے چاہندے

جو کجھ ہونا ہو چکا سب ہُن کیوں پچھوتا وُ
اس منہ سر سینہ پٹن کولوں کری نجات نہ پاؤ

ہن کہ نجات وسیلہ باقی ہور نہ چارہ کوئی
توبہ کر بخشا ؤ جو تساں کولوں اگے ہوئی

اہل البیت نبیؐ دے تائیں خاص دلوں ہو جاؤ
سچے وقت نماز پڑھو نہ داہڑی کدے مناؤ

چو تپٹ تردا ماتم تماشیاں نیڑے مول نہ جاؤ
بلکہ منہ سر سینہ پٹن کولوں توبہ کر دکھلاؤ

مسجداں کر دو آباد تے نال جماعت نماز ادا ؤ
جمعہ نماز نہ چھوڑو ہرگز تاں نجات پاؤ

تے داہڑیاں نوں کر داڑ نہ ہبو ہن وہ دامیتیں رائی
تاں نجات تساڈی ہوسی جو کرتوت کمائی

اب خاص امام حسین کے بھائی بھتیجوں پر نوبت آ پہنچی !

الغرض بہتر تن جو سوائے اہل بیتؓ کے تھے۔ اپنی جان سید الشہدا پر نثار کر چکے۔ اب نوبت اہل بیت خاص عزیزان پاک پر آئی جو کہ مع حضرت امام حسینؓ کے اکیس تن تھے۔ پہلے آپ کے چچا زاد بھائی یعنی حضرت عقیلؓ کے تینوں بیٹے عبد اللہ۔ عبد الرحمن۔ جعفرؓ اجازت لے کر میدان جنگ میں نکلے اور سینکڑوں خارجیوں کو داخل فی النار کر کے درجہ شہادت حاصل کیا پھر امام صاحب کے بھتیجے محمد بن سعد بن عقیلؓ اور عبد اللہ بن مسلمؓ دونوں نوجوان تھے امام صاحب سے اجازت لے کر میدان جنگ میں آ کر دشمنوں سے مقابلہ کیا اور ہزاروں کو فیوں کو قتل کر کے خود بھی شہادت پا کر جنت میں داخل ہوئے۔ پھر دونوں حقیقی بھانجے محمدؓ اور عونؓ امام صاحب کی ہمشیرہ زینب کے لڑکے راہ مولا جنگ کر کے شہید ہوئے۔ پھر آپ کے بھائی علاتی یعنی حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے دوسرے بیٹے پانچ محمد۔ عبد اللہ۔ عثمانؓ۔ جعفر۔ عباسؓ جو علمدار اور نہر فرات پر پانی لینے گئے تھے یہ پانچوں بھائی علاتی امام صاحب سے اجازت لے کر میدان جنگ میں مقابلہ کو فیان شیعہ سے کرنے کو نکلے اور ہزاروں کی تعداد میں یزیدیوں کو قتل کر کے بعدہٗ درجہ شہادت کا حاصل کر کے حضرت محمد رسول اللہ سے جا ملے۔ پھر دونوں غلام یعنی فیروزؓ حضرت امام حسینؓ کا غلام اور سعد حضرت علیؓ کا غلام تھا دونوں اجازت لے کر میدان کربلا میں گئے اور خوب جنگ کر کے شہید ہو گئے۔ پھر امام حسینؓ کے چار بھتیجے حضرت امام حسنؓ کے بیٹے حضرت عبد اللہؓ حضرت ابو بکرؓ حضرت عمرؓ حضرت قاسمؓ یہ چاروں صاحب اپنی اپنی باری پر میدان جنگ میں خوب جنگ کر کے شہید ہوئے۔ خصوصاً امام قاسمؓ کے حملوں سے فوج یزید میں لرزہ پڑ گیا۔ ارزق پہلوان اور اس کے چاروں بیٹے امام قاسمؓ کے ہاتھ سے مارے گئے۔ اور لشکر یزید میں بہت شور مچ گیا۔ اور آپ کا رعب تمام لشکر پر پھیل گیا۔ آپ کے ایک حملے سے تیس پیادے اور پچاس اسوار قتل ہوئے اور بعد ازاں آپ کے بدن پر ستائیس زخم آئے اور شہید ہو کر اپنے آباؤ اجداد کو جا ملے۔

مسئلہ :- یہ جو نادان مسلمانوں میں بات مشہور ہے کہ حضرت قاسمؓ کا نکاح بی بی سکینہؓ کے ساتھ ہونے کا سامان ہوا تھا اس وجہ سے ساتویں دن محرم شریف میں مہندی اٹھاتے ہیں۔ اور خوب باجے گاجے بجاتے اور خوشی کا سامان تیار کرتے ہیں یہ سب باتیں نادانی کی ہندوستان میں پھیل گئی ہیں۔ خدا کی پناہ کہاں تو کربلا کی مصیبت اور طرح طرح کی آفتیں یہاں تک

Marfat.com

کہ پانی حلق ترکرنے کو نہیں ملتا۔ پیاس کی شدت سے اہل بیت اطہار سے بولا بھی نہیں جاتا اور اشارہ سے کام کرتے ہیں اور نمازیں ادا کرتے ہیں۔ وہاں مہندی رچانا اور خوشی کا سامان کرنا کیسی نادانی اور جاہلیت کی بات ہے جس کو بچہ بھی قبول نہیں کرے گا۔ جاہلوں نے اور بہت سے کام کھیل اور تماشے کے اپنے خیال سے بنا رکھے ہیں۔ اور نام ان کا محبت اہل بیت اور دین کے رکھا ہے۔ ایسے کم عقل اور نادان مسلمانوں پر افسوس ہے۔ اور ان کے حق میں خداوند کریم سے دعائے خیر کرنی چاہیئے کہ ان کو بھی سمجھ عطا کرے، آمین۔

اہل البیتؓ صدیقؓ عمرؓ سنگ اتنا پیار کمایا ‏— جو نام اونہاں دے ناواں اوپر لڑکیاں نام کھایا
شاہ حسینؓ دے دو لڑکے ابوبکرؓ تے عمرؓ پیارے ‏— ابابکر تے عمر محبت کارن رکھے نام سہارے
پر پچھلگاں ٹھگاں جاہل لوکاں نوں پھسلایا ‏— صدیقؓ عمرؓ سن دشمن حیدر کوڑ د کوڑ الایا

الغرض حضرت امام حسینؓ کے بڑے صاحبزادے حضرت علی اکبرؓ جو مشابہ رسول خدا تھے اور عمر اٹھارہ برس تھی امام حسینؓ سے اجازت لینے کے لئے آئے کہ ابا جان آپ مجھے میدان جنگ میں جانے کی اجازت فرما دیں تو میں بھی میدان جنگ میں جاکر درجات حاصل کروں تو آپ نے فرمایا کہ میاں تم اپنی والدہ سے اجازت طلب کرو میری طرف سے تو اجازت ہے تو حضرت علی اکبر اپنی والدہ ماجدہ سے اجازت طلب کرنے لگے تو والدہ ماجدہ نے فرمایا کہ بیٹا جاؤ بسم اللہ میں والدہ اسماعیل ذبیح اللہ کی سے صبر کرنے میں کم نہیں ہوں۔ پس علی اکبرؓ خوب ہتھیار پہن کر یزیدیوں کے مقابلہ میں نکلے اور ہزاروں کو قتل کرکے دوزخ میں پہنچایا اور اپنے بدن مبارک پر بے شمار زخم کھا کر شہید ہوئے اور اپنے آباؤ اجداد کو جا ملے۔

فائدہ:۔ اس کے بعد امام حسینؓ نے خود میدان جنگ میں جانے کا ارادہ کیا اور اوّل خیمہ مبارک میں تشریف لاکر حرم مبارک مطہرات کو فرمایا کہ میں تم کو اللہ تعالےٰ کے سپرد کرتا ہوں اور اللہ تعالےٰ تم کو مدینہ منورہ میں پہنچائے گا اور ہمیشہ باعزت اور باحرمت رکھے گا۔ اور میرے بعد تم نے ہر حال میں صبر سے کام لینا ہوگا۔ الغرض جب آپ خیمہ شریف سے باہر نکلے اور گھوڑے پر اسوار ہونے کا ارادہ کیا تو اچانک خیمہ میں سے رونے کی آواز صادر ہوئی تو آپ پھر خیمہ میں تشریف لائے اور فرمایا اے حرم اہل بیت کیا وجہ ہے کہ آپ کی آواز باہر گئی۔ تو جواب ملا کہ یا حضرت علی اصغر کی پیاس کی شدت سے حالت نازک ہے اور دودھ سوکھ گیا ہے اور زبان باہر آگئی ہے اور دم آخری ہے۔ آپ نے فرمایا میری گودی میں دے دو۔ تاکہ اس کو معصوم جان کر پانی دیدیں۔ حضرت امام حسینؓ علی اصغر کو میدان میں لاکر فرمانے لگے کہ یہ شیرخوار بچہ ہے۔ اور پیاس کی وجہ سے اس کی ماں کا دودھ سوکھ گیا ہے اور اس کی جان کندنی آرہی ہے اگر میں آپ کا تقصیری ہوں تو یہ بچہ صاحب الزحم ہے اگر میرے سبب سے اس معصوم کو پانی نہیں دیتے تو حضرت فاطمہؓ لخت جگر رسول اللہ کا پوتا سمجھ کر ہی پانی دیدو۔ اگر یہ بھی نہیں تو حضرت محمد رسول اللہ کا بیٹا سمجھ کر ہی دو تین قطرے پانی کے اس کے حلق میں ڈال دو۔ حتیٰ کہ امام صاحب نے ہر طرح سمجھایا مگر ان کوفیوں بے رحموں سنگدلوں کو کوئی ترس نہ آیا اور جواب دیا کہ سوائے حکم ابن زیاد کے تم کو یا تمہارے بیٹوں کو پانی کا ایک قطرہ نہ دیں گے۔ اور حرملہ بن کاہل ملعون نے ایک ایسا تیر چلایا کہ معصوم بچے کے حلق سے گذر کر امام صاحب کے بازو میں پہنچا۔ آپ نے بزور تمام تیر کھینچا تو حلق سے فوارہ خون کا چھوٹنے لگا اور بچہ جاں بحق ہوا۔ آپ اس کو خیمہ میں لائے اور اس کی والدہ کو فرمایا کہ بچہ شہید ہوگیا ہے۔ اس کے بعد آپ کے پاس مردوں میں سوائے زین العابدینؓ بیمار کے اور کوئی باقی نہ رہا تھا۔ آپ کو اس وقت سخت صدمہ ہوا کہ عورتیں اکیلی رہ گئیں۔ اور میدان جنگ میں دشمنوں کا ہجوم تھا۔ اور مستورات کا یہ حال تھا کہ آنکھوں سے آنسو لگاتار جاری تھے اور دم میں دم نہ تھے۔ مگر صبر جمیل الٰہی کا حق تھا۔ پھر زین العابدینؓ تنہائی والد بزرگوار کی حالت سے نہایت بیتاب ہوئے اور اپنی بیماری کی بھی کچھ پرواہ نہ کی اور نیزہ ہاتھ میں لے کر کانپتے کانپتے میدان جنگ میں تشریف

Marfat.com

و و مقابلہ طلب کیا۔ اچانک امام صاحب کی نظر اس طرف پڑی توجلدی سے دوڑ کر اُن کو پکڑ کر خیمہ کی طرف لائے اور فرمایا اللہُ اللہ اے بیٹا میری نسل کٹ جائے گی میں امید رکھتا ہوں کہ میری نسل تجھ سے قیامت تک اللہ کریم جاری رکھے گا۔ اور تو باپ ہوگا۔ شہیدوں کا تو موزنگ۔ اور فرمایا کہ بیٹا صبر کرو تم یادگار رسولؐ خدا اور بقیہ آل عباد ہو۔ اگر تم بھی شہید ہوگئے تو نسل رسولؐ تمام منقطع ہوجائے گی۔ خبردار تمہاری ثابت قدمی میں فرق نہ آئے پائے۔ صبر کو ہاتھ سے نہ دینا۔ اور جس طرح حضرت ابراہیمؑ نے بوقت پچھنے کے اور حضرت اسمٰعیل نے بوقت ذبح کے اور حضرت یوسفؑ نے بوقت گرنے کنوئیں میں اور حضرت زکریا نے بوقت چیرنے آرہ کے صبر کیا تھا اسی طرح تم بھی صبر کرنا ہوگا۔ اور سلسلہ پیری مریدی ٹھیک خاندان نقشبندیہ قادریہ چشتیہ سہروردیہ وغیرہ طریقوں میں سینہ بسینہ چلی آتی ہیں سب کی سب نعمتیں امام حسینؑ نے اپنے بیٹے زین العابدینؑ کو عطا فرمادیں۔

یہ امانت اب تمہیں دیتا ہوں اے جان حسینؑ
پیری مریدی کا سلسلہ تمہیں نے اب رکھنا ہے قائم

پیروی سنت کی کرنی تم میرے نورالعین
نقشبندی قادری چشتی طریقے اب جو ہیں

جو ان طریقوں پر نہ چلے اس کو دشمن جان تو
خلاف سنت مصطفےٰ وہ ہے دشمن مان تو

شفقت الفت ہے جتنی میری اہل بیت پر
بعد میرے تم نے رکھنا بلکہ اس سے بیشتر

بے پدر ہونے کا غم حضرت سکینہؓ کو نہ ہو!
رنج تنہائی نہ آوے زینبؓ و کلثومؓ کو!

پہنچ اعداء سے آخر صبر میں ہے مخلصی
رفتہ رفتہ تا وطن تم لوگ پہنچو گے کبھی!

واقعہ کربل کا کرنا جا حضور جد بیاں!
آئے جب نوبت ہماری اس طرح کہنا وہاں

تن میرا ظاہر میں ہے گو آپ کی قربت سے دُور
جان دل سے ہوں گر حاضر میں دربار حضور

مسئلہ :- الغرض امام حسینؑ لشکر کے سامنے آکر کھڑے ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ اے حسینؑ ڈر گئے ہو۔ آپ نے فرمایا میں ڈرا نہیں ہوں مگر مجھے شرم آتی ہے کہ میں تم پر پہلے حملہ کروں۔ شاید میرے نانا بزرگوار حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم یہ نہ کہہ دیں کہ اے حسینؑ تم نے میری امت پر پہلے حملہ کیوں کیا تم پر حجت قائم کرنے کے لئے ٹھہر گیا ہوں

فصل پندرھواں

دربیان خود امام حسینؓ کا میدان جنگ میں جانا

اب تو نوبت آئی مجھ پر الوداع!
الوداع اولاد مصطفےٰ الوداع

الوداع اے اہل بیت مصطفےٰ
الوداع آل پیغمبر الوداع

الوداع اے میری بہنوں سب کسو
الوداع اے جان حیدر الوداع!

گل لگا کر زین العابد سے کہا
اے میرے پیارے دلبر الوداع

پھر گلے لگ کے سکینہؓ سے کہا
اے میری مظلوم ... الوداع

شہربانو سے یہ فرماتے تھے شاہؓ
... غم خوار مضطر الوداع

ہے خدا حافظ تمہارا بے نسو
پھر چلے خیمہ سے کہہ کر الوداع

دیکھ کر لاشیں یہ حضرتؓ نے کہا
اے میرے عباسؓ اکبرؓ الوداع

Marfat.com

جب شہیدوں سے رخصت ہو چکے   پھر کہا شاہ نے کہ آ گئی اب الوداع
تھا اسی دن کا مجھے بھی انتظار   آگیا وقتِ مقرر الوداع

فَاشْتَدَّ الْقِتَالُ حَتّٰی قُتِلَ اَصْحَابُ الْحُسَیْنِ بِاَسْرِهِمْ وَوُلْدُهٗ وَاِخْوَتُهٗ وَبَنُوْ عَمِّهٖ وَبَقِیَ وَحْدَهٗ

ترجمہ :- پس قتال سخت ہوا حتیٰ کہ بہت سے ساتھی یار بیٹے اور چچا زاد بھائی مارے گئے اور باقی رہ گئی ایک جان امام حسینؑ علیہ السلام کی۔

پس امام حسینؑ نے لباس فوجی پہن لیا اور چند اشعار عربی کے پڑھے جیسا کہ عربوں کی عادت ہے کہ میدان جنگ میں پڑھا کرتے ہیں ؎

اَنَا ابْنُ عَلِیِّ الْخَیْرِ اٰلِ هَاشِمٍ   کَفَانِیْ بِهٰذَا مَفْخَرٌ حِیْنَ اَفْخَرُ
میں فرزند علی دا بہتر ہاشمیاں دا بھائی   فخر کرن دے ویلے مینوں کافی ایہ وڈیائی
وَجَدِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اَکْرَمُ مَنْ مَشٰی   وَنَحْنُ سِرَاجُ اللّٰهِ فِی الْاَرْضِ یَزْهَرُ
تے نانا میرا بھیجیا رب نے بہتر کل جہانوں   تے اسیں خدا دے دیوے روشن چمکیں دے جانوں
وَفِیْنَا کِتَابُ اللّٰهِ اُنْزِلَ صَادِقًا   وَفِیْنَا الْهُدٰی وَالْوَحْیُ وَالْخَیْرُ یُذْکَرُ
وچ اساڈے گھر دے نازل ہوئی کتاب حقانی   تے نازل وحی ہویا جو لیا یا بہت نصیحت جانی
وَفَاطِمَةُ اُمِّیْ سُلَالَةُ اَحْمَدٍ   وَعَمِّیْ سَیِّدٌ عَلٰی ذُو الْجَنَاحَیْنِ جَعْفَرُ
فاطمہؓ مائی میری جو ہے بیٹی نبیؐ غفاری   تے چاچا میرا جعفر مارے جنت وچ اڈاری

ہوں میں فرزندِ علیؓ مرتضےٰ   جس کا رتبہ خلق پر ظاہر ہوا
اس قدر ہے کافی مجھ کو افتخار   مرتبہ میرا ہے سب پر آشکار
میرا نانا جو رسول اللہ تھا   سب جہاں ہے اُس سے آگاہ
سیّد الکونین اُس کی ذات تھی   ذات اُس کی فخر موجودات تھی
اُن سے بہتر کون دنیا میں ہوا   تھے وہ سرور گروہ انبیاء
میں انہی کے گھر کا ہوں روشن چراغ   ذات میری سے زمیں ہے باغ باغ
فاطمہؓ زہرہ جو تھیں بنتِ رسولؐ   اور علیؓ مرتضےٰ زوجِ بتولؓ !!
اُن دونوں سے ہوں پیدا میں ہوا   اس سے سمجھو میرا رتبہ ہے کیا
جعفرؓ طیار تھا میرا چچا   مرتبہ اس کا یہی ہے تم پر کھلا
ہے ہمارے گھر میں قرآں کا نزول   دولت کونین ہے ہم کو حصول !
گھر میں آتے ہیں ہمارے جبرائیل   ہم ہیں آلِ مصطفےٰ بے قیل و قال
سمجھو سب خیر و ہدایت ہم ہی ہیں   دین دنیا کی سعادت ہم ہی ہیں
ہے زیادہ کس کا ہم سے مرتبہ   ہے ہمارے حال پر فضلِ خدا

الغرض حضرت امام حسینؑ علیہ السلام میدان کربلا میں تمام اوزار جنگی پہن کر تشریف لائے اور کئی ہزار دشمنوں کو تہ تیغ کرکے فی النار کیا تو دشمنوں کی فوج میں زلزلہ پڑ گیا۔ اور تمام یزیدی مقابلہ امام حسینؓ سے دل چرانے لگے تو شمر ذی الجوشن جو بڑا فریبی حیلہ گر تھا اس نے یہ حیلہ کیا کہ فوج کا کچھ حصہ لے کر حرم محترم امام حسینؑ پر حملہ کر دیا۔ تو

Marfat.com

امام حسینؓ نے ایک نعرہ مارا وَیْلَکُمْ یَا شِیْعَۃَ الشَّیْطَانِ یعنی خواری ہے تم پر اے جماعت شیطانی کہ میرا اور تمہارا مقابلہ ہے۔ عورتوں کا کیا قصور ہے کیا وہ تم سے لڑتی ہیں جو تم اُدھر جاتے ہو۔ اس آواز کو سُنتے ہی شمر لعین ڈر گیا اور ادھر سے فوج کو پھیر کر چاروں طرف سے امام حسینؓ کو گھیر لیا۔ اور تیروں کی اس قدر بے شمار بارش برسائی کہ امام حسین کا بدن مبارک چُورا چُورا ہو گیا یعنی تل بھر جگہ خالی نہ تھی جہاں زخم نہ ہو۔ ایک بدبخت ازلی نے ایک ایسا زور سے تیر مارا کہ آپ کی پیشانی پر لگا اور خون کا فوارہ جاری ہو گیا۔ حضرت امام حسینؓ نے اس خون کو اپنے چہرۂ مبارک پر مل لیا اور فرمایا کہ اس رنگت میں قیامت کے اپنے نانا جان حضرت محمد رسول اللہ کے سامنے جاؤں گا اور یہ اپنی حالت دکھاؤں گا۔ اور یوں فرماتے تھے ؎

شکر ہے اب کوئی شیو اللہ کی درگاہ میں — اب میں بھی گلا کٹاتا ہوں اللہ کی درگاہ میں

پھر ایک موذی نے نیزہ آپ کی پشت مبارک پر ایسا مارا کہ آپ زمین پر گر پڑے۔ اور خولی بن یزید اپنے گھوڑے سے اترا۔ اور چاہا کہ آپ کا سر مبارک تن سے جدا کرے تو ہاتھ اس کا کانپا اور وہ ہٹ گیا اور شمر ظالم سینہ مبارک پر چڑھ بیٹھا تو آپ نے آنکھیں کھولیں اور فرمایا تو کون ہے۔ وہ بولا شمر ذی الجوشن ہوں۔ جب آپ نے اس کے دونوں دانت باہر نکلے ہوئے دیکھے تو فرمایا کہ سینہ اپنا کھول تو اس نے سینہ کھولا۔ اس کے سینہ پر برص یعنی کوڑھ کے داغ تھے تو فرمایا صَدَقَ اللّٰہُ الرَّسُوْلُہٗ یعنی سچ فرمایا اللہ کے رسول نے کہ اے حسین تیرا قاتل ابلق یعنی ڈباکتا ہوگا۔ جیسا کہ روایت ہے محمد بن عمر حسنؓ سے قَالَ کُنَّا مَعَ الْحُسَیْنِ بِنَھْرِ کَرْبَلَاءَ فَنَظَرَ اِلٰی شِمْرِ ذِی الْجَوْشَنِ فَقَالَ صَدَقَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی کَلْبِ اَبْقَعَ یَلِغُ فِیْ اَھْلِ بَیْتِیْ وَکَانَ شِمْرٌ اَبْرَصَ ؕ ترجمہ۔ کہا آپ نے کہ تھے ہم ساتھ امام حسینؓ کے نہر کربلا پر پس نظر پڑی طرف شمر ذی الجوشن کے۔ پس کہا امام صاحبؓ نے سچ فرمایا اللہ کے رسول نے گویا کہ میں دیکھتا ہوں ڈبے کتے کو جو منہ ڈالے گا بیچ اہلبیت میرے کے اور تھی شمر لعین کو بیماری برص کی۔ الغرض آپ نے فرمایا کہ تو وہ شمر ہے جس کے بدن پر برص کے داغ ہیں۔ اس نے کہا کہ ہاں۔ پھر شمر لعین کو فرمایا کہ آج کون دن ہے اس نے جواب دیا کہ عاشورہ کا دن ہے، فرمایا کیا وقت ہے، کہا کہ جمعہ کا دن ہے۔ پھر فرمایا اسوقت لوگ کیا کرتے ہیں شمر نے جواب دیا کہ مسلمان نماز پڑھ رہے ہیں۔ پس فرمایا آپ نے کہ اے شمر لعین اس وقت منبروں پر حمد و ثنا رسول خدا بیان ہو رہی ہے اور تو اس کے سینہ پر بیٹھا ہے جس کو رسولؐ خدا بوسہ دیا کرتے تھے۔ اب میں رسول خدا کو دائیں طرف اور یحییٰ علیہ السلام کو اپنی بائیں طرف دیکھ رہا ہوں۔ اور وقت نماز کا میں نے پایا۔ کیونکہ اگر میں یہ نماز اس وقت ادا نہ کروں تو یہ نماز میرے ذمہ رہے گی ؎

اے شمر ٹھہر جا ذرا سجدہ تو کر لینے دے — حق کا کردوں شکر ادا سجدہ تو کر لینے دے
پھر لوٹنا گھر میرا کرنا بھی سر کو جدا — پر بہر خدا سجدہ تو کر لینے دے
قتل سے ہو اسدم بانہ آگیا وقت نماز — مانوں گا احسان تیرا سجدہ تو کر لینے دے
حق پہ ہو یا ہوں فدا شکر تو کروں ادا — سینے سے ہو جا جدا سجدہ تو کر لینے دے
قتل بھی مجھے کیجئے سارے ہی دُکھ دیجئے — پر مجھے اے بے حیا سجدہ تو کر لینے دے
خون بھی بہانا میرا گھر بار بھی جلانا میرا — پر مجھے اے بے حیا سجدہ تو کر لینے دے
ہے میرا وقت اخیر سینہ سے ہٹ اے شریر — قتل میں جلدی ہے کیا سجدہ تو کر لینے دے
پانی نہیں میں مانگتا کرتا نہیں میں گلہ !! — تجھ سے ہے اتنی التجا سجدہ تو کر لینے دے

Marfat.com

ہلتا تھا عرش بریں کانپتی تھی سب زمیں — دیتے تھے جب یہ صدا سجدہ تو کر لین دے
شمر کو کہتے تھے شاہ اس روز ہے یہ عجز و آہ — کیا ہوئی مجھ سے خطا سجدہ تو کر لین دے

فائدہ :- یہ صدا سنکر شمر لعین سینہ مطہرہ سے نیچے اُترا۔ تو امام صاحب نے اپنا سر جھکایا۔ سجدہ میں سر رکھنے کی دیر تھی کہ شمر لعین نے گردن نازنین حضرت امام حسینؓ پر اپنا خنجر رکھ دیا ۔اور اس وقت فرشتگان کا یہ شور تھا کہ ایسا شوق عبادت کا ہم نے کبھی نہیں دیکھا اور نہ ہی سُنا ہے۔ جیسا کہ امام مظلوم تیغوں کی چھاؤں میں سجدہ کر رہے ہیں۔ اور جس وقت خنجر زخم شاہ رگ کے قریب پہنچا تو امام صاحبؓ نے دونوں ہاتھ مبارک قبلہ کی طرف دراز کرکے اپنے پروردگار کی درگاہ میں التجا شروع کی

غزل

یارب توں نانا جان کی امت کو بخش دے — سلطان دو جہان کی امت کو بخش دے
جس کے واسطے لولاک کو پیدا کیا — اُس خلق الاوّلین کی امت کو بخش دے
جس کے دین سوا سب آئین مبتدل ہوئی — اُس اُمی اُمتیین کی امت کو بخش دے
جس نے عزلات منات کو دُور کیا — اُس خیرالمبشرین کی امت کو بخش دے
جس کا دانت کفار نے شہید کیا — اُس رؤف المومنین کی امت کو بخش دے
جس کے واسطے زمین سب افضلے ہوئی! — اُس رحمۃ اللعٰلمین کی امت کو بخش دے
جس کی اوّل آخر خطا معاف ہوئی — اُس طٰہٰ یٰسین کی امت کو بخش دے
جس کی تربت پاک سے زمین کو فخر ہے — اُس حیات النبین کی اُمت کو بخش دے
جس کے سوا نبی نہیں اور کوئی آنا! — اُس خاتم النبین کی اُمت کو بخش دے
جس کی امت واسطے نبی کرتے تھے التجا! — اُس دُرِ یتیم کی امت کو بخش دے
جس کی امت کا تو نگہبان ہوا! — اُس امین امیین کی امت کو بخش دے
جس کی لب لحد میں ربِ اغفر پکارتی تھی — اُس کشف الدجیٰ کی اُمت کو بخش دے
جس کے نور سے ہی سب ظہور ہوا! — اُس ختم المرسلین کی امت کو بخش دے
جس کا قدم مع نعلین عرش پر پڑا — اُس ملأ الاعلےٰ عالمین کی امت کو بخش دے
جس کے ہاتھ میں کلید جناں ہیں — اُس صراط المستقیم کی امت کو بخش دے
جسے قاب قوسین کا درجہ حاصل ہوا — اُس فخر النبین کی امت کو بخش دے
جس کے سوا شفیع نہیں اور کوئی! — اس شفیع المذنبین کی امت کو بخش دے

غزل

امت کے واسطے ستم یہ سہہ چکا حسینؓ — خدمت تیری میں آتا ہے بندہ تیرا حسینؓ
امت کے بچوں پر علی اصغرؓ فدا کیا — اور نوجوانوں پر علی اکبرؓ بدیا دیا
اور دوستو مونس ہیں خود اس پر فدا ہوں میں — یہ تحفہ تیرے لائق ہے تجھی تو تابع ہوں میں
جو مصیبتیں تھیں اس امت کے واسطے — بندہ نے گھر بار برباد کیا اس امت کیواسطے

فائدہ :- الغرض حضرت امام حسینؓ نے فرمایا کہ جس طرح میں نے ایسے نازک وقت میں بھی کوئی نماز قضا نہیں کی

آج وقت نماز باجماعت پڑھتا رہا ہوں ۔ اور صبر کو اپنے ہاتھ سے نہیں دیا اور حاکم جو خدا کے حکم کی بے فرمانی کرتا تھا اس کی بیعت سے انکار کیا ہے ۔ یہ میں نے اپنے نانا پاک کی امت کو نمونہ بن کر دکھایا ہے کہ اگر کوئی کسی مصیبت میں گرفتار و مبتلا ہو وے تو وہ ہماری اس مصیبت کربلا کو یاد کر کے ہماری طرح صبر و استقلال سے کام لیتا ہوا کل احکام کی پابندی کرے ۔ یعنی نماز روزہ جمعہ جماعت اور صبر کو نہ چھوڑ دے ۔ جس طرح آجکل بعض لوگ صرف محرم کے دنوں میں سر سینہ پیٹنے اور کھیل تماشہ کر کے لوگوں کو دکھلاتے ہیں ۔ اور نماز جماعت جمعہ ذکر اذکار سب کچھ چھوڑ دیتے ہیں اور دعوائے محبت اہل بیت کا کرتے ہیں ۔ امام حسین نے فرمایا ہے کہ جو شخص ایسے فعل کرے گا وہ ہم سے نہیں ہے اور نہ اس کے پیر ہیں اور نہ ہی وہ ہمارا مرید ہے ۔

فائدہ :۔ اگر اہل بیت کی محبت سیاہ لباس پہننے اور ماتم کرنے کو کہتے ہیں تو اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ محرم کے دن کنجریاں اور چوہڑیاں بھی سیاہ لباس پہن کر دس دن ماتم کرتی ہیں ۔

چوہڑیاں مُٹھتے کر کے پٹن شور مچاون — کھیل تماشہ کر کے اپنے گھر نوں واپس آون
اتے بازاری کنجریاں بھی دس دن سوگ مناون — محب اماماں پاکاں بندیاں ہرگز شرم نہ کھاون
پڈیاں صرف جے اہل بیت دی محبت پائی جاوے — تاں پھر مومناں چوہڑیاں کنجراں اندر فرق نہ آوے
بس میاں ایہ کم شیطانی اہل البیت دا ناہیں — ذکر اذکار نوافل پڑھنا کار ثواب بتاہیں
ساری رات جو پٹن اندر اتنا زور لگاون — جے کر پڑھن کلام ربانی کتنا درجہ پاون
ہر ہر حرفوں دہ دہ نیکی پاوے پڑھنے والا — جو پٹن وچہ دن رات گذارن بیدینیاں مونہہ کالا
بیصبراں نوں کجھ نہ حاصل صابراں درجہ پایا؛ — اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصَّابِرِیْنَ رب وچہ قرآن بنایا
بیصبراں کجھ حاصل ناہیں صابراں درجہ پایا؛ — ہر کم دیچہ امداد کریندا کرم کماون والا

اَلصَّبْرُ مِفْتَاحُ الْفَرَجِ ۔ صبر کنجی ہے خوشی کی جیسا کہ شیخ علیہ الرحمتہ نے فرمایا ہے

صبوری کشاید درِ کام جان — کہ جز صابری نیست مفتاح آں
صبر سے حاصل ہوتی ہیں مرادیں دل کی — جو سوائے صبر کے نہیں ہے کھلتا ان کا
صبوری بود کار پیغمبراں — نہ پیچد زِ بس روئے دیں پروراں
مصیبت کے وقت صبر کرنا کام ہے انبیاء کا — اور صبر سے وہ نہیں پھرتے دین کے پالنے والے

مسئلہ :۔ زبدۃ الواعظین میں صبر کی بہت فضیلت آئی ہے جس کا راوی عبد اللہ ہے قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ مَنْ صَبَرَ عَلَی الْمُصِیْبَۃِ کُتِبَ لَہٗ تِسْعُ مِئَۃِ دَرَجَۃٍ مَا بَیْنَ کُلِّ دَرَجَتَیْنِ کَمَا بَیْنَ الْعَرْشِ اِلٰی تَحْتَ الثَّرٰی

ترجمہ :۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کوئی شخص صبر کرے اوپر کسی مصیبت کے لکھے جاتے ہیں واسطے اس کے نو سو درجے ۔ اور ہر ایک درجہ میں اتنا فرق ہے جتنا فرق عرش معلےٰ سے تحت الثریٰ تک ہے ۔ اور دوسری حدیث میں یوں آیا ہے :۔ اَلصَّبْرُ سَاعَۃً عَلَی مُصِیْبَۃٍ خَیْرٌ مِّنْ عِبَادَۃِ سَبْعِیْنَ سَنَۃً

ترجمہ ۔ فرمایا حضور پاکؐ نے مصیبت پر صبر کرنا ایک گھڑی ستر سال کی عبادت سے بہتر ہے

مسئلہ :۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غسل دیتے وقت حضرت علی نے فرمایا لَوْلَا اَنَّکَ اَمَرْتَ بِالصَّبْرِ وَنَہَیْتَ عَنِ الْجَزْعِ لَا نْفَذْنَا عَلَیْکَ مَاءَ الشُّئُوْنِ ؕ

ترجمہ ۔ یا رسول اللہ اگر آپ نے مصیبت کے وقت صبر کرنے کا حکم نہ کیا ہوتا اور نہ منع کرتے آپ واویلا کرنے سے تو

Marfat.com

عبداللہ کہیا جو اسو چہ لکھیا مذہب جعفر سارا　　ایہ تاہئیں زینت زیب زیادہ ہوسی بہت پیارا
جاں نظر کیتی علماواں پائی کل خلاف کتاباں　　سب خلاف قرآن حدیثوں بھی اقوال اصحاباں
انکار کیتا علماواں جو ایہ مذہب جعفر دا ناہیں　　ایہ مذہب جعفر کنوں مخالف کیتی رو تدا ہیں
اوسبھ تھیں پہلے بھلا پھر لوکاں اوس بھلایا　　بہتان تمام اماماں دے سر کوڑ دکوڑ ہلایا
اس اپنا مقصد پورا کیتا جو اس دلو چہ آیا　　اُمت وچہ محمدی اُس نے دغا فریب کمایا
پھر اس تھیں پچھے اس مذہب وچہ کال موذی ہوئے　　جویں عبدالعال نصیر طوس ایہ جوڑ کتاباں ہوئے
جعفر طوسی ہور کلینی جوڑیاں اونہاں کتاباں　　جویں صدق اللہ دلدار علی بھی لایق ہوئے عذاباں
اونہاں مسئلے غیر خریت لکھے نالے کفر عقیدے　　بہتان طوفان ہزاراں جوڑے اندر دین نبیدے

مسئلہ :- حاصل کلام عبداللہ بن سبا یہودی بانی مبانی مذہب شیعہ کا تھا - اسی واسطے بہت سے مسائل شیعہ مذہب کے مشابہ یہود ہیں جن کا مفصل ذکر تو آگے آئے گا - مگر یہاں چند مسائل لکھے جاتے ہیں - مثلاً مچھلی خرگوش یہودی مذہب میں حرام تھا اسی واسطے اس نے شیعہ مذہب میں بھی حرام کر دیا - اور یہودی افطاری روزہ کے وقت تاروں کی روشنی تک دیر کرتے تھے - اسی طرح شیعہ بھی تاخیر کرتے ہیں - اور بیت المقدس کے سوا ان کی نماز کامل نہیں ہوتی تھی - اگر نہ بھی پہنچ سکیں تو مٹی کی ٹکیہ بنا کر سجدہ کی جگہ رکھ لیتے تھے - اسی طرح مذہب شیعہ بھی کربلا معلیٰ کی مٹی کی ٹکیہ بنا کر سجدہ کی جگہ رکھ لیتے ہیں اگر کربلا کی مٹی نہ ملے تو ان کی نماز کامل نہیں ہوتی - اور یہودیوں میں میت کے غسال پر خود غسل واجب تھا - ویسے ہی مذہب شیعہ میں بھی غسال پر غسل واجب ہے - اور یہودی مذہب میں موزہ پر مسح کرنا جائز نہیں ہے - اسی طرح شیعہ بھی

Marfat.com

موزہ پر مسح کرنا نجائز جانتے ہیں جیساکہ رسالہ نماز امامیہ میں سید علی حائری صاحب فرماتے ہیں ... میں آئے یا آگ سے جلی ہوئی ہو (مثلاً پکی اینٹ) یا کسی قسم کی کان (سونا چاندی تانبا) پتھر وغیرہ پر سجدہ کرنا جائز نہیں۔ اگر کوئی شخص کرے گا تو نماز ٹوٹ جائے گی۔ بہتر تو سجدہ کے لئے کربلا کی مٹی ہونی چاہیے مطلق مٹی ہو۔

فصل دوم در فرقہ ہائے شیعہ

اور مذہب شیعہ کے کئی فرقے ہیں بعضوں نے تو خدا کی وحدانیت میں کفر کیے ہیں بعضوں نے نبوۃ میں شور مچایا اور بعض ملائکہ کے ساتھ دشمنی رکھتے ہیں۔ اور بعض حشر نشر کے منکر ہیں۔ اور اکثر قرآن مجید کے تحریف کے قائل ہیں یعنی موجودہ قرآن تبدل و تغیر کیا ہوا ہے۔ مولانا عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے تحفہ اثنا عشریہ میں ان تمام فرقوں کا عقاید باطلہ بیان کیا ہے۔ اور حضرت پیر دستگیر شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ نے شیعہ کے تیئیس فرقہ بیان کیے اوّل فرقہ سبابیہ، دوسرا فرقہ مفضلیہ تیسرا فرقہ سرعیۃ چوتھا فرقہ وجو دیہ پنجواں فرقہ زجفیۃ چھیواں فرقہ کاملیہ ساتواں فرقہ تغوبد بیہ اٹھواں فرقہ خطائیہ ناؤاں فرقہ امویہ دسواں فرقہ ذمیہ گیارہواں فرقہ اثنیہ بارہواں فرقہ اسحاقیہ علیٰ ھذا القیاس ایسے ہی تیئیس فرقہ ہیں۔ اور بنوبان فرقہ اثنا عشریہ امامیہ جو تمام باقی فرقوں کو کافر اور لعنتی کہتا ہے۔ اور اپنے آپ کو مومن اور ناجیہ قرار دیتا ہے۔ لیکن اصحاب محمدؐ کو وہ بھی برا جانتا اور تبرہ بازی کرتا ہے گویا کہ لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ کا پورا پورا مورد بنا ہوا ہے۔ اور اُن کی معتبر کتابوں سے بطور نمونہ چند عقائد نامہ بیان کئے جاتے ہیں تاکہ لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ کے معنے واضح ہو جائیں۔ اس تیئیسویں فرقے کا عقیدہ ہے کہ قیامت کے دن حضرت محمد الرسول اللہ کے سوا دوسرے تمام نبیوںؑ سے حضرت علیؓ کی شان افضل ہے۔ اور جو تمام انبیاء پر مصیبتیں آئیں وہ بھی آئمہ علیہ السلام کے حسد کرنے سے آئی ہیں۔ مثلاً آدم علیہ السلام جنت سے اسواسطے نکالے گئے کہ انہوں نے آئمہ علیہ السلام کے ساتھ حسد کیا۔ اور ان کی امامت سے انکار کیا۔ مفصل حال مجلس پندرویں میں دیکھو۔

فصل سوم

آیات قرآنی جس میں لفظ شیعہ آتا ہے اور شیعہ سے کیا مراد ہے

خدا کی قدرت دیکھو ان دشمنان اصحاب پر جب ازل سے ہی غضب تھا اسی لئے اِن کو اپنے مذہب کا نام رکھنے میں لفظ شیعہ کا اتفاق پڑا۔ جس لفظ کو اللہ تعالے نے قرآن حکیم میں پہلی امتوں کے کفار بدکردار اور فاسق مشرکین پر استعمال کیا۔ چنانچہ قرآن کریم کی دس آیتوں میں لفظ شیعہ آتا ہے جن کو مختصر طور پر بغیر تفصیل کے آیت بہ آیت ناظرین کے پیش کیا جاتا ہے۔ آیت اوّل اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْأَرْضِ وَجَعَلَ أَهْلَهَا شِيَعًا ۔ ترجمہ۔ تحقیق فرعون نے غرور کیا زمین میں اور بنایا اس کے رہنے والوں کو شیعہ شیعہ۔

آیت دوم۔ اِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا لَسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ ۔ تحقیق وہ لوگ کہ ٹکڑے ٹکڑے کیا دین اپنے کو اور ہو گئے شیعہ تجھکو اُن سے کوئی کام نہیں۔

Marfat.com

فائدہ :۔ جو ان آیتوں کی تفسیر لکھی جائے گی وہ سب شیعہ کی کتابوں سے لکھی جائے گی ۔ جیسا کہ تفسیر عمدۃ البیان اوّل صفحہ ۷۰۹ میں خلاصہ ان آیات کا یہ لکھا ہے ۔ کہ اس آیت میں شیعہ کا لفظ یہود اور نصاریٰ و دیگر کفار پر وارد ہے ۔

آیت سوم :۔ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓی اَنْ یَّبْعَثَ عَلَیْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ یَلْبِسَكُمْ شِیَعًا وَّیُذِیْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ؕ ۔ ترجمہ ۔ اللہ تعالےٰ قادر ہے اس بات پر کہ بھیجے عذاب پر تمہارے سے یا نیچے پاؤں تمہارے سے یا ملا دیوے تم کو شیعہ شیعہ ۔ اور چکھا دے تم کو خوف بعض کا ۔ تفسیر عمدۃ البیان میں اس آیت کی تفسیر یہ ہے کہ یہاں شیعہ کا لفظ استعمال شریروں اور فتنہ بازوں پر ہوتا ہے ۔

آیت چہارم :۔ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ مِنَ الَّذِیْنَ فَرَّقُوْا دِیْنَهُمْ وَكَانُوْا شِیَعًا ۔ ترجمہ ۔ اور مت ہو تم مشرکین سے جنہوں نے ٹکڑے ٹکڑے کیا دین اپنا اور ہو گئے شیعہ ۔ اس تفسیر عمدۃ البیان جلد سوم صفحہ ۱۳ میں لکھا ہے کہ یہاں شیعہ مشرک بت پرست کفار کو کہا گیا ہے ۔

آیت پنجم :۔ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِیْ شِیَعِ الْاَوَّلِیْنَ وَمَا یَاْتِیْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ۔ ترجمہ :۔ تحقیق بھیجے ہم نے پہلے تجھ سے پیغمبر بیچ پہلے شیعوں کے اور نہیں آیا کوئی نبی پاس اُن کے مگر تھے وہ ساتھ ان کے ٹھٹھے کرتے تھے ۔

آیت ششم :۔ كَمَا فُعِلَ بِاَشْیَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِیْ شَكٍّ مُّرِیْبٍ ۔ ترجمہ ۔ جیسا کیا گیا شیعہ کے پہلوں کو تحقیق وہ تھے بیچ شک کے بے قراری میں ڈالنے والے اسی تفسیر کے جلد سوم صفحہ ۹۳۰ پر لکھا ہے کہ یہاں شیعہ ان کافروں کو کہا گیا ہے جو کعبہ کے گرانے کے لئے آئے تھے ۔ اور پھر ان پر عذاب آیا ۔

آیت ہفتم :۔ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَاۤ اَشْیَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۔ تحقیق ہم نے ہلاک کیا شیعوں تمہاروں کو پس کیا ہے کوئی نصیحت پکڑنے والا ۔ اسی تفسیر جلد سوم پر لکھا ہے کہ اس آیت میں شیعہ اگلے کافروں کو کہا گیا ہے

آیت ہشتم :۔ وَدَخَلَ الْمَدِیْنَةَ عَلٰی حِیْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا فَوَجَدَ فِیْهَا رَجُلَیْنِ یَقْتَتِلٰنِ هٰذَا مِنْ شِیْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ ۔ ترجمہ :۔ داخل ہوئے موسیٰ علیہ السلام بیچ شہر کے بارہ بجے پس پائے بیچ اس کے دو آدمی لڑتے تھے ایک شیعہ سے اور ایک دشمن اس کے سے تھا ۔ پس شیعہ نے آپ سے مدد طلب کی تو موسیٰ علیہ السلام نے اپنے شیعہ کی مدد کی ۔ اور دشمن کو مکا مار کر ہلاک کر دیا ۔ موسیٰ علیہ السلام اس فعل سے پشیمان ہوئے ۔ اور پروردگار سے بخشش مانگی ۔ اور کہا یا اللہ میں کبھی آئندہ کسی شیعہ گنہگار کی مدد نہ کروں گا ۔ جب دوسرے دن موسیٰ علیہ السلام شہر میں خبر لینے کو گئے تو کل والا شیعہ پھر آپ کو مدد کے لئے پکارتا ہوا ملا تو فرمایا قَالَ لَهٗ مُوْسٰۤی اِنَّكَ لَغَوِیٌّ مُّبِیْنٌ یعنی موسیٰ علیہ السلام نے اس کو فرمایا کہ تحقیق تو ہی گمراہ ظاہر ۔

آیت نہم :۔ حضرت نوح علیہ السلام کی وہ قوم جو کافر و مشرک بت پرست تھی ۔ اور آپ کے مخالف چلتی تھی اُسی قوم سے ابراہیم کا باپ آذر بھی بت پرست تھا پس ابراہیم علیہ السلام بھی انہی شیعہ سے ہوئے تھے لیکن خداوند تعالےٰ نے ان کی رہنمائی کر دی اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ جب اللہ تعالےٰ کے پاس دل نرم سے حاضر ہوا ۔ اِذْ قَالَ لِاَبِیْهِ وَقَوْمِهٖۤ اِنَّنِیْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ۔ یاد کر یا رسول اللہ جب کہا ابراہیم نے واسطے باپ اپنے اور قوم اپنی کے تحقیق میں بیزار ہوں اس چیز سے جس کی پوجا کرتے ہو تم ۔

آیت دہم :۔ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّیٰطِیْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِیًّا ترجمہ ۔ پس قسم

Marfat.com

ہے رب تیرے کی البتہ اکٹھا کریں گے ہم اُن کو ساتھ شیطانوں کے ۔ پھر البتہ حاضر کریں گے اُن کو دوزخ کے گرد گھٹنوں پر گرے ہوئے ۔ ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا ۔ ترجمہ ۔ پھر کھینچ لیں گے ہم دوزخ میں ہر ایک شیعہ کو جو ان میں سے بہت سخت ہیں اوپر سرکشی کے ۔ تفسیر عمدۃ البیان شیعہ جلد دوم صفحہ میں خلاصہ اس آیت کا یہ لکھا ہے ۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ان شیعوں میں جو بہت سرکش شریر ہوگا پہلے ہم اس کو دوزخ میں ڈالیں گے ۔ اور اس کے بعد دوسرے سرکش شیعوں کو دوزخ میں ڈالیں گے

فائدہ :۔ پس ہر مسلمان پر ضروری اور واجب ہے کہ ایسی بداعتقادی سے پرہیز کریں ۔ اور اپنے پیارے رسول محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے پیارے یاروں سے دشمنی عداوت نہ رکھیں ۔

فصل چہارم

سات شخصوں کے منکر کو شیعہ کہتے ہیں، اُن کا ذکر اور ایک حکایت عجیبہ غریبہ

اے برادران اسلام سات شخصوں کے منکر کو شیعہ کہتے ہیں ۔ اوّل ابابکر صدّیق ۔ دوم عمر فاروق سوم عثمان بن عفان چہارم عائشہ صدّیقہ پنجم امیر معاویہ جس کے حق میں جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی پاک زبان سے ارشاد فرمایا رُوِیَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُمَرَ قَالَ النَّبِيُّ اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الْمُعَاوِيَةَ هَادِيًا مَهْدِيًا وَاهْدِ بِهٖ ۔ ترجمہ ۔ عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ سرور کائنات محمد الرسول اللہؐ امیر معاویہؓ کے حق میں دُعا فرماتے تھے کہ باری تعالیٰ امیر معاویہؓ کو ہدایت کرنیوالا ہدایت پایا گیا ۔ ہدایت یافتہ کر ۔

عبدالرحمان روایت کیتی پاک نبیؐ فرمایا	جیوں کر وچہ حدیثاں آیا میں نہیں دوں بنایا
پاک محمدؐ معاویہ دے حق کردے نت دعائیں	یا مولیٰ توں معاویہ تائیں سدھے راہ چلائیں
یارب کریں معاویہ تائیں ہادی مہدی نامے	بھی ہو ون اسدے کولوں لوک ہدایت پاون والے

مسئلہ :۔ عمر بن سعدؓ کو جب عمر فاروقؓ نے حکومت حمص سے معزول کردیا ۔ اور اس کے قائم مقام امیر معاویہؓ کو حمص کا گورنر بنا دیا تو کچھ لوگ امیر معاویہ کو بُرے لفظوں سے یاد کرنے لگے تو عمر بن سعدؓ نے آواز بلند پکارا کہ اے لوگو امیر معاویہؓ کو بُرا نہ جانو ۔ کیوں کہ میں نے خود اپنے کانوں سے سُنا ہے کہ آپؐ امیر معاویہ کے حق میں فرماتے تھے اَللّٰهُمَّ عَلِّمْ مُعَاوِيَةَ الْكِتَابَ وَالْحِسَابَ وَقِهِ الْعَذَابَ الْقَبْرِ وَالْجَهَنَّمَ ترجمہ ۔ باری تعالیٰ امیر معاویہؓ کو لکھنے کا اور حساب کا وقوف سکھا ۔ اور قبر و دوزخ کے عذاب سے بچا ۔

مسئلہ :۔ برادران اسلام حضرت معاویہؓ بن سفیانؓ نے حضرت علی کرم اللہ وجہٗ کو بُرا نہیں کہا بلکہ معاویہ بن خدیج نے بُرا کہا ہے ۔ اور جو الفاظ مسلم و ترمذی میں ہیں کہ معاویہؓ بن سفیان نے سعد بن ابی وقاص کو کہا کہ مَنَعَكَ اَنْتَ تَسُبَّ اَبَا تُرَابٍ الخ یعنی اے سعد بن ابی وقاص کس نے منع کیا ہے تجھکو کہ امیر علیہ السلام حضرت علیؓ کو بُرا نہیں کہتے ۔ یہاں امیر معاویہؓ کی مراد یہ تھی کہ تم حضرت علیؓ کے ساتھ سخت کلامی کیوں نہیں کرتے کہ قاتلان حضرت عثمانؓ سے ہاتھ اٹھالیں ۔ یعنی ان کی امداد نہ کریں

مسئلہ :۔ از فتاویٰ عزیزی جلد دوم ۔ حضرت امیر معاویہؓ حضور صلعم کے اصحابی اور اُن کی ہمشیرہ حضور صلعم کے گھر

Marfat.com

دشمنان امیر معاویہ کو اگر دوسرے رشتہ سے شرم نہیں آتی تو دوسرے رشتہ کو چھوڑ دیں - اور اصحابی ہونے کا کیا کم ہے - صحیح مسلم میں آتا ہے قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ اَصْحَابِیْ کُلُّھُمْ عُدُوْلٌ - فرمایا حضرت رسول کریم نے میرے تمام اصحاب صاحب عدل و انصاف ہیں ششم یہ لوگ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو بُرا جانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آپ اجرت لے کر مسئلہ بتاتے تھے - اور ان کو بافندہ یعنی جولاہا بتاتے ہیں - حالانکہ آپ کا سلسلہ نسب نوشیرواں بادشاہ سے ملتا ہے جو بہت عادل منصف گذرے ہیں - حدیث شریف میں آتا ہے کہ فرمایا حضور پاک محمد رسول اللہ نے کہ مجھ کو بہت فخر ہے اس بات کا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو دو شخصوں کے درمیان پیدا کیا - یعنی نوشیرواں عادل اور حاتم طائی سردار سخیوں کے

ذکر نسب نامہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ

نام نعمان کنیت ابو حنیفہ اور لقب امام اعظمؒ اور آپ کا شجرہ نسب یہ ہے - نعمان بن ثابت بن زوطی بن ماہ مرز بن نوشیرواں - اور شہر بانوں جو حرم محترم امام حسین علیہ السلام والدہ امام زین العابدین تھی - یہ پوتی ہے نوشیرواں اور پھوپھی ہے حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی -

مسئلہ :- از تاریخ اسلام حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے تمام مسائل کو حل فرما دیا - مگر ایک مسئلہ آپ نے بعد از وفات بھی حل فرمایا - چنانچہ لکھا ہے کہ ایک بادشاہ نے اپنی بیوی کی چارپائی پر کوئی چیز مثل منی انسان کی دیکھی تو بادشاہ حیران ہوا - اور یہ ماجرا بادشاہ نے امام ابو یوسف شاگرد امام صاحب کے پاس عرض کیا ، وہ بھی یہ بات سُن کر حیران ہوئے - خواب میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اے ابو یوسف چمگادڑ کا پیشاب مثل منی انسان کے ہوتا ہے چنانچہ ان کی چارپائی کے اوپر چھت پر چمگادڑ کا گھونسلہ پایا گیا - زیادہ فضائل مطلوب ہوں تو سیرت النعمان مصنفہ مولانا شبلی نعمانی رحمۃ اللہ علیہ کا مطالعہ کریں - شیخ عطار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

بو حنیفہ شد امام با صفا — آں سراج امتان مصطفےٰ

ابو حنیفہ تاتب جانی جیوں کر مالی باغاں — امت دچہ محمدی روشن ہویا وانگ چراغاں

دین محمدی اندر اس نے ساری قوت لائی — مشکل مسئلے حل کیتے اس کسر نہ چھوڑی کائی

جو منسدا بولن ابو حنیفہؒ مندے حال اونہاندے — دنیا اندر بھائی جیویں سڑ دے زمانڈے

فرمایا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جو شخص میرے کسی ولی کو دشمن جانتا ہے وہ شخص گویا میرے ساتھ لڑائی کرتا ہے

بیت

جو ولی میرے نوں دشمن جانے اس میرے ساتھ لڑائی — ہے اللہ نال لڑائی جسدی اوہ کیکر کیسی بھائی

جو کوئی ولی اماماں تائیں دشمن دلتھیں جانے — اوہ دشمن رب رسول پچھانے دوزخ ملن ٹھکانے

بعضے منن مواحد اُتوں ویری ولی اماماں — کہن اماماں مگر جو لگن اوہ ویری رب جہاناں

شاد یاد ار و لیے شاگردان او — شہر و یار حق قرین جان او

بھی شاگرد اں اسدیاں تے رب راضی ہیے سدائیں — ہو سے فضل اللہ دا سانتی جان اسدی دتیائیں

ہفتم - حضرت پیران پیر میراں محی الدین شاہ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو بُرا جانتے اور کہتے ہیں کہ

Marfat.com

انہوں نے حضرت امام موسیٰ علی رضاؓ کو شہید کروا دیا تھا - حالانکہ آپ امام صاحب کے ... دیکھو تاریخ اسلام -

شعر

شیخ اعظم پیر ما محمود آں صاحب قرآں — چون او نیاشد ہیچ کس ہم مشتم ہم مشتر

ترجمہ - بزرگ شیخ ہمارے تشریف کئے گئے - مثل انکی نہ کوئی داتا ہے اور نہ کوئی شہود ہے

فائدہ :- صاحبقرآن اس کو کہتے ہیں جس کی پیدائش زہرہ اور مشتری سیارگان کے درمیان ہو

شعر

عالم بعلم ہیچو او ہرگز ندیدہ مردمے — اندر کرامت ہیچوں او خیزد کجا دُور قمر

ترجمہ :- عالم ساتھ علم کے نہیں دیکھا گیا کوئی آدمی بیچ کرامت کے مثل اس کے کب ہے دورا چاند کا یعنی کرام کے بعد کوئی شخص پیران پیر کی شان کا نہیں ہوا -

شعر

او شیخ مقتدا او را جہانی مقتدی — گشتند اعمی سالکاں چوں نت او صاحب نظر

ترجمہ - وہ بزرگ پیران کے پیر تمام جہان ان کا مرید ہے - وہ اندھوں کے آگے چلنے والے صاحب نظر یعنی آپ جملہ طریقوں کے منبع ہیں -

شعر

دارد تمنا عالمے خاکِ درش سُرمہ کُند — خوش وقت آں صاحبدلاں گشتند او مقر

ترجمہ - تمام جہان خواہش رکھتا ہے کہ اُن کے دروازے کی خاک سُرمہ کریں - اس صاحب دل کیلئے کیا اچھا وقت جس نے آپ سے بیعت کی -

فائدہ :- آپ کی کرامتیں اظہر من الشمس ہیں - جملہ طریقت پر ہیں اور ماسوائے شیعہ حضرات کے آپ کو کوئی بُرا نہیں جانتے - اور چھوٹے چار تک آپ کی عزت کرتے ہیں مگر آپ کو شیعہ سید نہیں مانتے - حالانکہ آپ حسنی سید ثابت ہیں

شکر دیگر کہ ہستم از دل و جاں — از غلامان خسرو جیلان !!!

ترجمہ :- شکر ہے کہ ہم حضرت جیلانی کے غلاموں سے ہیں -

عندلیبم بر آں گل دو چمن — واں جگر گوشۂ حسینؓ و حسنؓ

آں کہ از وگشت زندہ دین متین — قطب الافتاب شیخ محی الدین

غزل

جتنے ہمارے نزدیک بزرگ اصحاب اولیا عالیشان ہیں — اتنے ہی شیعہ ہر ایک پر بدظن اور بدگمان ہیں

ہم کہتے ہیں صدیق اکبر سب سے صدیق تھا — شیعہ کہتے ہیں نعوذ باللہ وہ کاذب اور زندیق تھا

ہم کہتے ہیں کہ عمر فاروق فارق کفر و اسلام تھا — شیعہ کہتے ہیں نعوذ باللہ وہ ظالم و بددیان تھا

ہم کہتے ہیں کہ عثمان غنیؓ صاحب جامع قرآن تھا — شیعہ کہتے ہیں معاذ اللہ وہ بے حیا اور منکر قرآن تھا

ہم کہتے ہیں علی شیر خدا بہادر وک تھا — شیعہ کہتے ہیں عیاذاً باللہ بزدل اور ...

Marfat.com

... میں تیرہویں فصل اوّل میں مفتاح البرکات بجواب متوائف البرکات میں سے ذکر کیا گیا ہے۔ یعنی اس ... کی پہلی فصل میں دیکھو۔

غزل

ہم کہتے ہیں کہ فاطمہؓ زہرا جب دُنیا سے پاک تھیں — شیعہ کہتے ہیں نعوذ باللہ وہ دنیا کی مشتاق تھیں

جیسا کہ اس مجلس کی فصل اوّل میں حق الیقین سے نقل کیا گیا ہے۔ دیگر باغ فدک کے بارہ میں شیعہ کہتے ہیں ... باغ فدک کے واسطے کئی بار دربار صدیق اکبرؓ میں گئیں۔ یہاں تک کہ سر سے کپڑا اتار دہائی دہائی کی۔ اور آخر ... تک ابوبکر صدیقؓ سے کلام نہیں کی۔ اس رنج سے کہ آپ نے باغ فدک نہیں دیا۔ کوئی عقلمند یقین کرتا ہے کہ جس ... باپ بزرگوار فرماتے ہیں۔ اَلدُّنْیَا جِیْفَۃٌ وَّطَالِبُھَا کِلَابٌ۔ یعنی دنیا مردار ہے اور طالب اس کا کتا ہے ... دنیا مردار کے لئے ایک پردہ نشین عورت باحیا خیر النساء اور فخر انبیا کی بیٹی ہو کر عام مخلوق کے سامنے دنیا مردار کی ... برہنہ سر ہو کر دہائی دہائی کرے۔ والد بزرگوار تو فرماتے ہیں حُبُّ الدُّنْیَا رَاْسُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ۔ ترجمہ۔ دنیا کی ... کل گناہوں کی جڑ ہے اور بیٹی کو طالب دنیا بنایا جا رہا ہے۔ اور اپنے باپ کے صادق سے رنج رکھے محض دنیا داری ... کی خاطر۔ غرضیکہ شیعہ صاحبان اس قسم کی باتیں بنا کر سناتے ہیں۔ تاکہ اصحاب ثلاثہ سے مخلوق خدا بدظن ہو جائے

غزل

ہم کہتے ہیں حسنین یک دیگر محبت جان تھے — شیعہ کہتے ہیں نعوذ باللہ وہ رنجیدہ جان تھے

جیسا کہ کتاب العلل الشرح باب علت میں آتا ہے۔ امام حسنؓ نے جب امیر معاویہ سے صلح کر لی اور خلافت ان ... سپرد کر دی تو امام حسین علیہ السلام رنجیدہ ہو کر فرمانے لگے کہ میری ناک اور کان کاٹ ڈالتے امیر معاویہ کی صلح ... خلافت سے بہتر تھے۔

غزل

ہم کہتے ہیں کہ فاطمہؓ زہرا علیؓ کی فرماں بردار تھی — شیعہ کہتے ہیں بے ادب اور بدگفتار تھی

جیسا کہ شیعہ کی معتبر کتاب حق الیقین میں ہے کہ حضرت فاطمہؓ خطابہا شجاعانہ داشت و باستیداد نمود۔ ترجمہ۔ حضرت فاطمہؓ زہرا بنت رسول خدا القاب بہادروں کی طرح رکھتی تھی ساتھ علی کرم اللہ وجہٗ کے کہ مانند ... جنین رحم پردہ نشین شدہ ئی۔ کہ کہتی تھی کہ حضرت علیؓ کو کہ تو اس طرح بے فکر بیٹھا رہتا ہے۔ جس طرح رحم کے اندر بچہ ... بے فکر بیٹھا رہتا ہے وَ مِثْلَ خَائِنَان درخانہ گریختہ خود را خوار و ذلیل کردہ کہ تو خصیین کی طرح نس کر گھر میں چھپ ... بیٹھ رہا ہے۔ اور اپنے آپ کو خوار و ذلیل کر دیا ہے۔ روزے دست سطوت خود را برداشتی۔ اور دشمن ... تو نے اپنے ہاتھ سے دبدبہ اٹھایا ہے۔ یعنی تو اپنا رعب آپ گنوا بیٹھا ہے۔ دن دونے اور خلافت ابابکرؓ نے ... چھین لی ہے اور تو مثل رحم کے بچہ کے بے فکر یا خنثی خسرو کے گھر میں چھپ کر بیٹھ رہا ہے۔ اور تم نے اپنی جوانمردی ... اور بہادری کو لیک لگا دی ہے۔ گرگاں لے درندہ تو از جائے حرکت مے کنی الخ یعنی گرگان نے پاڑ کھایا ... ہے اے جھنڈو تو اپنی جگہ سے نہیں ہلتا۔ تو تو میرے پیچھے پڑ گیا ہے۔ نکاریا انہوں نے خلافت تجھ سے چھین لی ... ہے۔ اس جگہ اشارہ گرگ کا ابابکرؓ و عمرؓ پر شیعہ نے لگایا ہے۔ امیر المومنین فرمود صبر کن و آتش غضب فرد۔ اور ... حضرت علیؓ نے کہا اے فاطمہؓ زہرا صبر کرو۔ اور غصہ کو جانے دو۔ نعوذ باللہ من ذالک۔ ایسے کلمات ترک آداب کہنا ... صاحبان ہی کا کلام ہے

Marfat.com

فائدہ :- اے شیعہ صاحبان خدا سے ڈرو۔ اور اپنے مجہول طریقے کو چھوڑ کر سنت اہل [illegible]
اور اہل بیت رسول خدا کی بے ادبی سے باز آؤ۔ اور آداب بجا لاؤ۔ ورنہ بے ادبی کے سبب دوزخ میں [illegible]
اور مرنے کے بعد پھر توبہ قبول نہ ہوگی۔ اب وقت ہے توبہ کرو۔ گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں۔

غزل

ہم یہ کہتے ہیں کہ عائشہ صدیقہ معشوقہ رسولؐ تھی — شیعہ کہتے ہیں کہ رسولؐ کی طبع اس سے ملول تھی
ہم یہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ کی بیٹیاں چار با غور تھیں — شیعہ کہتے ہیں کہ سوا فاطمہؓ زہرا کے کوئی نہ اور تھیں
ہم یہ کہتے ہیں کہ معاویہ حسنینؓ پر بعد صلح کے مہربان تھے — شیعہ کہتے ہیں کہ ظاہر صلح باطن میں دشمن جان تھے
ہم کہتے ہیں پیران پیر محی الدین امین تھے! — شیعہ کہتے ہیں نعوذ باللہ من ذالک رہزن دین تھے
اس رنگیلا مذہب کی کیا ہی رنگیلا کان ہے — نہ تو ایک اعتقاد ہے اور نہ ہی ایک کلام ہے
جو منہ پہ آئے بک جائے ہر ایک بیباکی سے — اور سنو داستان اس بندہ عاجز خاکی سے
کبھی تو حضرت علیؓ کو عرش سے بھی بلند بتاتے ہیں — کبھی تحت الثریٰ سے بھی تلے پہنچاتے ہیں!
کبھی کہتے ہیں کہ حضرت علیؓ کو دیکھ کر حضرت عمرؓ لرزاتے تھے — کبھی کہتے ہیں کہ حضرت علیؓ کی گردن میں عمرؓ رسی پاتے تھے

جیسا کہ ملا باقر مجلسی حیات القلوب میں لکھتے ہیں جس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت عمر فاروقؓ کے دل میں حضرت علیؓ کی [illegible]
مثل موسیٰ علیہ السلام کے تھی۔ کبھی تو وہ کمان اژدہا بن جاتی تھی۔ اور عمر فاروقؓ وغیرہ کو مثل فرعون کے ڈراتی تھی۔ اگر
کا زیادہ دیکھنا ہو تو اسی رسالہ میں بحث خلافت میں دیکھو
مسئلہ :- نقل کفر کفر نہ باشد۔ یہ مسئلے تمام کتب شیعہ میں موجود ہیں۔

غزل

کبھی کہتے ہیں کہ علیؓ کی کمان نے اژدہا بن کر عمرؓ کو ڈرایا — کبھی کہتے ہیں علیؓ کے ہوتے عمرؓ نے فاطمہؓ کا حمل گرایا
کبھی کہتے ہیں کہ علیؓ حیدر توڑے کوٹ خیبر غالب سب جہان تھے — کبھی کہتے ہیں اس سے خلافت چھینتے والے منافق عمرؓ و عثمانؓ تھے

جیسا کہ لکھتے ہیں کہ حضرت علیؓ کی تلوار ذوالفقار ایسی زبردست تھی کہ سات زمینوں اور سات آسمانوں کو کاٹ کر تحت
تک پہنچ جاتی تھی۔ اور اسی تلوار سے آپ نے باراں کوٹ خیبر کے فتح کئے تھے۔ جو اصحاب ثلاثہ اور تمام صحابہؓ سے فتح نہیں
تھے۔ پھر تعجب کی بات ہے کہ اس ذوالفقار تلوار کے ہوتے ہوئے ایک کوٹ مدینہ کا فتح نہ ہوا اور سامنے صداقت [illegible]
حضرت علیؓ کے گلے میں رسی ڈالی گئی۔ اور گھر جلایا گیا۔ اور حضرت فاطمہؓ کا حمل گرایا گیا۔ اور خلافت بھی چھین گئی [illegible]
بے حرمتی باقی نہ چھوڑی گئی

فائدہ :- بھلا بتلاؤ کہ وہ تلوار ذوالفقار علیؓ کی کس کام اور کس مرض کی دوا تھی کہ ایسے نازک وقت پر اس
کام نہ دیا گیا۔ پس معلوم ہو گیا کہ یہ تمام باتیں خرافات اور عبداللہ بن سبا یہودی کی من گھڑت ان کی کتابوں میں داخل
رہی ہیں ورنہ حضرت علیؓ اور اصحاب ثلاثہ کی آپس میں کسی قسم کی رنجش نہ تھی۔ اور ہر ایک خلیفہ نے بخوشی رضا برحبیب
مصطفےٰ خلافت کی ہے

غزل

کبھی کہتے ہیں کہ عباسؓ کا پرنالہ علیؓ نے جبر لگایا — کبھی کہتے ہیں کہ عمرؓ نے حضرت علیؓ کو ڈرایا دیا

جیسا کہ لکھتے ہیں معتبر کتاب شیعہ الاعماد الاسلام میں حضرت ابن عباسؓ کا پرنالہ حضرت عمرؓ نے عصا مار کر گرا
اور فرمایا کہ جو کوئی اس پرنالے کو پھر لگائے گا مجھے قسم ہے خدا کی میں اس کی گردن کاٹ دوں گا حضرت [illegible]

Marfat.com

حضرت عباسؓ کے پاس اس بات کی شکایت کی تو حضرت علیؓ نے جا کر اسی جگہ پرنالہ لگا دیا۔ اور فرمایا کہ جو کوئی اس پرنالے کو ہٹائے گا میں اس کی گردن کاٹ دوں گا۔ حضرت عمرؓ کو جب اس بات کی خبر پہنچی تو دیکھا کہ پرنالہ وہاں ہی لگا ہوا ہے تو کہا کون ہے جو علیؓ کو روکے۔ اور میں اپنی قسم کا کفارہ دیدوں گا

غزل

کبھی کہتے ہیں کہ یہ قرآن کتاب آسمانی ہے — کبھی کہتے ہیں کہ نعوذ باللہ یہ بیاض عثمانی ہے

جیسا کہ حسن عسکر اور مجمع البیان اور عمدۃ القرآن وغیرہ میں لکھتے ہیں کہ یہ وہی قرآن ہے جو اللہ تعالےٰ نے حضرت رسول اللہؐ پر نازل کیا تھا۔ اور حق الیقین اور تفسیر صافی اور فضائل مرتضوی وغیرہ میں شیعہ صاحب فرماتے ہیں کہ چوں ایں قرآن نظم عثمانی است بر شیعیان احتیاج آں نشاید۔ ترجمہ۔ یعنی یہ قرآن جمع کیا ہوا ہے اور ترکیب کیا ہوا ہے عثمان غنی کا۔ اے پرشیعوں کو اس کی کوئی محتاجی نہیں۔ یعنی شیعوں کو اس قرآن کی کوئی ضرورت نہیں۔ اگر زیادہ دیکھنا ہو تو رسالہ طعن نو قرآن عثمان میں دیکھو

غزل

اس فریب مذہب کی کیا ہی فریبی چال ہے — جاہلوں کے پھنسنے کے لئے کیا ہی عجیبہ جال ہے
جو کوئی آئے سو سمائے اس مذہب کا اصول ہے — بھنگی چرسی چشم داڑھی سب شیعہ میں دخول ہے
چرس چنڈو پینے والے جو منڈیئے فقیر ہیں — بے نمازی ڈوم کنجر نام کے جو پیر ہیں
دشمن جن کے انبیاءؑ اور اولیا غفور ہے! — اُن کی بھرتی سے یہ مذہب سارا ہی بھرپور ہے
مثل سناتن دھرم کے اس کی انوکھی چال ہے — ظاہر میں خواہ کچھ ہو مگر باطن میں شیعہ خیال ہے

اگر زیادہ دیکھنا ہو تو اسی رسالہ باب تقیہ میں دیکھو۔ سناتن دھرم ایک اہل ہنود کا نیا ایجاد کردہ مذہب ہے جس میں چوہڑے چمار وغیرہ سب داخل کر لیتے ہیں۔ اور ان کو ہنود لابیگیٔ سناتن دھرم کہتے ہیں۔ ان کا دستور ہے کہ ظاہر میں خواہ کسی مذہب کا کام کریں۔ مثلاً چوہڑے چمار وغیرہ کا مگر باطن میں سناتن دھرم اعتقاد رکھتا ہو کہ گائے وغیرہ کا گوشت نہ کھائے۔ ایسے ہی شیعہ بھی کہتے ہیں کہ بظاہر خواہ سنت اہل جماعت کے ساتھ عید جنازہ جمعہ جماعت پڑھے اور اصحاب ثلاثہ کی تعریف بھی سنتا رہے مگر باطن میں شیعہ خیال کا ضرور ہو یعنی سات بزرگوں کا دشمن ضرور ہو پس وہ شیعہ جماعت میں داخل ہے

مجلس نمبر ۱۳

اس مجلس میں دو فصلیں ہیں

فصل اوّل

شیعہ کے ساتھ مباحثہ کرنا منع ہے

شیعوں کے مذہب میں مباحثہ کرنا سخت منع اور حرام ہے۔ جیسا کہ امام موسیٰ رضا فرماتے ہیں کہ نہیں وہ شخص مسلمان

Marfat.com

اور مومن جس کے دل میں تقیہ نہ ہو۔ لَا اِیْمَانَ لِمَنْ لَا تُقْیَةَ لَهٗ کہ وہ بے ایمان ہے جو ... جو شیعہ ہونا تھا ہو چکا اب کوئی ہدایت نہیں پا سکتا۔ اس واسطے کہ تمام آئمہ علیہم السلام نے اس بحث کو ... فرمایا ہے۔ جیسا کہ شیعہ کے مجلسی صاحب نے بھی بحار میں اس کی بہت ہی ممانعت فرائی ہے۔ اور بہت سی روایات جن میں سے دو چار یہاں بیان کی جاتی ہیں۔ برائے عبرت و برائے نمونہ۔ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ عَلَیْهِ السَّلَامُ قَالَ تَخَاصَمُوا النَّاسَ فَاِنْ لَوْ سَتَعَامُوْ اَنْ یُحِبُّوْا اَنْ یُحِبُّوْا۔ ترجمہ۔ امام عبداللہ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ لوگوں سے مباحثہ نہ کرو۔ اگر ہم کو لوگ دوست رکھ سکتے تو بیشک دوست رکھتے۔ اِنَّ اللّٰهَ اَخَذَ مِیْثَاقَ شِیْعَتِنَا اَخَذَ النَّبِیِّیْنَ فَلَا یَزِیْدُ فِیْهِمْ اَحَدًا اَبَدًا وَلَا یُنْقِصُ مِنْهُمْ اَحَدٌ اَبَدًا۔ تحقیق اللہ تعالیٰ نے عہد لیا انبیاء علیہم السلام سے اور ہمارے شیعوں سے بھی عہد لیا تھا۔ پس اب نہ کوئی زیادہ ہو سکتا ہے۔ اور نہ کوئی ان میں سے کم ہو سکتا ہے۔

فائدہ:۔ دوسری روایت شیعہ ابی صفوان سے مباحثہ کی ممانعت یوں منقول ہے عَنْ اَبِیْ صَفْوَانَ وَ مِنْ دَاوُدَ بْنِ فَرْقَدٍ قَالَ کَانَ اَبِیْ یَقُوْلُ وَالِدُ عَاءِ النَّاسِ۔ ترجمہ۔ ابی صفوان اور داؤد بن فرقد سے روایت ہے کہ باپ میرا فرماتا تھا کہ اے جماعت شیعہ کی تمہیں لوگوں کو اپنے دین کی طرف بلانے کی ضرورت نہیں۔ اِنَّهٗ لَا یَدْخُلُ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ اِلَّا مَنْ کَتَبَ لَهٗ۔ ترجمہ۔ تحقیق یہ اس واسطے کہ دین میں نہیں کوئی داخل ہوتا مگر جس کو اللہ تعالیٰ نے داخل ہونا لکھ دیا ہے۔ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا جَعْفَرٍ یَقُوْلُ شِیْعَتُنَا الْخُرْسُ:۔ ترجمہ۔ کہا صفوان نے کہ سنا ہے میں نے ابو جعفر سے کہ فرماتے تھے کہ سوائے اس کے نہیں کہ شیعہ لوگ مثل گونگے کے ہیں یعنی بحث مباحثہ کرنے کی ہم کو کوئی ضرورت نہیں۔

بحث مباحثہ مذہب شیعہ وچہ کرن نہ جائز آیا
پر ایس زمانے شیعاں اپنا مذہب ہے بدلایا
ایہ کرن خلافت اماماں اپنیاں چلن اُلٹے راہیں
دن راتیں پئے کرن مباحثے جو حرام تمہائیں
لائق ہے شیعہ دے کارن جھگڑیوں باز آجاون
نہیں تاں شیعہ مذہب چھوڑن سنی نام دھراون
کرن تقیہ فرض شیعہ وچہ جانی شک دراتیں
جے بحث کرن تاں مول تقیہ پھیر نہ ہے کدا ہیں
معلوم ہوئے سنی ایہ شیعہ کرن جو بحث کلاماں
ایہ شیعہ نہیں شنیعہ ہوئے کرن خلافت اماماں
بحث منع جو آ تھیں ایہ تقیہ ظاہر تھیوسے
تقیہ منے وچوں ہو رتے ظاہر ہور دسیوسے

فصل دوم

مذہب شیعہ میں دو چار اصحاب کا سبا ایمانی رہنا اور بعد انکا بھی مرتد ہو جانا یعنی وفات حضرت ...

اب ماسوائے اصحاب ثلاثہ دیگر اصحاب کی نسبت شیعہ صاحبان کا خیال ہے۔ چند ان ہی کتابوں سے ... جیسا کہ سلیم بن قیس ہلالی اپنی کتاب میں وفات النبی پیہ ابن عباس سے روایت کرتے ہیں ... اِرْتَدَّ النَّاسُ بَعْدَ النَّبِیِّ اِلَّا اَرْبَعَةٌ۔ ترجمہ۔ قیس سے ابن عباس ...

لہ یعنی ابتر سے بھی ابتر۔

Marfat.com

[تمام] اصحاب مرتد ہو گئے سوا چار شخصوں کے وَفِیْ رِوَایَۃٍ عَنْ صَادِقٍ اِلَّا سِتَّۃٌ ۔ اور بیچ [روایت] صادقؑ کے چھ اصحاب کے سوا دیگر سب مرتد ہو گئے

[ہور] روایت کردا ابن عباسؓ علی تھیں بھائی — بعد وفات نبیؐ دے کل اصحاب مرتد بنائی
مگراں چھ یا چار رہے ایہ ثابت دین ایمانوں — تے دوجے کل مرتد ہوئے ایہ بعد نبیؐ سلطانوں
ایہ قیس ہلالی وچ کتاب وفات نبیؐ دے بیایا — جو پکا شیعہ مذہب ہویا ایہ ہیں نہیں دلوں بنایا

روایت دوم :- باقر مجلسی حق الیقین میں لکھتا ہے قَالَ فَلَمَّا کَانَ اللَّیْلُ حَمَلَ عَلِیٌّ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ فَاطِمَۃَ عَلٰی حِمَارٍ ۔ ترجمہ ۔ کہا باقر نے بعد وفات محمد الرسول اللہ کے جب رات پڑی تو حضرت علیؓ نے حضرت فاطمہؓ کو [گدھے] پر سوار کیا وَاَخَذَ بِیَدِ الْحَسَنَیْنِ فَلَمْ یَدَعْ بِہٖ اَحَدًا مِّنْ اَھْلِ بَدْرٍ مِّنَ الْمُھَاجِرِیْنَ وَلَا مِنَ الْاَنْصَارِ [اور امام] حسنؓ حسینؓ کو ہاتھ پکڑ کر لے چلے اور نہ چھوڑا کوئی گھر مدینہ منورہ میں گھروں اہل بدر مہاجرین و انصار سے [الا اَتٰی] مَنْزِلَہٗ وَذَکَّرَہٗ حَقَّہٗ وَدَعَاہُ اِلٰی نُصْرَتِہٖ فَمَا اسْتَجَابَ لَہٗ اِلَّا اَرْبَعَۃٌ وَّاَرْبَعُوْنَ رَجُلًا ۔ اور بیان کیا اُن کے سامنے [حق] اپنا اور بلایا اُن کو واسطے امداد اپنی کے پس کسی نے بھی فریاد رسی نہ کی سوائے چوالیس آدمیوں کے فَاَمَرَھُمْ اَنْ یُّصْبِحُوْا مُحَلِّقِیْنَ رُءُوْسَھُمْ مَعَ سِلَاحِھِمْ ۔ پس حکم کیا میں نے ان کو یہ کہ منڈا ڈالو تم لوگ سروں اپنوں کو اور جنگی ہتھیار پہن لو ۔ عَلٰی اَنْ یُّبَایِعُوْہُ عَلَی الْمَوْتِ فَاَصْبَحُوْا لَمْ یُوَافِہٖ مِنْھُمْ اِلَّا اَرْبَعَۃُ رِجَالٍ ۔ اوپر اس بات کے کہ بیعت کی انہوں نے اوپر موت کے پس جب صبح ہوئی تو تمام بیعت کو توڑ گئے یعنی کسی نے بھی وعدہ وفائی نہ کی سوائے چار شخصوں کے ۔

بعد وفات نبیؐ دے ملا باقر ایہ فرمائی — جاں رات پئی تے علی نے فاطمہؓ اُپر گدھے چڑھائی
ہتھ وچہ دونویں حسنؓ حسینؓ شہزادے علی پیارے — لیکر پھریا اونہاں تائیں ہر ہر گلی بازارے
چھوڑیا کوئی نہ گھر جو سب انصار مہاجر آیا — اپنی مدد کارن شہر مدینہ سب بولایا
تے آکھیا مدد کریو میری کارن حب الٰہی — اتے طفیل حسنینؓ تے فاطمہؓ بنت محمد عالی
میں میلا گھر بیٹا تساڈے آل محمد لیایا — خلافت حق میرا سی ایپر کھوہ صدیقؓ سدھایا
تے یاد کرایا حق اپنا میں مولیٰ علیؓ ثبت آیا — اپنی مدد کارن ہر اک تائیں سد بلایا
کسے نہ منیاں حکم میرے نوں مگراں شخص چوتالی — جنہاں آکھیا میرے تائیں کرساں تیری یاری
پس امر کیتا میں اونہاں تائیں سارے سر منڈاؤ — پہن لباس جنگی تے کارن جنگ تیار ہو جاؤ
لڑ مرنا نال صدیقؓ عمرؓ ایہ میری بیعت بھراؤ — خلافت حق میرا سی مینوں اونہاں کنوں دیواؤ
تاں صبح ہوندی نوں کوئی شخص نال پاس علی دے آیا — وعدہ کسے وفا نہ کیتا صاف جواب سنایا
مگراں چارے شخص جنہاں نے وعدہ پورا کیتا — ہور سب ہوئے مرتد کسے مدد نہ کیتی میتا

فَقُلْتُ سُلَیْمَانُ مِنَ الْاَرْبَعَۃِ قَالَ اَنَا اَبُوْذَرٍّ وَّالْمِقْدَادُ وَالزُّبَیْرُ بْنُ الْعَوَّامِ ۔ ترجمہ ۔ پھر قیس نے عرض کی اے سلیمان وہ چار شخص جو بعد وفات محمد صلعم مرتد نہیں ہوئے تھے وہ کون کون ہیں ۔ کہا سلیمان نے ایک میں اور دوسرا ابوذر اور تیسرا مقداد اور چوتھا زبیر بن عوام رضی اللہ تعالیٰ عنہم

قیس کہیا میں پچھیا آہا اے سلماناں بھائی — اوہ کیہڑے چار جو رہے سلامت اُپر دین الٰہی
جنہاں مدد علیؓ دی کیتی بعد وفات نبیؐ دے — دس اہناں نوں کیہڑے آہے سو منے جنہاں عقیدے

Marfat.com

سلمان کہیا ہک میں تے دوجا ابوذر غفاری آیا — تیجا سی مقداد ...
ایہ چارے رہے سلامت ایہیں تے ہور نہ آیا کوئی — ایہ ملا باقر مجلسی دلاں شیعہ ...

روایت سوم :- مصنف کتاب اختصاص نے عمر بن ثابت سے یوں روایت کی ہے ۔ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا ... يَقُوْلُ اِنَّ النَّبِیَّ لَمَّا قُبِضَ اِرْتَدَّ النَّاسُ عَلٰی اَعْقَابِهِمْ کُفَّارًا ۔ ترجمہ ۔ عمر بن ثابت سے روایت ہے اپنے باپ عبداللہ سے سنا تھا کہ فرماتے تھے کہ تحقیق بعد وفات نبی صلعم سب اصحاب مرتد ہو گئے تھے ... مقداد اور زبیر اور سلمان کے نعوذ باللہ من ذالک ۔

فائدہ :- اب ان دو چار اصحاب جن کو شیعہ صاحب ہر جگہ شمار کر بیٹھتے ہیں ان کے حق میں کیا فرماتے ... صاحب مجالس امامیہ کتاب اسماء الرجال اسناد ز امام محمد باقر علیہ السلام میں لکھتے ہیں اِنَّ النَّاسَ بَعْدَ ... ثَلَاثَةَ نَفَرٍ سَلْمَانُ وَ اَبُوْ ذَرٍّ وَ الْمِقْدَادُ ۔ یعنی امام علیہ السلام نے فرمایا کہ بعد وفات محمد صلعم تمام ... مرتد ہو گئے سوا تین شخصوں کے یعنی سلمان ، ابوذر ، مقداد ۔ فَقُلْتُ عَمَّارٌ قَالَ کَانَ حَاجِزَةً ثُمَّ ... نے پوچھا عمار بن یاسر کا کیا حال تھا کہا اس نے وہ بھی مرتد ہو گیا تھا مگر پھر واپس آگیا ۔ قَالَ اِنْ اَرَدْتَ الَّذِیْ لَمْ يَشُكَّ وَلَمْ يَدْخُلْهُ شَیْءٌ فِی الْمِقْدَادِ ۔ سائل نے کہا یا حضرت ایسا بھی کوئی شخص ہے کہ جس کے دل میں شک نہ آیا ہو ۔ فرمایا ہاں وہ ایک مقداد ہے اور کوئی نہیں ۔

فائدہ :- پس ان روایتوں سے تین چار اصحابی بھی خاطی ٹھہرے نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ ذَالِكَ ۔ حالانکہ اصحاب محمد بے شمار مثل تاروں کے ہیں ۔ جیسا کہ فرمایا آپ نے اَصْحَابِیْ کَالنُّجُوْمِ ۔ یعنی میرے اصحاب مثل ستاروں کے بے شمار ہیں ۔ اور شیعہ صاحب کہتے ہیں کہ ایک مقداد کے سوا کوئی پورا مومن نہیں رہا ۔ بلکہ مقداد کو بھی دوسری ... سے خاطی بنا دیا ۔ اور طعن لگایا جیسا کہ صدوق رئیس شیخ ابن بابویہ قمی نے علل شرائع کے ساتھ اسناد اپنے ابو عبداللہ معتبر راوی شیعہ لکھتا ہے کہ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَمَّا کَانَ يَوْمُ اُحُدٍ اِنْهَزَمَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ... عبداللہ نے فرمایا کہ جب جنگ احد کی لڑائی ہوئی تب تمام اصحاب بھاگ گئے اور حضرت محمد صلعم کے ساتھ ... رہا ۔ اِلَّا عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ وَ اَبُوْ دُجَانَةَ وَ سِمَاكُ بْنُ خَرَشَةَ ۔ سوا حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور ابو ... اور سماک بن خرشہ کے اور ایسا ہی شیعہ کی تفسیر صافی میں لکھا ہے کہ وَلَمْ يَبْقَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اِلَّا اَبُوْ دُجَانَةَ وَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ ، یعنی احد کی لڑائی میں نہ کوئی ساتھی رہا محمد الرسول اللہ کے مگر دو شخص حضرت علی اور ...

فائدہ :- یہاں شیعہ صاحب نے مقداد کو بھی بھاگنے والوں سے بنایا ۔ اور گناہ سے بچایا ۔

اوّل شیعہ صاحب کولوں ایہ گل پچھنی چاہیے — جیکر سن اصحاب نبی دے ایہو ذوق چاہیے
کیوں کر کے جنگ کفاراں جیتے ملک لیاۓ — روم تے شام تے قیصر کسریٰ مار بھجاۓ
تبلیغ رسالت اُپر تن اصحاب ایمان لیاۓ — ہور نہ کسے ہدایت پائی ہو مرتد سدا ۓ
نتیجہ کی رسالت ہویا دیہو جواب اسائیں — اسو چہے توہین تے ہتک پاک محمد تائیں
تے امیر المومنین پھر کیوں امیر سدا دے — جماعت کثیرنہ ہوئے جنگ امیر نہ کہیا جاوے
غرض ایہ شیعہ مثل منافق فاسق نہ پائی بھائی — کسے مومن نوں تائیں ہرگز جینگا جانن نا ہی
اگر گیتی سراسر باد گرد — چراغ مقبلاں ہرگز نہ میرد
اگر تمام جہان میں ہوا مخالفت کی چلے — تو چراغ مقبولوں کے ہرگز گل نہ ہوں گے

Marfat.com

مجلس چودویں ۱۴

طعن بر اصحابؓ کبار اور اس کا جواب اور آخر میں دفقص کے جنگ بھی درج ہیں :

شیعہ کہتے ہیں کہ عیاذ اللہ اصحاب محمدؐ منافق تھے ۔ اور حضرت محمدؐ کو سخت سخت تکلیفیں دیتے تھے ۔ اور یہ آیت پارہ بائی سورۃ احزاب میں ہے اصحابہ کے حق میں گمان کرتے ہیں ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ ترجمہ۔ تحقیق وہ لوگ جو دُکھ دیتے ہیں اللہ اور اُس کے رسول کو ان پر لعنت ہے اللہ تعالےٰ کی دنیا اور آخرت میں

مسئلہ :۔ یہ آیت درحقیقت کفار مکہ کے حق میں ہے جو رسول خدا صلعم کو دُکھ پہنچاتے تھے ۔ آپ کو زبان اور ہاتھ سے ۔ لینی شاعر اور ساحر اور کاہن بتاتے تھے ۔ اور بعض مفسرین بیان کرتے ہیں کہ یہ آیت عبداللہ بن اُبی اور جندبن قیس وغیرہ منافقین کے حق میں آئی ہے ۔ اور اسی طرح ہزاروں منافقوں کا قرآن کریم میں ذکر ہے ۔ اور جو آیتیں منافقون کے لئے آئی ہیں اُن کو شیعہ صاحبان خواہ مخواہ اصحابوں کے حق میں گمان کرتے ہیں ۔ اور محترف قرآن ہوکر اپنے ایمان کو ضائع کرتے ہیں ۔ اور سیدھے سادے مسلمانوں کو بھی گمراہ کرتے تھے ۔

فائدہ :۔ بھلا یہ تو بتائیے کہ کون سے جنگ میں اصحاب ثلاثہ حاضر نہ تھے ۔ اوّل سے لے کر آخر تک اصحاب ثلاثہ حضورؐ پاک کے ساتھ رہے بلکہ قبریں بھی ساتھ ہیں ۔

مسئلہ :۔ بقول شیعہ اگر اصحابہ ثلاثہ عیاذاً باللہ کافر منافق تھے ۔ تو آپ نے اُن کے ساتھ جنگ کیوں نہ کیا کیونکہ اللہ تعالےٰ آپ کو پارہ دسں سورۃ توبہ میں ارشاد فرماتا ہے يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ترجمہ :۔ اے نبیؐ جنگ کرو تم ساتھ کافروں منافقوں کے سختی پکڑو اوپر اُن کے ۔ اے شیعہ صاحبان بتائیے کہ اگر اصحاب ثلاثہ کافر منافق تھے تو آپؐ نے ان سے جنگ کیوں نہ کیا ۔ بلکہ آپ نے اُن کے ساتھ جنگ کیوں نہ کیا بلکہ آپؐ نے اُن کے ساتھ تعلق زیادہ پیدا کیا کہ ان کو رشتے دیئے بھی اور اُن سے رشتے لئے بھی ، کیونکہ ابا بکر صدیقؓ و عمر فاروقؓ آپ کے سسرال تھے اور حضرت عثمان غنیؓ آپ کے داماد تھے ۔ اور سورۃ ممتحن پارہ اٹھائیں میں اللہ تعالےٰ نے فرمایا يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ ترجمہ۔ اے ایمان والو مومنو تم نہ پکڑو دشمن میرے اور دشمن اپنوں کو دوست ۔

فائدہ :۔ بقول شیعہ اگر اصحاب ثلاثہ دشمن خدا اور رسول تھے تو حضرت محمدؐ اور حضرت علیؓ نے اصحاب ثلاثہ کے ساتھ دوستی کیوں کی ۔ اور علی کرم اللہ وجہہ نے ان کی بیعت کیوں کی حتیٰ کہ اپنی لڑکی ام کلثومؓ کا نکاح بھی حضرت عمر فاروقؓ کے ساتھ کیا ۔

مسئلہ ۔ کافروں اور منافقوں کے لئے دعائے خیر کرنا منع ہے جیسا کہ سورۃ توبہ پارہ گیارہ میں اللہ تعالےٰ نے فرمایا مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْۤا اُولِيْ قُرْبٰى ترجمہ یعنی نہ چاہیئے پیغمبر اور مومنوں کو یہ کہ بخشش مانگیں واسطے مشرکین کے اگرچہ ہوں قرابتی اُن کے

فائدہ :۔ پس بقول شیعہ ابا بکر صدیقؓ و عمر فاروقؓ عیاذ اللہ منافق تھے تو ان کے حق میں رہ کر کے حضرت علیؓ

Marfat.com

بھی گنہ گار ہوئے ۔ یعنی اللہ کے حکم کی نافرمانی کی ۔ کیونکہ حضرت علیؓ نے حضرت [illegible]
دعائے خیر کی ۔ اور ابابکر صدیقؓ کا جنازہ بھی حضرت علی نے پڑھا ۔ جو کہ مجلس گیاراں میں [illegible]

بیت

بھی جے اصحاب ثلاثہ کافر اتے منافق سا ہی — تاں کیوں نہ نبیؐ بیزار انہاں [illegible] ایمانی
کافراں اتے منافقاں دے سنگ جنگ نبیؐ نے کیتا — کیوں نہ جنگ اونہاں سنگ کیتا [illegible]
کیوں مشورے اونہاں کولوں لیندے کردے نیک دعائیں — جے ایہ کافر مشرک ہوندے چلدے اُلٹے راہیں
اصحاب ثلاثہ مخلص مومن باجھوں شک ودائیں — جو اونہاں نوں مومن جانن کافر جان بائیں
موجب قول شیعہ دے نبیؐ نہ منیا حکم الٰہی! — کیوں نہ جنگ اونہاں سنگ کیتا ساری عمراں بھائی
صدیقؓ عمرؓ عثمانؓ نوں ڈرکر نہ جنگ نبیؐ نے کیتا — جو نال کفاراں جنگ کر دخود حکم خداوند دیتا
کیوں نفاق نہ ظاہر کیتا نبی محمد بھائی — تقیہ کس کے وقت سکھایا واہ شیعاں عقل دانائی
یہ جاہلاں دھوکہ دیون کارن لیاون جوڑ مثالاں — پر کوڑ تنہاں رب ظاہر کردا چھوڑ اقوال چنڈالاں

مسئلہ : ۔ اکثر شیعہ صاحبان جاہل مسلمانوں کو دھوکہ دینے کے لئے کہہ دیتے ہیں کہ پیغمبر خدا جبرائیلؑ سے لے سکتے تھے ۔ پھر ان کو ابابکرؓ و عمرؓ سے مشورہ لینے کی کیا ضرورت تھی ۔ تو اللہ تعالیٰ نے ان دھوکہ بازوں کو جھٹلا [illegible] چار سورہ آل عمران وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ ۔ یعنی مشورہ کر اصحابوں سے بیچ ہر ایک کام کے ۔ چنانچہ جنگ بدر کے ستر آدمی کفار قیدی ہوکر آپ کے آئے تو آپؐ نے اصحابوں سے ان کی بابت مشورہ لیا ۔ اور سب نے اپنی پیش کی ۔ جیسا کہ علامہ طوسی شیعہ اپنی کتاب تفسیر مجمع البیان میں لکھتا ہے قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَا رَسُوْلَ [illegible] كَذَّبُوْكَ وَاَخْرَجُوْكَ فَقَدِّمْهُمْ وَمَكِّنْ عَلِيًّا مِنْ عَقِيْلٍ فَيَضْرِبُ عُنُقَهٗ وَمَكِّنِّيْ مِنْ فُلَانٍ اَضْرِبُ فَاِنَّ هٰؤُلَاءِ اَئِمَّةُ الْكُفَّارِ ۔

ترجمہ : ۔ حضرت عمر فاروقؓ نے کہا یا رسول اللہؐ ان کافروں نے آپ کو جھٹلایا اور مکہ سے نکال دیا پس ان [illegible] قتل کرنا چاہیئے ۔ اور عقیل کو حضرت علیؓ کے سپرد کر دو تاکہ قتل کرے اُس کو ۔ اور فلانے کو فلاں [illegible] کے حوالے کر [illegible] قتل کرے اُس کو ۔ اور فلاں کو میرے حوالے کر دو تاکہ ماروں میں اُس کو اس لئے کہ یہ سردار اور پیشوا قریش کے ہیں [illegible] اَبُوْ بَكْرٍ فَهُمْ اَهْلُكَ وَقَوْمُكَ نَاْخُذُ مِنْهُمُ الْفِدْيَةَ يَكُوْنُ لَنَا قُوَّةً عَلَى الْكُفَّارِ الخ ۔ ترجمہ ابابکر صدیقؓ نے عرض کی یارسول اللہؐ یہ آپ کی قوم اور قریبی ہیں ۔ پس پکڑ دان سے جزیہ تاکہ قوت ہو ہم کو اوپر کفار [illegible] چنانچہ ابابکر صدیقؓ کی رائے پر آپ نے عمل کیا اور تمام کو جزیہ لے کر چھوڑ دیا ۔ اور دونوں صاحبوں کے حق میں آپ [illegible] فرمایا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَمَثَلُكَ يَا اَبَا بَكْرٍ مِثْلُ اِبْرَاهِيْمَ اِذْ قَالَ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ وَمَنْ [illegible] فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ الرَّحِيْمُ ۔

ترجمہ ۔ پس مثال تیری ابابکر صدیقؓ مثل ابراہیم کی سی ہے ۔ جس وقت کہا ابراہیم علیہ السلام نے پس جو کوئی [illegible] ہے پس وہ میرا ہے ۔ اور جو تیرا لے فرمان وہ تیرا ہے تو بخشش کرنے والا مہربان ہے ۔

نبیؐ کہیا مثال تیری اے ابوبکرؓ سردارا — ابراہیم خلیل دے اگوں جو رب نوں بہت پیارا
تنگی دتی قوم اُسدی نے اسنوں بہت ستایا — میں جلدی کراں ہلاک اونہاں نوں رب نے حکم سنایا
تاں ابراہیم خداوند اگے جلدی عرض گذاری — جو کوئی تابعدار میرا اوہ بخشیں لے رب [illegible]

Marfat.com

نہ بچے کوئی کافر ان میں رانا کر و افرانبرواری　　پس تحقیق توں بخشہارا تیری صفت ستاری

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ فَمَثَلُكَ يَا عُمَرُ مِثْلُ نُوحٍ اِذْ قَالَ رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا

ترجمہ: پس فرمایا رسول اللہ نے پس مثال تیری اے عمرؓ فاروقؓ مثل نوح علیہ السلام کی ہے۔ پس کہا نوح علیہ السلام اے رب میرے نہ چھوڑ اوپر زمین کے چلنے والا۔ یعنی تمام کافروں کو ہلاک کر۔

نظم

حضرت کہیا مثال تیری اسے عمر فاروقؓ حقانی　　مثال مانند ہے نوح نبیؑ دی جو ہے آدم ثانی

جد اُسدی قوم نے تنگی دتی نالے بہت ستایا　　تد نوحؑ نبی نے اپنے مولا اگے عرض سنایا

نہ اوپر زمیں دے چلن والا چھوڑیں کوئی کفاری　　سبھناں کریں ہلاک خدایا تیری صفت قہاری

فائدہ :- پس ان روایات سے دو فائدے حاصل ہوئے ایک حضرت محمد الرسول اللہ کا اپنے اصحاب سے مشورہ لینا ثابت ہوگیا۔ اور دوسرا حضرت ابا بکر صدیقؓ و عمر فاروقؓ کا ایمان لانا ثابت ہوگیا۔ اور ایمان بھی ایسا کہ آپؐ نے ان کی مثال اولی العزم پیغمبروں کے ساتھ بیان فرما کر مرتبہ بلند کیا

فائدہ :- پس اس سے زیادہ ایمان شیخین کا اور کیا ثبوت ہونا چاہیئے کہ خود حضرت محمد الرسول اللہؐ نے اپنی زبان پاک سے ان کو انبیاؑ جیسا فرمایا۔

قصص ہائے جنگ

شیعہ صاحبان جاہل مسلمانوں کو گمراہ کرنے کے لئے فرماتے ہیں کہ ہر میدان جنگ میں اصحاب ثلاثہ محمد الرسول اللہ کو اکیلے چھوڑ کر بھاگ گئے۔ اس واسطے مختصر بیان کیا جاتا ہے تاکہ احباب کو معلوم ہو جائے کہ کون سچا اور کون جھوٹا ہے سچ کا بول بالا جھوٹے کا منہ کالا۔

جنگ بدر

سب سے اوّل جنگ بدر واقع ہوا۔ جو مدینہ منورہ کے قریب ایک میدان ریگستان ہے وہاں نوسو کفار جمع ہوگئے جن کے سردار ابوسفیان و ابوجہل تھے اور یہ کفار مسلمانوں سے لڑائی کرنے کے لئے مکہ سے چڑھائی کر کے آئے تھے۔ جب آپ کو خبر پہنچی تو بروز جمعہ ستارہویں ماہ رمضان ۲ھ کو بہ ایک تینسو اصحاب کے وہاں پہنچکر مقابل ہوئے۔ اسیواسطے جو لوگ اُسدن حضرت محمد الرسول اللہ کے ساتھ تھے ان کا مرتبہ زیادہ ہے۔ اور ان کی مدد کے لئے اللہ تعالے نے آسمان سے فرشتے نازل فرمائے جیسا کہ پارہ چار سورۃ آل عمران میں ارشاد ہوتا ہے وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ اور البتہ تحقیق اللہ تعالے نے مدد کی تمہاری دن بدر کے ساتھ فرشتوں کے اور تم اسوقت خوار تھے۔ اور علامہ طوسی شیعہ اپنی کتاب تفسیر مجمع البیان میں لکھتا ہے۔ لَعَلَّ اللّٰهَ اِطَّلَعَ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ فَغَفَرَ لَهُمْ فَقَالَ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ

ترجمہ: علامہ طوسی فرماتے ہیں کہ اللہ تعالے نے اہل بدر کے شان میں ارشاد کیا کہ اے اہل بدر تم جو کچھ چاہو کرو تم کو خدا تعالے نے بخش دیا ہے۔ یعنی اہل بدر تمام جنتی ہیں۔

فائدہ :- اور حملہ حیدریہ میں مورخ شیعہ یوں فرماتا ہے کہ جب سنا محمد الرسول اللہ نے کہ کفار کہ جنگ کے لئے چلے آتے ہیں تو آپ نے اپنے اصحاب کو بلا کر مشورہ لیا تو سب سے پہلے صدیق اکبرؓ اور عمر فاروقؓ نے کہا کہ یا رسول اللہ کہ ہم بدل و جان جنگ کے لئے تیار ہیں۔ مگر آپ کے حکم کی انتظار ہے۔ تو آپ نے ترغیب جنگ کا خطبہ فرمایا جیسا کہ حملہ

Marfat.com

حیدریہ میں ہے ۔ در نظم :-

پس ایں خبر آں سیّد المرسلین
جد ایہ خبر سُنی سی جنگ دی سرور دو جہاناں !
بفرمود آں کہ باصحاب خویش
فرمایا اصحاباں اپنیاں کارن نبیؐ الٰہی !
بدانید کز کعبہ اہل جفا
جانوں تسیں جاظالماں رو کیا کعبیوں ساڈیاتئیں
شمار اکنوں چیست تدبیر کار
دسو کی تدبیر تساڈی اسدے کارن آئی
بپاسخ ابوبکر از جائے خاست
پس ابوبکرؓ نے حاضر ہو کر اوہوں عرض گذاری
اس تھیں پچھے عمر بہادر اوہوں عرض گذارے
با گفتند یا سیّد المرسلیں
صدیقؓ عمرؓ نے آکھیا یا سردار حبیبؐ حقانی
با دشمنان دیں جہا مے کنیم !
بیشک دشمناں تیریاں نال اسیں کرسے جنگ لڑائی
اسیں جاناں تیغیتوں گھول گھمایئے دشمناں مار و نجایئے
وزاں پس جا خواست مقداد نیز
بعد اونہاں تھیں کھڑا ہویا مقداد بہادر بھائی
بود تا بہ تن جان و در کف تواں !
اساں جاناں دھریاں تلیاں اپر پھڑیاں ہتھ تلواراں
زاں گشت خوش دل رسول خدا
ایس کلاموں خوش دل ہویا پاک رسولؐ الٰہی
ثابت قدم مہاجر کی جد سنیا جد تے پاسے
چنیں خواست پس بہترین بشر !
ایسا چاہیا حضرت بہتر بشر رسول الٰہی،
دگر بار فرمود کائے دوستاں
پھر فرمایا نبیؐ خدا نے دوست یار شہانے
نجا خواست ایں بار سعد معاذ
اجازت لے کر سعد معاذ نے اوہوں عرض گذاری
کہ با جان و دل با ہم عہد ست !

یکے انجمن ساخت با اہل دیں
ناں ہک وڈی مجلس قائم کیتی اہل ایماناں
کہ اے حق پرستان پاکیزہ کیش !
اے اصحابو حق پرستو نیک خصالو بھائی
کمر بستہ بر کین دیرخاش ما !
لک بنھے اونہاں مارن کارن کر کے ظلم جفائیں
کہ دشمن رسید از پئے کار زار !
دشمن آئے مارن کارن کریئے اسیں لڑائی !
وزاں پس عمر نیز قد کرد راست
یا حضرت اسیں حاضر جیویں کر حکم ہووے سرکاری
اسیں لڑسیئے مرسیئے راضی ہو کر یا سردار جانے
قدم پیش بگذار مارا ببیں !
تسیں قدم رکھو اسیں پچھے تیرے جان کراں قربانی
چہ مارا چیست جان فدا کنیم
اسیں جان کراں قربان تساں تھوں رسولؐ الٰہی
پھڑ تلواراں مار کفاراں ٹھنڈے کلیجے پایئے
بگفت اے حبیب خدا اے عزیز
تے آکھیا اے دوست ربّے سچے رسول الٰہی
بیاریم شمشیر بر دشمنان !
دشمناں کرئیے وٹے ٹکڑے چلن خون خواراں !
بفرمود از حق ایشاں دعا !
سب اصحاباں دے حق سرور نیک دعا فرمائی
پھر انصار مدینہ طرفے قدم رنجہ فرمائے
کہ از راز انصار با بد خبر
اے انصار مدینہ والیو دسو ساڈی بھائی
چہ گوئید اندر حق دشمناں
کیا کہندے تسیں دشمناں دے حق دی لوک بگانے
چنیں گفت از دوئے صدق و نیاز
اسیں حاضر سب صدق یقینوں یار رسول غفاری
بدست تو روز یکہ ...

[illegible] اے رسول [illegible]
[illegible] باں [illegible] خویش تبارہ
[illegible] تے سرجاناں ہور خویش قبیلہ سارے
اسے مدینے والیاں آکھیا پاک محمدؐ تائیں!
پیغمبر برایشاں نمود آفرین!
آفریں باد پیغمبر آکھیا دلدے نال یقینے
تاں پھر صفاں تیاری کارن حکم نبیؐ فرمایا
پس آورد روئے یزدان پاک!
پس ہوئے متوجہ حضرت طرف جناب الٰہی
بگفت او لے نمائندہ عدد او
تے کہیا اے جانن والے کل حساب شماراں
تو دانی کہ من زغائے قریش!
توں جانے جو میں نال قریشاں کرداہیں فلانی
کشیدم برایشاں بحکم تو تیغ!
میں نال حکم تیرے ایہناں اُپر کھچیاں اج تلواراں
الٰہی اگر ایں چند تن زعب د
ایہ چند بندے رحمانی یارب تیرے نیک [illegible] نی
بحکم تو بستند [illegible] میاں
حکم تیرے تے ہر اک مومن کمراں کسیاں کاری
ہمتو مومن دہ سو کافر آدن وچ شماراں
جیکر ایہ اج نہ فتح اُپر قوم کفاراں پاون
بروندے ایں تا قیامت دگر
اج دیہاڑے کوں لیکر روز قیامت تائیں
دراں دم صف خصم نزدیک شد
اسدم تائیں کفارانداں لشکر نیڑے آیا
بوبکر نزدیک نبی داشت جا!
ابوبکرؓ نزدیک نبیؐ دے ہو کر عرض گذاری
در آمدم تنگی سیاہ ضلال!
فوج کفار [illegible] سانوں تنگی بہت گذاری
پھڑ تلواروں [illegible] فتح اصحاباں پائی
[illegible] جدوں آکھیا نبیؐ حقانی

جاں [illegible] رکھیا نال جاں سب تیرے
ہمہ روز گردیم بر تو نثار
اساں سارے تیتھوں وارے نبیا کہن انصار سوہارے
توں کرساں لڑائی نے اسیں راضی نال رضائیں
بر آں صدق دالیاں انصار دیں!
اُپر صدق یقین تساڈے اے انصار میتے
حضرت آپ دعا فرماون راوی ذکر لیایا
بنالید و نالید و در روئے خاک
زاروزاری رودن لگے منہ پر مٹی پائی!
فرستندہ انبیائے بر عباد!
تے بھیجن والے نبیاںؑ اوپر نیکاں تے بدکاراں
بہ حکم کہ بودم نہ بر دائے خویش
میں تیرے نال حکم دے آیا نہ اپنی نال چالاکی
کمن نصرت خویش از من دریغ!
مدد کریں میری ایہ ہودن دور جو شر شراراں
کہ کردند مر ترا النشاد!!
کیتا بے اعتبار انہاں نے جیوں کر حکم حقانی
نہ دیدند بیش و کم دشمناں
نہ دیکھیا جو گھٹ زیادہ ساتھیں فوج کفاری
اساں اُپر تیرے تکیہ کرکے کس لیاں تلواراں
دشمناں ہتھوں کھا شکست ایہ سارے ملدے جاون
نہ گردد پرسند اسے داد گر
دوجا کوئی نہ ہوسی جیہڑا پوجا کرے تسائیں
زلیس گرد خورشید تاریک شد
گرداں اڈ اسمانی چڑھیاں سورج دھوڑ لکایا
بگفت اے بحق خلق راہ نما!
توں برحق سچا نبیؐ پیغمبرؐ رہبر خلقت ساری
چہ فرمائی اکنوں جو بیئے قتال
حکم کرو جنگ شروع کراں اسیں دلیں اللہ باری
خوشدل ہو کر نبیؐ اللہ دے نیک دعا فرمائی
تسیں خاص بہشتی ہو سب بدری خاصے یار تمالی

Marfat.com

بو جنگ بدر وچہ حاضر ہین سبنان افضل ہوئی
پر شیعہ کہن سناقی اونہاں دیں ایانوں عاری جنہاں رب تعریف ...

فائدہ :- باوجود ایسے عناد اور تعصب کے پھر بھی موتوخ شیعہ لے ... لکھا ... نہیں ہے۔ مثل مشہور ہے ؎
حق کبھی چھپ سکتا بناوٹ کے اصول سے خوشبو کبھی آنہیں سکتی کاغذ کے پھول سے

مسئلہ : ہندو بھی شیعہ کی طرح اصحابہ اکرام کی تعریف تو کرتے ہیں۔ مگر ایمان نہیں لاتے ... صاحب فرماتے ہیں ؎
چار مصلے چار کتاباں چارے یار رسول جو کوئی اینہاں منے ناہیں ہو کافر مجہول

مسئلہ :- جس طرح یہود و نصاریٰ کسی وقت محمد الرسول اللہ کی تعریف کرتے ہیں۔ اور کسی وقت ... کرتے ہیں۔ اسی طرح شیعہ صاحبان بھی کسی وقت اصحاب ثلاثہ کی تعریف کرتے ہیں اور کسی وقت تکذیب کرتے ہیں چنانچہ علامہ احتجاج طبرسی معتبر مفسر شیعہ سے روایت ہے قَالَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیٌّ کُنْتُ مَعَهٗ اَیْ مَعَ النَّبِیِّ جَبَلِ حُرَاۤءٍ فَاِذْ تَحَرَّکَ الْجَبَلُ فَقَالَهٗ قَرْ فَاِنَّهٗ لَیْسَ عَلَیْکَ اِلَّا نَبِیٌّ وَصِدِّیْقٌ وَشَهِیْدٌ ۔ ترجمہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے کہ تھا میں اور ابو بکر صدیقؓ ساتھ محمد الرسول اللہ کے اوپر حرا پہاڑ کے پس اچانک پہاڑ ... لگا تو فرمایا آپ نے اے پہاڑ مت کانپ نہیں اوپر تیرے کوئی سوائے نبیؐ صدیقؓ و شہید کے

شیعہ اپنی کتاب فروع کافی جلد دوم صفحہ ۲۱۶ میں لکھتے ہیں کہ امام باقر اپنی شرمگاہ پر نورہ یعنی پوڈر لگا کر لوگوں کے سامنے ہو جایا کرتے تھے۔ اور ستر پوشی کے واسطے صرف پوڈر کو کافی سمجھتے تھے جیسا کہ لکھتے ہیں اَنَّ اَبَا جَعْفَرٍ دَخَلَ ذَاتَ یَوْمٍ الْحَمَّامَ فَتَنَوَّرَ۔ ترجمہ۔ تحقیق امام باقر ایک دن حمام میں داخل ہوئے اور اوپر اپنے پوڈر لگایا فَلَمَّا اَنْ اُطْبِقَتِ النُّوْرَۃُ ترجمہ۔ تحقیق امام باقر ایک دن حمام میں داخل ہوئے اور اوپر اپنے پوڈر لگایا۔ فَلَمَّا اَنْ اُطْبِقَتِ النُّوْرَۃُ عَلٰی بَدَنِہٖ الخ پس جب پوڈر اُن کے بدن پر لگ گیا تو آپ نے تہبند اپنا اُتار دیا۔ تب غلام نے عرض کی کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں آپ تو ہر وقت تہبند باندھنے کا حکم فرماتے ہو۔ اور اب آپ نے خود اپنے بدن سے تہبند اتار دیا ہے۔ تو امام صاحب نے فرمایا کہ تو نہیں جانتا نورہ یعنی پوڈر شرمگاہ کو ڈھانپ دیتا ہے

فائدہ:- دیکھو صاحبان شیعہ نے امام باقر پر کتنا بڑا بہتان لگایا ہے جس کو کوئی عقلمند انسان تسلیم نہیں کر سکتا اور نہ ہی کوئی ایسا فعل کرنا پسند کرتا ہے۔ پس میرا غالباً قیاس ہے کہ آجکل جو منڈیے فقیر بھنگی چرسی لنگوٹیاں وغیرہ باندھتے ہیں جو خلاف شرع ہوتی ہیں وہ اسی روایت کے مطابق باندھتے ہوں گے۔

بہتان ہائے شیعہ بر امام جعفر صادق علیہ السلام

بہتان اوّل:- شیعہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس ایک قرآن مجید سوائے اس قرآن مروجہ کے ہے جو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا پر نازل ہوا تھا۔ اور قرآن فاطمہ رضی اللہ عنہا اس قرآن مروجہ سے تین حصے زیادہ ہے۔ گویا یہ قرآن مروجہ اُس قرآن کی چوتھائی ہے جیسا کہ اصول کافی صفحہ ۱۳۶ پر درج ہے۔ ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ وَعِنْدَنَا الْمُصْحَفُ فَاطِمَۃُ مَا یُنْزِلُ دَتِھِمْ الخ۔ ایک لمبی روایت میں ہے کہ فرمایا امام جعفر صادق علیہ السلام نے کہ ہمارے پاس ایک قرآن فاطمہ رضی اللہ عنہا ہے جو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا پر اُن کے رب نے نازل فرمایا تھا قَالَ مُصْحَفٌ فِیْہِ مِثْلُ قُرْاٰنِکُمْ ھٰذَا ثَلَاثُ مَرَّاتٍ فرمایا وہ ایسا قرآن ہے جو تمہارے قرآن سے تین حصے زیادہ ہے وَاللّٰہِ مَا فِیْہِ مِنْ قُرْاٰنِکُمْ حَرْفٌ وَّاحِدٌ قسم ہے خدا کی اُس میں تمہارے قرآن کا ایک حرف نہیں ہے۔

فائدہ:- اے ناظرین ذرا خیال کرو کتنا بڑا بہتان حضرت امام صاحب پر لگاتے ہیں۔ اہل سنت کی کتابیں تو درکنار خاص شیعہ کی بعض کتابوں میں بھی لکھا ہے کہ سوا اس قرآن موجودہ کے اور کوئی قرآن نہیں ہے۔ مثلاً عمدۃ البیان میں ہے۔ مگر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے درحقیقت سب شیعہ کا عقیدہ اصول کافی ہی ہے۔ اسی لئے یہ اس قرآن موجودہ کو حفظ نہیں کرتے اور تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ شیعہ میں کوئی حافظ نہیں ہوتا

بہتان دوم برامام جعفر رضی اللہ عنہ:- اصول کافی جلد ثانی صفحہ ۱۹۸ میں عبدالرحمن ابن کثیر نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ زنا بھی ایک قسم کا نکاح ہے۔ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ جَاءَتِ امْرَءَۃٌ اِلٰی عُمَرَ فَقَالَتْ اِنِّیْ زَنَیْتُ فَطَھِّرْنِیْ فَاَمَرَ بِھَا۔ ترجمہ۔ امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ حضرت عمر کے پاس ایک

Marfat.com

عورت آئی اور عرض کی کہ یا حضرت مجھ سے زنا سرزد ہوا ہے۔ آپ اس گناہ سے مجھے پاک کریں پس حضرت عمرؓ نے اس کو حد مارنے کا حکم فرمایا۔ فَأُخْبِرَ بِذَالِكَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ فَقَالَ كَيْفَ زَنَيْتِ ۔ پس جب حضرت علیؓ کو اس واقعہ کی خبر ہوئی تو فرمایا اے عورت تو نے کس طرح زنا کیا ہے فَقَالَتْ مَرَرْتُ بِالْبَادِيَةِ فَأَصَابَنِي عَطَشٌ شَدِيدٌ پس اس عورت نے عرض کیا کہ یا حضرت میں جنگل میں گئی ہوئی تھی وہاں مجھے سخت پیاس لگی فَاسْتَسْقَيْتُ أَعْرَابِيًّا فَأَبَى أَنْ يَسْقِيَنِي إِلَّا أَمْكَنْتُهُ مِنْ نَفْسِي ۔ پس ایک گاؤں والے سے میں نے پانی مانگا تو اُس نے کہا کہ تو میرے نفس کی خواہش پوری کر تو میں تم کو پانی دوں گا ورنہ پانی نہیں ملے گا۔ فَلَمَّا أَجْهَدَنِي الْعَطَشُ سَقَانِي فَأَمْكَنْتُهُ مِنْ نَفْسِي، پس جب پیاس نے مجھے بہت تنگ کیا تو میں اُس کی خواہش پوری کرنے پر راضی ہوگئی اور پانی لے کر پی لیا۔ فَقَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ تَزْوِيجٌ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ ۔ پس یہ سُن کر حضرت علی کرم اللہ وجہٗ نے فرمایا کہ مجھے قسم ہے بیت اللہ کی یہ تو عین نکاح ہے زنا نہیں۔

فائدہ:۔ دیکھو صاحبان یہ حضرت علیؓ اور حضرت جعفر صادق علیہ السلام پہ کتنا بڑا بہتان ہے کہ زنا کو بھی نکاح بنا دیا۔ غالباً میرا قیاس ہے کہ تمام بازاری عورتوں نے اسی واسطے مذہب شیعہ کو اختیار کر رکھا ہے کہ اس مذہب میں زنا کی کسی طرح بھی تعزیر نہیں ہے۔ اور متعہ مذہب شیعہ میں کمال فضیلت رکھتا ہے۔

بہتان سوم:۔ تذکرۃ الطہرین میں صفحہ ۸۰ پر مرقوم ہے کہ کتاب امالی میں صفوان حمال سے روایت ہے۔ کہ ایک دن میں امام جعفر صادقؓ کے پاس گیا۔ اور عرض کی کہ یا حضرت میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں میں نے سُنا ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ ہمارے شیعہ سب داخل جنت ہیں۔ اگرچہ انہوں نے حقوق اللہ اور حقوق العباد میں کتنی ہی کوتاہی کیوں نہ کی ہو۔ تو امام جعفر صادقؓ نے فرمایا کہ ہمارے ہاں شیعہ سب داخل جنت ہیں خواہ وہ کیسے ہی بداعمال ہوں یعنی زانی شرابی بے نماز بے روزے تارک زکوٰۃ تارک حج بے فرمان والدین اُستاد۔ جوئے باز ڈاکو۔ چور وغیرہ بدعمل کیوں نہ ہوں۔ کیونکہ جو حقوق العباد ہمارے شیعوں پر ہوں گے وہ ہم خمس میں حساب کر لیں گے۔ اور جو حقوق اللہ ہوں گے وہ ہم خدا تعالیٰ سے بخشوا لیں گے۔ بہرحال ہم اپنے کسی شیعہ کو بھی دوزخ میں نہ جانے دیں گے۔

فائدہ:۔ یہ صاف بہتان ہے کیونکہ جو حقوق العباد ہیں وہ تو کسی صورت میں بھی معاف نہیں ہو سکتے۔ جب تک حق والا معاف نہ کرے خواہ وہ حق مال ہو، خواہ حق عزت حرمت ہو۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے پارہ تیس سورۃ إِذَا زُلْزِلَتْ میں ارشاد فرمایا ہے وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ ترجمہ۔ پس جو کوئی ایک ذرہ بھر بھی برائی کرے گا اُس کو پالے گا۔ یعنی خشخاش کے دانہ جتنی برائی کی سزا بھی پوری ملے گی دیگر خمس تو کھا گیا بادشاہ اور مال لوگوں کا بھرے یا جائے کا مثل مشہور ہے۔ نانی نے خصم کیا دوہترے کو چٹی۔ اگر مسئلہ خمس کا دیکھنا ہو تو شروع پارہ دسویں میں دیکھو۔

فصل تیسری

شیعوں کا نام رافضی تب سے پڑا ہے جب سے انہوں نے امام زیدؒ جو حضرت امام حسینؓ کا پوتا اور حضرت علیؓ کا پڑپوتا تھا کو شہید کر ڈالا۔

جس دن زیدؒ شہید کرایا رل کے انہاں پلیداں　　رافضی یعنی تارک اسدن نام پیا بے دیناں

Marfat.com

اوہ سید آل رسول اللہ دی انہاں امام بنایا
بُرا نہ کہو اصحاباں تائیں زیدؓ اونہاں فرمایا
ایہ گل شیعیاں بھانی ناہیں دشمن اُسدے ہوئے
پر ظاہر دوست بنکے اُسدی خدمت سچے کھلوئے
نال ہشام دے جنگ کرن نوں کیتی اونہاں تیاری
خبر نہ اوسنوں جو ایہ دشمن وچوں قوم ہماری
فوجاں جدوں مقابل ہویاں ہوئی جنگ نیاری
تیراں ہزار سپاہی آہا رافضیاں دا کاری !
ایہ دوست اہل البیت نبی دے سارے گھرنوں موڑے
زیدؓ شہید ہویا اسجگہ بھی کجھ سنگی کھلوڑے
ایہ پونا شاہ حسین ولی دا انہاں شہید کرایا
نال امام حسینؓ جویں سی کربل ظلم کمایا
کرکے ترک امام اپنے نوں جان اوہ نسٹے سارے
رافضی نام اونہاں دا ہویا اسدن کولوں پیارے
بھی وقت شہادت سید آکھیا ایہ مینوں چھوڑ سدھائے
رَافِضُوْنَ فَهُمْ رَافِضُوْنَ تاں ایہ لقب آلائے

مجلس سولویں ۱۶

در طعن ہائے شیعہ بر اصحابہ کرامؓ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلِهٖ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۔ پارہ دس سورۃ توبہ میں اللہ تعالےٰ جل جلالہٗ نے اصحابہ اکرامؓ کا شان اور ایمان یوں ارشاد فرمایا۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۚ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۔

ترجمہ - اور وہ لوگ جو ایمان لائے اللہ پر اور رسول اللہ پر اور وطن اپنا چھوڑا خدمت اسلام کے واسطے ۔ اور جنگ کیا کفار سے بیچ راہ اسلام کے - اور وہ لوگ جنہوں نے جگہ دی مہاجروں کو اور مدد کی ان کی ہر طرح سے وہ وہ لوگ ہیں سچے مومن اور واسطے ان لوگوں کے بخشش ہے اور رزق ہے اچھا ۔

فائدہ :- یہاں اللہ تعالےٰ نے مہاجر اور انصار کی تعریف فرما کر بخشش اور رزق نیک کا بھی وعدہ فرمایا ہے - اور اس وعدہ خداوندی کے مستحق سب سے اول چہار یار محمد الرسول اللہ ہیں - یعنی ابابکر صدیقؓ - عمر فاروقؓ - عثمان غنیؓ - علی کرم اللہ وجہٗ جن کا خاتمہ بھی باایمان ہوا - اور اپنے اپنے زمانہ خلافت میں رزق بھی عمدہ پایا - اور درحقیقت سب اصحاب اس میں شامل ہیں -

طعن اول شیعہ بر عمر فاروقؓ

شیعہ کہتے ہیں کہ بیماری کی حالت میں حضرت محمدؐ الرسول اللہ نے کاغذ اور قلم دوات مانگی تو اصحاب مرتد ہوگئے حضرت عمرؓ نے کہا کہ اسوقت حضرت کو تکلیف ہے ہم کو خدا کا قرآن ہی کافی ہے - پس عمرؓ نے بے ادبی کی اور حکم کی تعمیل نہ کی ایسی ایسی باتیں بنا کر جاہل غریب مسلمانوں کو اصحاب ثلاثہ سے بد اعتقاد کرتے ہیں ۔

جواب :- یہ قصہ کتب اہل سنت میں اس طرح لکھا ہے کہ جمعرات کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سخت بیمار ہوگئے جب درد کا غلبہ ہوا تو آنحضرت نے فرمایا کہ کاغذ قلم دوات لاؤ تو میں تجھ کو کچھ وصیت لکھدوں تاکہ میرے بعد تم کبھی گمراہ نہ ہو

Marfat.com

صحابیوں نے کاغذ لانے میں کچھ گفتگو کی۔ بعض نے کہا کہ لانا چاہیئے۔ اور بعض نے کہا کہ اسوقت آپ کو تکلیف ہوگی کاغذ نہیں لانا چاہیئے۔ بعض نے کہا کہ حضورؐ کو شدت مرض سے ہذیان نہ ہوگیا ہو۔ بعض نے کہا کہ پھر دوبارہ دریافت کرنا چاہیئے۔ جب حضرت عمر فاروقؓ نے دیکھا کہ اصحاب آپس میں جھگڑرہے ہیں تو فرمایا کہ خاموش رہو۔ اسوقت حضورؐ کو شدت کی درد نہایت سخت ہورہی ہے جھگڑنے سے کوئی فائدہ نہیں۔ ہم کو کتاب اللہ کافی ہے۔ آخر بعض اصحابؓ نے حضورؐ سے کاغذ منگوانے کی کیفیت دریافت کی تو آپؐ نے فرمایا تم لوگ اس وقت مجھ سے دُور ہو جاؤ۔ میں جس چیز میں مشغول ہوں وہ اس سے بہتر ہے

دیکھو حضرت محمد مصطفےٰ ۔۔۔ حضرت عمرؓ کے مطابق ہی کہا
مجھے نہ بلاؤ نبیؐ کا ارشاد ہے ۔۔۔ بات تو صرف یہی ہے باقی سب شیعہ کا عناد ہے
شیعہ کہتے ہیں ہذیان کی نسبت مصطفےٰ کو دی ۔۔۔ اس میں ہے بے ادبی احمد مختار کی!
یہ مرض آگے بھی انبیاء کو ہے لاحق ہوا ۔۔۔ پڑھ قرآن میں خَرَّ مُوسٰی صاعقا

جیسا کہ پارہ ۹ سورۃ اعراف میں ہے۔ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۔ ترجمہ:۔ پس جب موسیٰ علیہ السلام بیہوش ہوکر گر پڑے

فائدہ:۔ یعنی جب موسیٰ علیہ السلام نے دیدار الٰہی دنیا میں طلب کیا تو یہ واقعہ ہوا۔ اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب نفخہ صور کا پھونکا جاوے گا تب انبیاء علیہم السلام سوا موسیٰ علیہ السلام کے بیہوش ہو جائیں گے۔ کیونکہ وہ دنیا میں نور الٰہی کی جھلک دیکھ چکے تھے۔

جواب دوم:۔ اگر کاغذ قلم دوات کا منگوانا اور لکھنا بقول شیعہ حکم اللہ تعالے کا تھا تو نعوذ باللہ من ذالک حضرت محمد الرسول اللہ بھی خاطی ٹھہرے کیونکہ اللہ تعالے کے حکم کی نافرمانی کی۔ جیسا کہ اللہ تعالے پارہ ۶ سورۃ مائدہ میں ارشاد فرماتے ہیں یٰۤاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ وَ اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ۔ ترجمہ۔ اے رسول پہنچا دے تمام مخلوق کو جو کچھ اتارا ہے رب تیرے نے تیری طرف اگر ایک حکم بھی میرا تو نے مخلوق کو نہ پہنچایا تو گویا تو نے میرا کوئی حکم بھی نہیں پہنچایا۔

جیکر توں ہک امر اساڈا خلقت کنوں لکایا! ۔۔۔ گویا کوئی نہ حکم اساڈا خلقت نوں پہنچایا
جو کل خلقت نوں ڈریا ناہیں عمر کنوں کد ڈردا ۔۔۔ ایہ شیعہ صاحب قدر کی جانن پاک نبیؐ سرورا
جے اوہ کم ضروری ہوندا کردے نبیؐ الٰہی ۔۔۔ ہٹکیاں ہوڑیاں مول نہ رہندا پاک رسول تعالیٰ
یا اوہ کم جے دینی ہوندا کردے نبیؐ الٰہی ۔۔۔ اسے پر سب کچھ سمجھے جانے ہرگز ایہ گل ناہی
کچھ تدبیر سیاست یا کوئی بندوبست اصحاباں ۔۔۔ لکھنا سی منظور نبیؐ نوں آہا وچہ کتاباں
لکھن دی کچھ حاجت ناہیں آکھیا گیا زبانی ۔۔۔ عمرؓ صلاح دتی جو منی پاک رسولؐ گرامی

مسئلہ:۔ مسلم وبخاری شریف میں ہے کہ حضرت محمد الرسول اللہ نے قریب وفات کے تین چیزوں کی وصیت فرمانے کے لئے قلم دوات منگوائی تھی سو وہ وصیت درد کے بعد آرام ہونے کے وقت آپؐ نے زبانی فرمایا کہ ایک تو مشرکین کو عرب کے ٹاپو سے باہر نکال دینا۔ دوسرا قاصدوں کے ساتھ سلوک رکھنا جیسا کہ میں رکھتا ہوں۔ تیسرا اسامہ کا لشکر تیار کرکے شام ملک میں جلدی بھیج دینا۔

جواب سوم:۔ قرطاس یعنی کاغذ کا واقعہ جمعرات کا ہے۔ اور آپ نے پیر وار یعنی سوموار کے دن انتقال فرمایا۔ الغرض پس گر پڑے موسیٰ علیہ السلام بیہوش ہوکر۔

Marfat.com

کہ آپ نے اس واقعہ کے بعد پانچ دن زندہ رہ کر دار فانی سے رحلت فرمائی ۔ اگر یہ حکم فرض ہوتا کہ خلافت حضرت علیؓ کو ملے تو ضرور ہی ان پانچ دنوں میں آپ لکھ دیتے ۔ نعوذ باللہ من ذالک ۔ کیا خدا تعالیٰ کو بھی حضرت عمرؓ کا خوف تھا ۔ کہ ان پانچ دنوں میں کوئی آئیت نہ ارسال فرمائی ۔ کہ خلافت حضرت علیؓ کو ملنی چاہیئے

ہویا معلوم جو دعویٰ شیعہ بالکل جھوٹا آیا — جھوٹ طوفان بنا کر اینہاں جاہلاں نوں بھرمایا
خلافت لکھن کارن کاغذ ناں حضرت منگوایا — تے نہ جبرائیلؑ فرشتہ حکم الٰہی آیا !!!
جیکر حکم اللہ دا ہوندا سنتوں میرے بھائی — لکھدے جھبدے نبیؐ الٰہی دیر نہ کردے کائی

فائدہ :۔ یہ جو شیعہ اس مقام پر حضرت عمرؓ پر طعن کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے محمد الرسول اللہ کو کاغذ نہ لکھنے دیا ۔ اور کہا کہ ہم کو قرآن کافی ہے ۔ لکھنے کی کوئی ضرورت نہیں ۔ یہ شیعہ صاحب کے فہم کا قصور ہے ۔ اور اس کا جواب اول یہ ہے کہ جس وقت کاغذ لکھنے کا حکم آپؐ نے دیا تھا تو عام اصحابہ کرام کو حکم دیا تھا نہ کہ صرف حضرت عمرؓ کو دیا تھا

جواب دوم یہ ہے ۔ کہ اس جگہ حضرت علی کرم اللہ وجہ بھی موجود تھے ۔ اُن کا ہاتھ کیوں نہ کاغذ لانے سے روکا تھا ۔ اور یہ جو حضرت عمرؓ نے عرض کی تھی کہ حضرتؐ لکھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہم کو قرآن کافی ہے اس کہنے کی وجہ یہ تھی کہ حضرت محمد الرسول اللہ پر قرآن کریم تمام ہو چکا تھا ۔ اور دین کامل ہو چکا تھا ۔ باقی کوئی کسر نہ تھی کہ جس کو حضرت محمد الرسول اللہ لکھتے ۔ جیسا کہ پارہ چھ سورۃ مائدہ میں ہے ۔ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ ۔ ترجمہ ۔ آج دن میں نے کامل کر دیا واسطے تمہارے دین تمہارا اور تمام کر دیں اوپر تمہارے نعمتیں ۔

خیر خواہی دے کارن کاغذ حضرت عمرؓ ہٹایا — ویر عداوت نال کسیدے ہرگز ناہیں آیا
نہ کوئی بے فرمانی کیتی ہرگز اُس نے کائی — سی تکلیف نبی دی کارن دو چہ شفقت آئی
ایسے نازک وقت اندر کجھ لکھن مناسب ناہیں — جیوں کر ہے دستور بزرگاں شفقت کرن تداہیں
جیوں استاد بیمار شاگرد ایہ ادبوں عرض گذارے — سبق نہیں اج پڑھناں لائق لے استاد ہمارے
اُستاد کہے آ سبق پڑھیں شاگرد ایہ عرض سناوے — ہے تکلیف تساوں حضرت پڑھنا سبق نہ بھاوے
اس انکار نہ آکھن بلکہ ہے ایہ شفقت بھاری — عمرؓ خلیفے ایسی طرح سی ادبوں عرض گذاری !

شعر

چشم بد اندیش برکندہ باشش — عیب نمائش ہنر در نظر کاش
آنکھ بُرے دشمن کی اے اللہ ہلاک ہووے — جو ہنر بھی ہیچ آنکھ اُسکی کے عیب دکھائی دیتا ہے

فائدہ :۔ اسی طرح اور بھی کئی طعن شیعہ حضرت عمرؓ فاروق پر کرتے ہیں کبھی کہتے ہیں کہ وہ نبوۃ پر شک کرتا تھا کبھی کچھ اور کبھی کچھ طعن کرتے ہیں ۔ جن کا ذکر کرنا بسبب طوالت کے چھوڑ دیا گیا ہے ۔

طعن دوم در تجہیز تکفین حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم بر اصحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین

شیعہ کہتے ہیں کہ اصحاب ثلاثہ طمع دنیا کے سبب سے جھگڑے لئے خلافت میں پڑ گئے ۔ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نعش مبارک تین دن تک پڑی رہی ۔ اور کوئی اصحاب تجہیز و تکفین میں شامل نہ ہوا ۔ اور نہ ہی کسی نے جنازہ پڑھا ۔ اسی طرح حضرت فاطمہؓ کے جنازہ پر بھی کوئی شریک نہ ہوا ۔ ایسے ہی کئی طرح کے من گھڑت ڈھکوسلے بنا کر جاہل مسلمانوں کو سنا کر دیتے ہیں ۔ اور گمراہ کر دیتے ہیں ۔

Marfat.com

جواب اول :- یہ طعن شیعہ کا اصحابہ کرام پر بالکل غلط ہے۔ کیونکہ شیعہ کی ہی کتاب اصول کافی صفحہ ۲۶۶ پر درج ہے عن ابی جعفر صلت علیہ الملائکۃ ثم المہاجرین ولا نصارین فوجا فوجا ۔ ترجمہ - روایت ہے کہ امام جعفر نے فرمایا کہ جب حضرت محمد الرسول اللہ کی روح مبارک قبض کی گئی۔ تو اوّل آپ کا جنازہ فرشتوں نے پڑھا پھر مہاجرین یعنی ابا بکر صدیق و عمر فاروق، عثمان بن عفان وغیرہ نے۔ پھر تمام مدینہ کے رہنے والوں نے۔ الغرض کہ دس دس آدمی جنازہ آپ کا پڑھتے تھے۔ اور حضرت عمرؓ دروازہ میں کھڑے فرماتے تھے کہ جنازہ اور اہل بیت کو خالی کرد۔ جیسا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں ونادی عمر بن خطاب خلوا الجنازۃ واھلھا ۔ ترجمہ ۔ حضرت عمرؓ پکارتے جاتے تھے کہ اے لوگو خالی کرو جنازہ اور اُس کے اہل کو۔

امام جعفرؓ دی خود زبانی ایہ گل ثابت ہوئی ۔ سب اصحاب جنازہ پڑھیا خالی رہیا نہ کوئی
ایہ دھوکا دیون کارن شیعاں جھوٹی گل بنائی ۔ اصحاب نبیڈیاں حب زیادہ دنیا سنگ لگائی
بعد نبیؐ مرتد ہوئے سب کہن ایہا نوں خالی! ۔ اک سلامت علیؓ اُہیا اتے بھی چند شخص کمالی

یعنی سلمان فارسیؓ اور ابوذر غفاریؓ اور مقدادؓ اصلی سلامت رہے تھے۔ اور عمار بن یاسر تردد میں تھا سوائے ان تین اصحاب کے دیگر سب اصحاب بعد وفات محمد الرسول اللہ کے مرتد ہو گئے تھے۔

جواب دوم :- جب حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قریب الموت ہوئے تو آپ نے وصیت فرمائی کہ مجھ کو سوا اہل بیت میرے کے اور کوئی غسل نہ دیوے۔ اور جنازہ میرا بعد غسل کے میری قبر کے پاس رکھ دیا۔ کیونکہ اوّل میرا جنازہ حضرت جبریل علیہ السلام اور دیگر ملائکہ پڑھیں گے۔ پھر اہل بیت میرے بعد مہاجرین میرا جنازہ پڑھیں گے پھر انصار پھر عام لوگ فوجیں فوجیں جنازہ کے لئے آئیں گے۔ چنانچہ ویسا ہی ہوا۔ مطابق فرمان غسل کے لئے پانچ شخص مقرر ہوئے۔ ایک حضرت علی کرم اللہ وجہٗ اور دونوں صاحبزادے امام حسنؓ و حسینؓ اور دو غلام ایک حضرت عباسؓ کا اور ایک حضرت عقیلؓ کا غلام اور یہ بھی آپ کی وصیت تھی کہ اے علیؓ سوا تیرے تمام آنکھیں بند کر لیں۔ ورنہ جو کوئی میرے جسم مبارک کو دیکھے گا وہ نابینا ہو جائے گا۔ کیونکہ سوائے حضرت علیؓ کے کسی کو طاقت نہیں کہ میری نونگی کے بعد میرے جسم کی بھی طرف دیکھ سکے۔ چنانچہ ویسا ہی کیا گیا۔

فائدہ :- برادران اسلام بتایئے۔ اس بات میں اصحابہ کرام کا کیا قصور ہے۔ ہر ایک نے فرمان نبویؐ پر عمل کیا۔

جواب سوم :- شیعہ کی معتبر کتاب جلاءالعیون میں درج ہے کہ ابا بکرؓ صدیق حضرت محمد الرسول اللہ کا جنازہ پیش امام ہو کر پڑھانے لگے تو حضرت علیؓ نے حضرت ابا بکر صدیق کو پیچھے ہٹا دیا۔ اور خود امام ہو کر جنازہ پڑھایا۔ اور بعد دیگر اصحابوں کو اجازت جنازہ پڑھنے کی دی۔ یہاں تک کہ دس دس آدمی داخل ہوتے تھے اور جنازہ پڑھتے تھے جیسا کہ اوپر ذکر ہوا ہے بعض شیعہ مذہب جاہل مسلمانوں کو دھوکا دینے کو یہ شعر پڑھتے ہیں ؎

چوں اصحابہ حُبّ دنیا داشتی ۔ نبیؐ را از بے کفن بگذاشتی

ترجمہ - یعنی اصحابہ کو ایسی محبت دنیا کی تھی کہ انہوں نے محمد الرسول اللہؐ کو بے کفن اور بے جنازہ ہی چھوڑ دیا۔

فائدہ :- اور یہ شیعہ کا صاف جھوٹ اور بہتان ہے۔ کیونکہ کتب شیعہ سے ہی ثابت ہوتا ہے کہ تمام اصحاب محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنازہ پڑھا تھا۔ جیسا کہ تذکرۃ الطہرین صفحہ ۱۸ پر لکھا ہے کہ حضرت محمد الرسول اللہؐ کو غسل دیا حضرت علی کرم اللہ وجہٗ نے وکفنہ وصلی علیہ مع ملا ئکۃ السموات ومع بنی ہاشم والمہاجرین والانصار ودفنہ ۔ اور کفن دیا اور جنازہ پڑھا ساتھ فرشتوں کے اور بنی ہاشم کے اور مہاجرین کے اور انصار کے اور

Marfat.com

دفن کیا حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو۔

فائدہ :- یعنی ملائکہ اور مہاجرین وانصار نے ملکر جنازہ پڑھا۔ تو یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ سب سے اول حضرت ابابکر صدیق اور عمرؓ فاروق اور عثمان غنیؓ ہیں۔

مسئلہ :- اگر حضرت علیؓ کو حضرت صدیق اکبرؓ و حضرت عمر فاروقؓ کے ساتھ دلی رنج ہوتا تو وقت غسل اُن کو خفا کرکے اندھے کردیتے۔ پس اس قرینہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اصحاب ثلاثہ اور حضرت علیؓ کا آپس میں رنج و عناد کوئی نہ تھا مگر یہ باتیں صرف اَن پڑھ مسلمانوں کے گمراہ کرنے کے واسطے شیعوں نے بنا رکھی ہیں۔

طعن سوم :- شیعہ کہتے ہیں کہ حضرت فاطمہؓ خاتون جنت بنت رسول اکرمؐ کا جنازہ بھی اصحابؓ ثلاثہ نے نہیں پڑھا۔

جواب :- حضرت خاتون جنتؓ نے بوقت قریب الوفات حضرت علی کرم اللہ وجہٗ کو وصیت فرمائی تھی کہ میرا جنازہ کوئی مرد نہ دیکھے۔ تم نے آپ ہی میرا غسل کفن دفن جنازہ کرنا ہوگا۔ بلکہ میرا جنازہ رات کے وقت نکالنا تاکہ غیر مرد عورت کی نظر بھی میرے جنازہ پر نہ پڑے۔ جیسا کہ دفنائی حضرت فاطمہؓ میں مذکور ہے

نظم

نال صحیح روایت مروی وچہ کتاباں آیا — جو فاطمہؓ مرض الموت اپنی وچہ حیدرؓ نوں فرمایا
جو شرم کراں مَت بنجی میری مرد نا محرم جاون — ظاہر میّت میری اُتے نظر نہ محرم پاون
عادت سی اس ویلے ایہہ لوک تمامی کر دے — میّت عورت مرداں سانگوں ظاہر کرکے دھر دے
حضرت فاطمہؓ اس گل کولوں آہی بہت حیرانی — شاید میّت میری دیکھن مرد نا محرم جانی
شاہ علیؓ نوں کرے وصیّت کرکے بہت ازروئی — راتو رات مینوں دفنائیں غیر نہ دیکھے کوئی
موجب ایس وصیّت حیدرؓ راتیں دفن کرائی — فاطمہؓ آکھیا میّت میری ہور نہ دیکھے کائی
فجرے سب اصحاب نبیؐ دے پاس علی دے آئے — ابوبکرؓ تے عمرؓ بہا در ووہاں سخن الائے
کیوں نہ کیتی خبر اسانوں حیدرؓ شیر الہیٰ! — علیؓ کہیا جو زہراؓ ایہ وصیّت کیتی آہی
جو راتو رات میںوں دفناویں ہور نہ ویکھنا پاوے — میں کیتا عمل وصیّت اوپر شاہ علی فرماوے

كَمَا قَالَ شَيْخُ الصَّدُوْقِ فِيْ صَاحِبِ الْخِصَالِ مِنْ إِمَامِ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ جَاءَ اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اِلٰى اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ حِيْنَ دُفِنَ فَاطِمَةُ فِيْ حَدِيْثِ الطَّوِيْلِ قَالَ لَهُمَا اِمَّا مَا ذَكَرْتُمَا لَمْ اُشْهِدْكُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ فَاِنَّهٗ قَالَ لَا يَرٰى عَوْرَتِيْ غَيْرُكَ اِلَّا ذَهَبَ بَصَرُهٗ۔

ترجمہ :- جیسا کہ کہا بابویہ قمی بلقب شیخ صدوق شیعہ نے بیچ صاحب خصال کے بسند خود امام عبداللہ سے کہ آئے دونوں صاحب حضرت ابابکر صدیق و عمر فاروقؓ حضرت علیؓ کے پاس اور کہا کہ حضرت فاطمہؓ کے دفن کے وقت ہمیں آپ نے خبر کیوں نہ کی۔ اور یہ قصہ بیچ حدیث لمبی کے ہے۔ کہا ان دونوں نے اے حضرت علی کرم اللہ وجہٗ نہ شامل کیا آپ نے ہم کو حضرت فاطمہؓ کے تجہیز و تکفین میں جیسا کہ نہ شامل کیا آپ نے ہم کو تجہیز و تکفین محمد الرسول اللہؐ میں۔ تو حضرت علیؓ نے کہا اے ابابکرؓ و عمر فاروقؓ آپ کے نہ بلانے کی وجہ یہ تھی کہ حضرت محمد الرسول اللہ نے مجھ کو وصیت فرمائی تھی کہ میرے جسم مبارک کو تیرے سوا کوئی اور دیکھے گا تو نابینا ہو جائے گا۔ اور میں نہیں چاہتا تھا کہ آپ صاحبان کو تکلیف پہنچے۔ اور حضرت فاطمہؓ نے وصیت فرمائی تھی جو کہ مذکور ہو چکی ہے۔

Marfat.com

فائدہ :۔ الحمد للہ اس طعن بدگمان سے بھی اصحاب ثلاثہؓ خود حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی زبان مبارک سے بَری خلاص ہوئے ۔

حاصل کلام اس غسل کفن میں شامل نہ کرنے میں نہ تو حضرت علیؓ پر کوئی طعن آتا ہے اور نہ ہی اصحاب ثلاثہؓ پر کوئی طعن لازم آتا ہے ۔ کیونکہ حضرت محمدؐ الرسول اللہ اور حضرت فاطمہؓ نے خود ہی وصیت فرمائی تھی کہ ہمارے تجہیز و تکفین سوا تیرے کوئی اور نہ کرے ۔ جیسا کہ ابا بکر صدیقؓ کو فرمایا کہ میرے بعد خلافت کا حق تیرا ہے ۔ پس ہر ایک صاحب نے مطابق وصیت کے عمل کیا

طعن چہارم در خلافت اصحاب ثلاثہ رضی اللہ تعالے عنہم اجمعین

پارہ اٹھاراں سورۃ نور میں اللہ تعالے نے ہر چہار خلیفہ حق ہونے کی خوشخبری فرمائی ہے ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۔ وعدہ کیا اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں سے جو ایمان لائے تم میں سے اور عمل کئے اچھے اس بات کا لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ۔ کہ خلیفہ کریں گے ہم تم کو بیچ زمین کے جیسا کہ خلیفہ کیا ہم نے ان کو جو ایمان لائے پہلے تمہارے یعنی بنی اسرائیل کو جائے نشین کیا تھا وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ ۔ اور یہ کہ ثابت کرے گا اللہ تعالیٰ واسطے انکے دین ان کا جو پسند کیا واسطے ان کے وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ۔ اور بدل دے گا خوف ان کے کو امن بے خوفی سے ۔ يَعْبُدُوْنَنِيْ وَلَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْئًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۔ ترجمہ :۔ اور بندگی کریں گے میری اور نہ شریک لائیں گے ساتھ میرے کسی چیز کو ۔ اور جو کوئی کفر کرے پیچھے اس کے یعنی چہار خلیفہ کی خلافت نہ مانے یا ان میں سے کسی کو نہ مانے ۔ یعنی کسی کی خلافت کا انکار کرے ۔ پس وہی لوگ ہیں فاسق بدکار ۔ حاصل کلام اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا تھا کہ اے امت محمدیہ یہ جو تم میں سے ایمان لائیں گے اور عمل بھی نیک کریں گے ۔ ہم تم کو خلیفے زمین کے کریں گے ۔

فائدہ :۔ اول نمبر ۱ اس آیت کے مصداق چہار یار ہیں جن کی خلافت سے سوا فاسق بدکار کے کوئی انکار نہیں کر سکتا ۔

مسئلہ :۔ شیعہ کہتے ہیں کہ خلافت حق علی کرم اللہ وجہہ کا تھا ۔ اور اصحاب ثلاثہ کا کوئی حق نہیں تھا ۔ اس واقعہ کو ہم مختصر طور پر معتبر تاریخوں سے صاحب انصاف کے آگے پیش کرتے ہیں تاکہ معلوم ہو جائے کہ کون کاذب ہے ۔

فائدہ :۔ مختصر قصہ یوں ہے کہ بعد وفات جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔ سب سے پہلے ایک جماعت انصار نے دعوائے خلافت کا کیا تو اصحاب مہاجرین بھی سقیفہ بنی سعد میں جمع ہو گئے ۔ اور خلافت کی گفت گو ہوتی رہی آخر اصحاب انصار نے کہا کہ ایک امیر ہم میں سے مقرر ہو اور ایک تم میں سے مقرر ہو ۔ تو اس وقت حضرت صدیق اکبرؓ نے یہ حدیث پڑھی جو بخاری شریف و مسلم شریف میں ہے قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ الْاَئِمَّةُ مِنَ الْقُرَيْشِ ۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ امامت قریش میں ہی ہونی چاہیئے ۔ پس یہ فرمان آپؐ کا سن کر تمام انصار خاموش ہو گئے ۔ اور پھر کسی نے دعوائے خلافت کا نہ کیا ۔ کیونکہ انصار مہاجر ابوبکر صدیقؓ کو یار غار اور متقی پرہیزگار جانتے تھے ۔ اور فضائل بھی ان کے خود سرور کائنات کی زبان مبارک سے سب نے سنے ہوئے تھے ۔ جیسا کہ بخاری و مسلم شریف میں ہے يَا عَائِشَةُ اٰمُرِيْ اَبَا بَكْرٍ تُصَلِّيْ بِالنَّاسِ ۔ ترجمہ ۔ اے عائشہؓ اپنے باپ ابوبکرؓ کو کہو کہ لوگوں کو نماز

Marfat.com

پڑھائے ۔ اور یہ حکم آپ نے مرض الموت میں فرمایا ۔ اور پانچ دن برابر حضرت محمد الرسول اللہ نے ابوبکرؓ کے پیچھے نماز پڑھی
اور یہ متفق مسئلہ ہے کہ حضرت ابابکرؓ کے سوا حضور پر نور محمد الرسول اللہ نے اور کسی اُمتی کے پیچھے نماز نہیں پڑھی ۔ اور یہ
حدیث ابوبکر صدیق کی خلافت حق ہونے کی طرف دلالت کرتی ہے

حاصل کلام سب انصار و مہاجر نے مشورہ کر کے صدیق اکبر کو خلیفہ مقرر کیا ۔ اور سب نے بمع حضرت علی کرم اللہ وجہہ متفق ہو کر بخوشی رضا حضرت ابوبکر صدیق کی خلافت منظور کر کے بیعت اختیار کر لی ۔ اسوقت حضرت صدیق اکبر کی عمر ساٹھ برس کی تھی ۔ اور اس شان و شوکت سے خلافت کی کہ زبان بیان کرنے سے عاجز ہے ۔ دین خدا اور سنت مصطفیٰ کو ادا کیا کہ ملک عرب سے بدعت وغیرہ کا نام و نشان مٹا دیا ۔ اور بیدین مرتدین مثل مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی وغیرہ کو جنہوں نے دعویٰ نبوت کا کیا تھا تہ تیغ کر دیا ۔ اور لاکھ ہا کفار کو مسلمان کر دیا ۔ اور بہت ملکوں پر فتح پائی ۔ اور ہر ملک سے غنیمت بے شمار ہاتھ آئی ۔ پس ظاہر کام تو اسلام کا اسطرح کیا جس کی تاریخ شاہد ہے ۔ اور باطن میں آپ دن رات ذکر الٰہی میں مصروف و مشغول رہے ۔

نظم

بعد وفات نبیؐ دے سب اصحاباں مجلس لائی ۔ کر دخلیفہ اسنوں جیہڑا سب توں افضل بھائی
تاں چند اصحاب حدیث نبیؐ دی مجلس وچہ سنائی ۔ جسنوں کرے روایت ترمذی ابوداؤد نسائی

ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ اَبُوْ بَکْرٍ خَیْرُ النَّاسِ بَعْدَ النَّبِیِّ ۔ ترجمہ ۔ فرمایا نبی کریمؐ نے کہ ابوبکر صدیق افضل ہیں تمام آدمیوں سے بعد انبیاء علیہم السلام کے وَلَا یَنْبَغِیْ لِقَوْمٍ فِیْھِمْ اَبُوْ بَکْرٍ اَنْ یَّؤُمَّھُمْ اور روایت ہے ایک جماعت اصحابؓ سے کہ فرمایا آپ نے نہیں ہے لائق اس قوم کو جس میں ابوبکرؓ ہو کہ سوائے ابوبکرؓ کے کسی اور کو اپنا امام بناوے ۔

نظم

جسدل صدق صدیقؓ نہیں اس صادق کون بناوے ۔ جو دل صدق صدیقوں خالی کاذب آکھیا جاوے
جسدل صدق صدیقؓ نہیں اس صادق مول نہ جانی ۔ اوہ مردود کمینہ ہے خود آکھیا نبیؐ حقانی
صدق صدیق ایمان نشانی آیا وچہ حدیثاں ۔ بن صدق صدیقؓ نہ مومن نہ ہووے رہیا سنگ خبیثاں ۔

فائدہ :۔ متواتر روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ صدیق اکبرؓ افضل ہیں تمام اصحاب سے جیسا کہ سید علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ اے ابابکر صدیقؓ امام کیا تجھکو رسول اللہ نے ہمارا امر دین کے لئے یعنی امام کیا تجھکو واسطے نماز جماعت کے ۔ پس کون ہے بے دین جو ہٹا دے تجھ کو اس امر سے یعنی خلافت سے بیچ دنیا کے ۔

فائدہ :۔ خلافت ابابکر صدیقؓ کا ثبوت تو ہر ایک فریق سے کافی ملتا ہے

نظم

سب اصحاباں متفق ہو کر کیتی بیعت صدیقی ۔ علیؓ زبیرؓ بھی وچے آہے مسئلہ جان تحقیقی !
کہیا صدیق کراہت جسدل بیعت میری اوچھڈے ۔ سب تھیں اول حیدرؓ آکھیا ساتوں چنگی لگے !
تینوں حضرتؐ اگے کیتا پچھے کون ہٹاوے ۔ کل اصحاباں تاؤں اول حیدرؓ آکھ سناوے
ابو ہریرہ کرے روایت خود حضرت فرمایا ۔ شب معراج میں عرض کیتا جد وچہ حضور سدھایا
جو میرے بعد خلیفہ کر توں یارب حیدرؓ تائیں ۔ جد کچھ حکم اللہ دا ہیسی ملکاں عرض سنائی
بعد نساڈے حکم خلافت ابوبکرؓ نوں آیا ۔ ایہ سب قصہ غوث الاعظم غنیہ اندر لیایا

Marfat.com

حدیث ابن عباس از بخاری و مسلم قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ اَبُوْ بَکْرٍ صَاحِبِیْ وَ مُؤْنِسِیْ فِی الْغَارِ۔ فرمایا رسول اللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوبکرؓ میرا مصاحب اور دوست اور یار غار ہے وَسُدُّوْا کُلَّ خَوْخَۃٍ فِی الْمَسْجِدِ غَیْرَ خَوْخَۃِ اَبُوْبَکْرِ الصِّدِّیْقِ ۔ اور تمام باریاں مسجد کی طرف سے بند کر دو سوائے باری ابوبکرؓ صدیقؓ کے۔ یہ حدیث حضور پاکؐ نے وقت قریب وفات کے فرمائی اور تین دن بعد وفات پائی۔ اس حدیث میں خلافت صدیق اکبرؓ کا کنایہ ہے۔ اور مثل اس کے جو دوسری حدیث حضرت علیؓ کے حق میں آئی ہے۔ سُدُّوْا کُلَّ خَوْخَۃٍ فِی الْمَسْجِدِ غَیْرَ خَوْخَۃِ عَلِیٍّ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ ۔ یعنی بند کر دو باریاں مسجد کی سوا باری حضرت علیؓ کے جو مسجد کی طرف ہے۔ درحقیقت یہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں شیخ ابن حجر فرماتے ہیں کہ وجہ تطبیق ان کی یہ ہے کہ جو حدیث حضرت علیؓ کے حق میں ہے وہ حکم بوقت بنانے مسجد کے تھا۔ اور ابھی تمام مسجد تیار نہیں ہوئی تھی تو فرمایا حضور پاکؐ نے کہ بند کر دو تمام باریاں اور حضرت علیؓ کی باری جو مسجد کو جاتی ہے کھلی رہنے دو۔ تاکہ نہ داخل ہوئے اجنبی آدمی میرے اور علیؓ کے سوا۔ اور حضرت صدیق اکبرؓ کی باری کھلی رکھنے کا حکم آخر وقت میں تھا جب کہ آپ کی وفات کے اندر تین دن باقی رہ گئے تھے۔ اس میں اشارہ ہے صدیق اکبرؓ کی خلافت حق ہونیکا کَمَا قَالَتْ عَائِشَۃُ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ فِیْ مَرَضِہٖ اُدْعِیْ لِیْ اَبَا بَکْرٍ اَبَاکِ وَ اَخَاکِ ترجمہ۔ جیسا کہ روایت ہے حضرت عائشہؓ سے کہ فرمایا رسول خدا نے واسطے میرے بیچ مرض الموت اپنی کے کہ اے عائشہ بلا واسطے میرے باپ اپنے ابوبکرؓ کو اور بھائی اپنے عبدالرحمٰنؓ کو حَتّٰی اَکْتُبَ کِتَابًا فَاِنِّیْ اَخَافُ اَنْ یَّتَمَنّٰی مُتَمَنٍّ تاکہ لکھ دوں میں حکم نامہ۔ پس تحقیق ڈرتا ہوں میں یہ کہ آرزو کرے کوئی آرزو کرنیوالا۔ وَیَقُوْلُ قَائِلٌ وَ لَا یَاْبَی اللّٰہُ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۔ رواہ مسلم اور کہے کوئی کہنے والا میں حقدار ہوں خلافت کا۔ حالانکہ نہیں کوئی حقدار خلافت کا بوقت موجود ہونے ابوبکرؓ صدیق کے۔ جیسے دلالت کرتی ہے حدیث حضور پاکؐ کی کہ نہیں کوئی مومن انکار کرتا خلافت ابابکر صدیقؓ کی سے کَمَا کَانَ فِیْ کِتَابِ الْحَمِیْدِیَّۃِ اَنَا اَوْلٰی بِالْخِلَافَۃِ ۔ جیسا کہ بیچ کتاب حمیدیہ کے ہے کہ فرمایا حضرت ابابکر صدیقؓ نے کہ میں حقدار ہوں خلافت کا میری موجودگی میں سوا میرے کوئی خلافت کا حقدار نہیں ہے۔

فائدہ:۔ گو یہ حکم نامہ لکھنے کا موقعہ نہیں ملا کہ خلافت حق صدیق اکبرؓ کا ہے۔ اور خلافت صدیق اکبرؓ کی باجماع تمام اصحابہ کرامؓ کے ہے۔

فائدہ: شیعہ کہتے ہیں کہ خلافت حضرت علیؓ کی نفی ہے۔ یعنی قرآن کریم سے ثابت ہے جس کے ثبوت میں یہ آیت پیش کرتے ہیں جو پارہ چہار سورۃ المائدہ میں ہے اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَ رَسُوْلُہٗ ۔ یعنی سوا اس کے نہیں کہ دوست تمہارا اللہ اور اس کا رسول ہے۔ ایک اور حدیث پیش کرتے ہیں مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ ۔ یعنی جس کا میں ہوں یعنی دوست و مددگار ہوں اس کا علیؓ بھی دوست و مددگار ہے۔ اور کہتے ہیں کہ خلافت منصوص بلا فصل ہے۔ کیونکہ جب رسول خدا حج الوداع سے واپس آئے تو مقام غدیر میں بحکم الٰہی حضرت علیؓ کو اپنا وصی بنایا۔ اور حضرت عمرؓ نے مبارکباد دی کہ بَخٍ بَخٍ یَا عَلِیُّ اَصْبَحْتَ مَوْلَایَ وَ مَوْلٰی کُلِّ مُؤْمِنِیْنَ وَ مُؤْمِنَاتٍ ۔ حضرت عمرؓ نے کہا میں بہت خوش ہوں اے علیؓ واسطے تیرے کہ تو میرا اور تمام مومن مرد عورت کا صاحب ہوا۔

جواب:۔ اس آیت کی تفسیر جو خلافت کے حق میں پیش کرتے ہیں۔ اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَ رَسُوْلُہٗ ۔ کو کسی اردو خواں مترجم قرآن سے دریافت کرنے سے صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ اس آیت کے معنے کیا ہیں۔ اور کس موقعہ پر نازل ہوئی ہے۔ شان نزول اس آیت شریف کا تو تمام لوگ جانتے ہیں۔ کہ جب حضرت علیؓ نے نماز اور رکوع کی حالت

Marfat.com

میں اپنی انگشتری سائل کو سخاوت کر دی تو یہ آیت شریف حضرت علیؓ کے حق میں نازل ہوئی۔ اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ
وَالَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمْ رَاکِعُوْنَ ۔

ترجمہ ۔ سوا اس کے نہیں کہ تمہارا دوست اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ہے ۔ اور مومن لوگ جو قائم کرتے ہیں نماز کو اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور وہ رکوع کرنیوالے ہیں ۔ یعنی حالت رکوع میں بھی سخاوت کرتے ہیں ۔

فائدہ :۔ اللہ تعالیٰ نمازیوں اور سخیوں کو دوست رکھتا ہے

نہ اسو چہ ذکر خلافت نہ کوئی حال امامت آیا — صرف علیہؑ شان سخاوت اللہ نے فرمایا
مسلماناں دے دھوکے کارن شیعاں گل بنائی — جو اس آیت وچہ حیدرؓ سندا ذکر خلافت بھائی
خلافت دا کوئی نام نشان نہ اس آیت وچہ آیا — لوکاں نوں گمراہ کارن نوں شیعاں ڈھنگ بنایا

مسئلہ :۔ کلینی وابن بابویہ اور شیخ طوسی وغیرہ معتبر شیعہ امام زین العابدین و امام محمد باقرؒ و امام جعفر صادق سے روایت کرتے ہیں کہ شدت مرض میں رسول خدا ﷺ نے حضرت ابن عباس اور حضرت علیؓ کو طلب فرما کر کل مہاجرین و انصار کے سامنے ارشاد فرمایا کہ اے ابن عباسؓ میں اس جہان فانی سے انتقال کرنے والا ہوں اور تو میرے بعد میری خلافت کو قبول فرما کر مجھ سے اس وہم کو دور کر ۔ تو حضرت عباسؓ نے عرض کی کہ میں اس عہدہ کی لیاقت نہیں رکھتا ۔ خلافت کے لائق حضرت امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ ہیں ۔

فائدہ :۔ صاحبان کو غور کرنا چاہیئے کہ اگر بقول شیعہ حضرت علیؓ کی خلافت نصی ہوتی یا بقول شیعہ ایک سو بیس بار کی تاکید ہوتی کہ میرے بعد اے علیؓ تم ہی خلیفہ ہو یا رسول خدا ﷺ نے امیر علیؓ کو عام مجمع میں عید غدیر کے دن خلیفہ مقرر کیا ہوتا تو کیوں بوقت انتقال فرماتے کہ اے عباسؓ میرے بعد میری خلافت کو قبول کر ۔ اور حضرت ابن عباسؓ نے کیوں نہ عرض کیا کہ یا حضرت ابھی اڑھائی ماہ ہی گذرے ہیں کہ عید غدیر کے دن آپ خلافت حضرت علیؓ کو دے چکے ہیں پھر خلیفہ بنانے کی کیا ضرورت ہے اور نہ ہی اہل بیت میں سے کسی نے جواب دیا کہ آپ تو وصی اپنا حضرت علیؓ کو مقرر کر چکے پھر دوبارہ کسی اور کو وصی بنانے کی کیا ضرورت ہے ۔

فائدہ :۔ پس معلوم ہوا کہ حضرت علیؓ کی خلافت نصی نہیں ہے ۔ یہ شیعہ کا محض افترا ہے ۔

کرو خیال جے نصی خلافت شاہ علیہؑ دی آہی — تاں کیوں آخر وقت وصیت کرے نبی الٰہی
جو کریں قبول خلافت میری چاچا ابن عباسا — میں دنیا نوں چھوڑ کراں ہن جنت اندر واسا
تے کیوں وقت عباسؓ وصیت علیؓ رہیا چپ کیتا — غدیر خلافت میوں بخشی اج عباسؓ نے لیتا
پس معلوم ہویا نصی خلافت شاہ علیؓ دی نا ہیں — ایہہ جھوٹ طوفان سنا دن شیعہ جاہل لوکاں تائیں

جواب دوم :۔ اور یہ جو حدیث پیش کرتے ہیں مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ ۔ جس کا میں دوست اور مددگار ہوں اُس کا علیؓ بھی دوست اور مددگار ہے ۔ اہل سنت و جماعت کو یہ حدیث بسر و چشم منظور و مقبول ہے ۔ اور حضرت کی مبارک باد کی بھی ہماری کتب میں موجود ہے ۔ اور حضرت علیؓ کا مولیٰ ہونے کا کسی کو عذر و انکار نہیں ۔ کیوں کہ مولیٰ کے معنی دوست و مددگار کے ہیں ۔ اور حضرت علیؓ کی دوستی و مددگاری تو اہلسنت کا خود دعوٰے ہے کہ جس کے دل میں حضرت علیؓ کی محبت نہیں وہ مسلمان نہیں ۔ بلکہ جو حضرت علیؓ کے دوستوں کا دشمن ہے وہ بھی ایماندار نہیں ۔

فائدہ :۔ جتنی دوستی حضرت علیؓ کی ابابکر صدیقؓ و عمر فاروقؓ و عثمان غنیؓ کے ساتھ تھی سوائے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے اتنی دوستی اور کسی کے ساتھ نہیں تھی ۔ جس کی تاریخ گواہ ہے ۔ کیونکہ حضرت محمد الرسول اللہ کے دو سسر ہیں اور دو داماد

Marfat.com

یعنی حضرت علیؓ نے اپنی لڑکی ام کلثوم کا نکاح حضرت عمر فاروقؓ کو کر دیا تھا۔

فائدہ :۔ اگر مولیٰ کے معنے اولیٰ بھی ہیں تو بھی ہم کو منظور ہے کیوں کہ نسبت بہ نسب نامہ کے حضرت علی کرم اللہ وجہہ تمام اصحابوں سے افضل ہیں۔

طعن پنجم در اجماع بر اہل سُنت والجماعت

شیعہ کہتے ہیں کہ اہل سنت والجماعت نے اجماع کرکے خود بخود اصحابؓ ثلاثہ کو اپنے خلیفے بنا لیا ہے جو نص قرآنی کے خلاف ہے۔

جَوَاب :۔ نص و حدیث صحیح سے اجماع ثابت ہے۔ اور ہر دو فریق کے کتب سے بھی ثابت ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے پارہ پانچ سورۃ نسآء میں فرمایا ہے۔ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَمَنْ یُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَیَّنَ لَہُ الْھُدٰی۔ ترجمہ :۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے جو کوئی مخالفت کرے رسول خداؐ کی پیچھے اس کے جب گمراہی کے بعد ہدایت کا رستہ ظاہر ہو وَیَتَّبِعْ غَیْرَ سَبِیْلِ الْمُؤْمِنِیْنَ نُوَلِّہٖ مَا تَوَلّٰی وَنُصْلِہٖ جَھَنَّمَ وَسَآءَتْ مَصِیْرًا ۔ ترجمہ اور تابعداری کرے سوا رستے مومنوں کے یعنی جو راہ اجماع مومنین کے خلاف ہے اُس پر چلے تو ہم اُس کو اُس کے حوالے کریں گے جس کو وہ دوست رکھتا ہے یعنی دوزخ میں داخل کریں گے اور وہ بُرا ٹھکانا ہے۔

حدیث :۔ حدیث صحیح بخاری و مسلم شریف میں ہے کہ فرمایا رسول خداؐ نے اللہ تعالیٰ کا ہاتھ مسلمانوں کی جماعت پر ہے۔ جس نے جُدا راہ پکڑی وہ دوزخ میں جا پڑا۔ پس جس بات پر امت کا اجماع ہوا ہے وہی اللہ تعالیٰ کی مرضی ہے۔ اور جو منکر ہوا سو دوزخی ہے۔

دلیل اوّل :۔ برادران اسلام اللہ تعالیٰ اور رسول خداؐ نے تو مومنوں کی مخالفت کرنیوالے کو دوزخی فرمایا ہے۔ اور تمام مومنوں کی صلاح و مشورہ پر چلنے کا حکم فرمایا۔ مومن تو درکنار بلکہ خدائے رحمٰن نے اپنے حبیب محمدؐ الرسول کو ارشاد فرمایا۔ فَشَاوِرْھُمْ فِی الْاَمْرِ۔ یعنی اے محمدؐ مومنوں کے مشورہ کے ساتھ ہر ایک کام کیا کرو۔ پس اصحابہ کرام سے مشورہ کرنا اور اُن کی راہ پر چلنا خاص خدا پاک کی راہ پر چلنا ہے۔ اور برخلاف اجماع کے چلنا خاص گمراہی ہے۔

جیکر شک شیعہ نوں ہووے اس آیت وچہ بھائی
جو وچہ ذکر اجماع اصحاباں کیتا پاک الٰہی
کہن جو سُنیاں اس آیت دے معنے چا بدلائے
موافق مطلب اپنے سارے کر تفسیر سدھائے
ایہ شک دنجائیں اسنیلا ہور بیان سنائیں
شاید رب سبب ہدایت کرے اونہاں تائیں
نہج البلاغت اندر دیکھو خود حیدرؓ فرمایا
اس اجماع اصحاباں دی اوہ کرتا کید سدھایا

قَالَ عَلِیٌّ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ مَنْ رَاٰھَا بِالشُّوْرٰی۔ فرمایا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے تحقیق وہ شخص جس کا اجماع یعنی مشورہ کے ساتھ امام کیا گیا ہو وہ امام شوریٰ ہے وَاَنَّ بَیْعَتَہٗ مِنَ الْمُھَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ کَمَا سَبَقَ خُلَفَاءَ ۔ اور جس کی بیعت مہاجر و انصار کریں وہ خلیفہ حق ہے جیسا کہ اصحاب ثلاثہؓ کی بیعت کی گئی تھی۔

فائدہ :۔ اس کلام سے دو فائدے حاصل ہوئے ایک تو حضرت علیؓ کا اجماع امت کو جائز رکھنا۔ دوسرا انصار و مہاجر کے اجماع اصحاب ثلاثہ کی خلافت کا حق ہونا ثابت کر دیا۔

جیکر آجے بھی شک ہیوے تاں ہور بیان سناواں
جیونکر نہج البلاغت اندر دیکھیا لکھ دکھاواں

Marfat.com

حضرت حیدر خود فرمایا میں نہیں دلوں بنا یا !   فَاِنْ تَرَکْتُمُوْنِیْ فَاِنَّ کَاَحَدٍ کُمْ ...
ایہہ خط حیدرؓ دا بہت لمبا ہے میں اختصار تبادواں   جو کجھ حاصل مطلب ہے میں واضح کر سمجھاواں
جیکر متفق ہو کر مینوں تساں امام بنایا   واجب پھیر اطاعت میری بشاءِ اللہ فرمایا
تے جیکر کردے بیعت میری متفق ہو کر سارے   تساں جیہا اک میں بھی مقتدی کیتے نیک لوائے
ایسے نوں اجماع کہن جو سنت اہل بناون   جیہدی حیدرؓ دے گواہی نہج البلاغتوں لیاون

كَمَا قَالَ عَلِيٌّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ اَلْزِمُوا السَّوَادَ الْاَعْظَمَ فَاِنَّ يَدَ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ.

ترجمہ - فرمایا حضرت علیؓ نے لازم پکڑو تم جماعت بڑی کو پس تحقیق ہاتھ اللہ کا اوپر جماعت بڑی کے ہے۔ وَاِيَّاكُمْ وَالْفُرْقَةَ فَاِنَّ الشَّاذَّ مِنَ النَّاسِ لِلشَّيْطٰنِ - اور دور رہو تم فرقہ بندی سے تحقیق جدا ہونیوالا جماعت بڑی سے شیطان کے ہے - یعنی جو اجماع کا منکر ہے وہ بموجب بقول حضرت علیؓ شیطان کی جماعت میں داخل ہے

مسئلہ :- شیعہ کہتے ہیں کہ خلافت حق علیؓ کا تھا اور اصحاب ثلاثہ نے جبراً چھین لیا تھا - اور بعقائد شیعہ نبوت امامت کا ایک ہی اصول اور ایک ہی معمول ہے - یعنی حضرت محمد الرسول اللہؐ سے لے کر حضرت مہدیؑ تک ایک ہی نور اور ایک ہی دستور ہے - صرف نبوت اور امامت میں نزول وحی کا فرق ہے - یعنی امام کو وحی نہیں آتی اور نبی کو وحی آتی ہے کہ قاضی نوراللہ شوستری شیعہ نے مجالس المومنین میں لکھا ہے کہ امام قائم نبیؐ کے ہوتا ہے بیچ تمام امور کے - اس واسطے نبوت اور امامت میں کوئی فرق نہیں ایک ہی وجود اور ایک ہی مقصود ہے

جواب :- بقول شیعہ جب نبوۃ اور امامت میں ایک ہی اصول اور ایک ہی معمول ہے ، کوئی فرق نہیں ہے تو جس طرح نبوۃ کو کوئی چھین نہیں سکتا ، خواہ دعویٰ ہی کرے ایسے ہی امامت کو بھی زبردستی سے کوئی چھین نہیں سکتا خواہ دعوےٰ امامت کا کرے - مثلاً مسیلمہ کذاب وغیرہ نے جب جھوٹا دعویٰ نبوۃ کا کیا تو خداوند کریم نے اس کو مسلمانوں کے ہاتھ سے خوار اور ذلیل کر کے ہلاک کر دیا - اب کوئی شخص اس کی قبر کا نشان بھی نہیں جانتا - اگر بقول شیعہ خلفاء ثلاثہ خلافت کا حق نہیں رکھتے تھے جو نبوۃ کے قائم مقام ہے تو مثل مسیلمہ کذاب کے مسلمانوں کے ہاتھ سے ذلیل و خوار اور ہلاک کیوں نہ ہوتے بلکہ ان کی قبروں پر سلام بھیجا جاتا ہے - مثلاً درود شریف جس کو ہر خاص و عام جانتے ہیں - جیسا کہ کتاب زیارت مدینہ منورہ میں لکھا ہے -

مسئلہ :- ہر صبح و شام روزمرہ حضرت محمد الرسول اللہ کے روزۂ انوار پر اوّل یہ سلام پڑھا جاتا ہے - اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ السَّيِّدُ الْكَرِيْمُ ۔ وَرَسُوْلُ الْعَظِيْمِ ۔ رَؤُوْفُ الرَّحِيْمِ ۔ وَرَحْمَةٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نُوْرَ عَرْشِ اللّٰهِ ۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَيْرَ خَلْقِ اللّٰهِ ۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ يَا طٰهٰ يَا يٰسٓ يَا بَشِيْرُ يَا سِرَاجُ يَا مُنِيْرُ مُقَدَّمُ جَيْشِ اَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَفِيْعَ الْمُذْنِبِيْنَ ۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سُلْطَانَ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ۔ پھر حضرت ابابکر صدیقؓ پر روزمرہ اس طرح سلام پڑھا جاتا ہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَنَا اَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ عَلَى التَّحْقِيْقِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَنْفَقَ مَالَهُ فِيْ حُبِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى تَخَلَّلَ بِالْعَبَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْكَ وَاَرْضَاكَ اَحْسَنَ الرِّضٰى وَجَعَلَ مُنْزِلَكَ وَمَسْكَنَكَ وَمَحَلَّكَ وَمَاوَاكَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَوَّلَ الْخُلَفَاءِ وَتَاجَ الْعُلَمَاءِ وَصِهْرَ

Marfat.com

علیک و رحمۃ اللہ وبرکاتہ ۔ پھر حضرت عمر فاروقؓ کی مزار پر روزمرہ اس طرح سلام پڑھا جاتا ہے ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ
یا عُمَر ابنَ الخَطَّاب ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَاطِقًا بِالعَدْلِ وَالصَّوَابِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَفِیَّ المِحْرَابِ ۔ اَلسَّلَامُ
عَلَیْکَ یَا مُظْهِرَ دِیْنِ الْاِسْلَامِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُکَسِّرَ الْاَصْنَامِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا الْفُقَرَآءِ وَالضُّعَفَاءِ
وَالْاَرَامِلِ وَالْاَیْتَامِ ۔ اَنْتَ الَّذِیْ قَالَ فِیْ حَقِّکَ سَیِّدُ الْبَشَرِ لَوْ کَانَ نَبِیٌّ مِنْ بَعْدِیْ لَکَانَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ
رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْکَ وَاَرْضَاکَ اَحْسَنَ الرِّضٰی وَجَعَلَ الْجَنَّۃَ مَنْزِلَکَ مَسْکَنَکَ وَمَحَلَّکَ وَمَاوٰکَ اَلسَّلَامُ
عَلَیْکَ یَا ثَانِیَ الْخُلَفَآءِ وَتَاجَ الْعُلَمَآءِ وَصِهْرَ النَّبِیِّ الْمُصْطَفٰی وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ۔ ترجمہ ۔ پھر دونوں یارِ
رسول کے مزاروں کے درمیان کھڑے ہو کر ہر صبح شام اس طرح سلام کیا جاتا ہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا یَا وَزِیْرَیْ
رَسُوْلِ اللّٰہِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا یَا مُشِیْرَیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ۔ ترجمہ ۔ پھر اُن
کے بعد حضرت فاطمہؓ بنت رسول خداؐ پر اس طرح سلام پڑھا جاتا ہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا سَیِّدَتَنَا فَاطِمَۃَ الزَّهْرَآءِ
بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰہِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ حَبِیْبِ اللّٰہِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ مُصْطَفٰی اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ
زَوْجَۃَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ سَیِّدِنَا عَلِیِّ الْمُرْتَضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا اُمَّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ
السَّیِّدَیْنِ الشَّهِیْدَیْنِ الْکَوْکَبَیْنِ الْقَمَرَیْنِ النَّیِّرَیْنِ الشَّابَیْنِ اَهْلِ الْجَنَّۃِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا وَعَنْکِ
وَاَرْضَاکِ اَحْسَنَ الرِّضٰی وَجَعَلَ الْجَنَّۃَ مَنْزِلَکِ وَمَسْکَنَکِ وَمَحَلَّکِ وَمَاوَاکِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ وَاَبِیْکِ الْمُصْطَفٰی
وَبَعْلِکِ عَلِیِّ الْمُرْتَضٰی وَبَنِیْکِ الْحَسَنَیْنِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ۔ پھر جنت البقیع قبرستان میں جا کر ہر روز صبح
شام حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مزار پر اس طرح سلام پڑھا جاتا ہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَنَا عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنِ اسْتَحْیَتْ مِنْکَ مَلٰٓئِکَۃُ الرَّحْمٰنِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ زَیَّنَ الْقُرْاٰنَ بِتِلَاوَتِہٖ
وَنَوَّرَ الْمِحْرَابَ بِاِمَامَتِہٖ وَسِرَاجُ اللّٰہِ تَعَالٰی فِی الْجَنَّۃِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ثَالِثَ الْخُلَفَآءِ الرَّاشِدِیْنَ رَضِیَ
اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْکَ وَاَرْضَاکَ اَحْسَنَ الرِّضٰی وَجَعَلَ الْجَنَّۃَ ۔ مَنْزِلَکَ وَمَسْکَنَکَ وَمَحَلَّکَ وَمَاوَاکَ اَلسَّلَامُ
عَلَیْکَ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ۔ علیٰ ہذا القیاس ۔ اسی طرح ہر بزرگانِ دین دیگر پر جو مدینہ منورہ کے اردگرد مدفون ہیں
سلام پڑھا جاتا ہے ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَنَا حَمْزَۃَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَعَمِّ رَسُوْلِ اللّٰہِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ
یَا اِبْرَاهِیْمَ بْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَعَلٰی مَنْ حَوْلَکَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَصْحَابَ
رَسُوْلِ اللّٰہِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَنَا عَبَّاسَ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰہِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَنَا عَقِیْلَ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ اَلسَّلَامُ
عَلَیْکَ یَا ابْنَ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰہِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ اَخَا عَلِیِّ الْمُرْتَضٰی ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا سَیِّدَنَا اَهْلَ الْبَیْتِ النُّبُوَّۃِ
وَمَعْدَنَ رِسَالَتِ مُحَمَّدٍ مُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُنَّ یَا اَزْوَاجَ رَسُوْلِ اللّٰہِ ۔
اَلسَّلَامُ عَلَیْکُنَّ یَا بَنَاتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُمِّ کُلْثُوْمَ وَرُقَیَّۃَ وَزَیْنَبَ فَاطِمَۃَ الزَّهْرَآءِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُنَّ اَجْمَعِیْنَ ۔

دلیل دوم بر حق ثبوت اصحاب ثلاثہ کی خلافت

یہ قصہ تو تمام تاریخ دانوں کو معلوم ہے کہ بوقت خلافت صدیق اکبرؓ خولہ بنت جعفر جو غنیمت میں آئی تھیں ۔ جس کے
بیٹ مبارک سے امام محمد حنفیہ پیدا ہوئے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اپنی خدمت میں قبول کر لیا ۔ اور یہ نقشہ بھی ہر
دو فریقین یعنی شیعہ و سنت اہل جماعت کی کتابوں میں موجود ہے کہ جب حضرت عمرؓ نے ملک فارس فتح کیا تو بہت سا
مال غنیمت مسلمانوں کے ہاتھ لگا ۔ چنانچہ یہ قصہ مجلس پانچ در ذکر محبت و سلوک حضرت عمرؓ کا ساتھ اہل بیت کے بیان

Marfat.com

میں لکھا گیا ہے وہاں سے دیکھو۔

نظم

خلافت غصبی صدیقؓ عمرؓ دی جے کر سمجھی جاوے ۔ تاں مال غنیمت شاہ علیؓ پھر کیونکر جھتہ پاوے
حضرت شہر بانو جو حضرت حسینؓ دے نال ویاہی ۔ ہر مرزا لڑکی عمرؓ خلیفے فارسوں لٹی سا ہی !
اُسدے پیٹوں سید سارے اولاد حسینی بھائی ۔ اوہ پوتری شاہ نوشیرواں دی جو زین العابدؓ مائی
جیکر حق خلافت عمرؓ فاروق نہ آہا کاہی ۔ تاں کیوں حلال ہوئی اوہ بی بی شاہ حسینؓ نوں بھائی
ایہ آل نبی نوں دھبہ لادن احمق لوک بلائیں ۔ شرم لحاظ نہ کرن کسیدا بھلے پھرن کوراہیں
اصحاب ثلاثہ حق خلافت نالے شاہ علیؓ دی ۔ ایہ چارے حق خلیفے ہوئے دشمن کرن پلیدی

حاصل کلام اگر خلافت بقول شیعہ غصبی سمجھی جائے تو تمام مال غنیمت بھی غصبی ہوگا جو کسی طرح حضرت علیؓ کو جائز نہیں ہوسکتا بلکہ مطلقاً حرام ہے۔ پھر کیوں لیا۔ پس لینا حضرت علیؓ کا مال غنیمت ثبوت کرتا ہے۔ حق خلافت اصحاب ثلاثہ

حضرت علیؓ کا خلیفہ اوّل صدیق اکبرؓ سے بیعت کرنا

حضرت علیؓ کا بخوشی رضا و بیعت کرنا خلیفہ اول سے ہم شیعہ کی کتابوں سے ثابت کرتے ہیں۔ جیسا کہ امام ابو الفرج اپنی کتاب اغیانی میں روایت کرتے ہیں کہ جب خلیفہ ہوئے حضرت ابا بکر صدیقؓ تو ابو سفیان بن حرب نے حضرت علیؓ کے پاس آکر شکایت کی۔ تو حضرت علیؓ کرم اللہ وجہٗ نے جواب دیا عَنْ اَبِی الْجَیْشِ الْاَکْبَرِ قَالَ جَاءَ اَبُوْ سُفْیَانَ بْنُ حَرْبٍ عَلٰی عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ۔

نظم

ابو الفرج کتاب اپنی اغیانی اندر لیایا ۔ کرے روایت جیدی ابی جیش اکبر وا آیا

فَقَالَ یَا اَبَا الْحَسَنِ مَا لِ هٰذَا الْاَمْرِ فِیْ اَضْعَفِ قُرَیْشٍ وَاَقَلِّهَا فَوَاللّٰهِ لَاَمْلَاَنَّهَا عَلَیْهِ خَیْلًا وَّرَجْلًا ۔

نظم

ابو سفیان نے کدن پاس علیؓ دے عرض سنایا ۔ اے باپ حسن دے حال کیا اس امیر خلافت آیا
ایہ تھوڑا بہت قریشاں اندر ہے ضعیف قبیلا ۔ سفیان کہے میں قسم اللہ دی توں سن مرد جلیلا
جیکر توں چاہیں میں جاواں پیاوا بن اسواروں ۔ لے دیاں خلافت ابو بکرؓ توں قتل کراں تلواروں

فَقَالَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ مَا زِلْتَ مُعَادِیًا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْمُسْلِمِیْنَ ۔

علیؓ حیدر نے سفیانے نوں آکھیا سخن شہاناں ۔ توں رہیوں ہمیشہ دشمن رب رسولؐ تے مسلماناں
فَمَا ضَرَّهُمْ ذٰلِكَ شَیْئًا ۔ اِنَّا وَجَدْنَا اَبَا بَكْرٍ لَهَا اَهْلًا
پس نا نقصان اونہاں کجھ کیتا اسنوں آکھ سنایا ۔ ہم لایق ناروں ونج خلافت ابو بکرؓ نوں پایا

فائدہ:۔ اس کلام سے تین فائدے حاصل ہوئے اوّل حضرت علیؓ نے صدیق اکبرؓ کو مسلمان فرمایا۔ دوم شکایت کرنیوالے کو دشمن خدا اور رسولؐ اور مومنوں کا فرمایا۔ سوم اس کی بیعت نہ قبول کرنے والے کو گمراہ ٹھہرایا

حضرت علیؓ کا بیعت کرنا خلیفہ دوم حضرت عمر فاروقؓ سے

شیعہ کی معتبر کتاب تواریخ روضۃ الصفا میں ہے کہ کئی آدمیوں نے حضرت عمرؓ کی بیعت پر جھگڑا کیا تو امیر علیؓ نے فرمایا کہ سوا حضرت عمرؓ کے اگر کوئی اور خلیفہ ہوگا تو میں اس کی بیعت ہرگز نہیں کروں گا۔

فائدہ :- حضرت علی کرم اللہ وجہٗ نے سب سے اوّل حضرت عمرؓ کی خلافت بھی مان لی اور بیعت بھی کر لی۔ اور فرمایا کہ اگر اور کوئی خلیفہ ہوگا تو میں ہرگز بیعت نہ کروں گا۔

حضرت علی کا بیعت کرنا خلیفہ سوم حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

شیعہ کی کتاب نہج البلاغت میں لکھا ہے کہ بوقت خلافت عثمان بن عفان بعض شخصوں نے امیر علیؓ سے آکر عرض کی کہ اس مرتبہ بھی آپ خلیفہ نہ ہوئے تب امیر علیؓ نے خوش و شاد ہو کر فرمایا لَقَدْ عَلِمْتُمْ اِنِّیْ اَحَقُّ بِهَا عَنْ غَیْرِیْ وَاللّٰہِ لَاُسْلِمَنَّ مَا سَلِمَتْ اُمُوْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ ط ترجمہ:- فرمایا امیر المومنین علیؓ کرم اللہ وجہ نے کہ البتہ تحقیق تم لوگ جانتے ہو، کہ تحقیق میں حقدار زیادہ ہوں واسطے خلافت کے غیر اپنے سے۔ قسم ہے خدا کی میں سپرد کرتا ہوں خلافت حضرت عثمانؓ کو تاکہ سلامت و قائم رہے ایمان و امن مسلمانوں میں

فائدہ :- اس حدیث سے ثابت ہوا کہ حضرت علیؓ نے خلافت حضرت عثمانؓ کی قبول کی اور بیعت بھی بخوشی رضا منظور فرمائی۔ اس واسطے کہ آپ جانتے تھے کہ میری خلافت کے وقت اکثر فتنے برپا ہوں گے۔ اور مسلمانوں کو کئی طرح کے صدمے پہنچیں گے۔ جیسا کہ جنگ صفین و جنگ جمل میں واقعہ گذرا ہے۔

نظم

صدیقؓ عمرؓ عثمانؓ غنی دی بیعت علیؓ نے کیتی
ایہہ کتب شیعہ تھیں ثابت ہوسے چھڈ دیہو بدنیتی
خوش رضا دیں بیعت کیتی گر نمازاں پڑھیاں
جیہو جیہا عثماں عیداں پڑھیاں توں کیوں لاویں اڑیاں
ہک دوجے دے خیری آہے جیونکر سکے بھائی
جنہاں نوں توں دشمن جانیں کر کجھ خوف خدا ئی
علیؓ اونہاں مسلم مومن اہل ایمان بتا دے
فاسق فاجر کافر ستیدیں شرم نہ تینوں آئے
اونہاں ہک دوجے سنگ نال محبت ساری عمراں بیتی
مشفق مشفق رہے ہمیشہ نہ کسے شکایت کیتی
ہن پچھلیاں ٹولا ہو یا کرن لگے تا دیلاں
قرآن حدیث مخالف ہو کر لیاون ہورہ دلیلاں
اصحاباں دی ہتک جیوچہ ظاہر پائی جاوے
پھر مومن نام سداون اپنا صفت کہاراں

مجلس ستار ویں

دلیل سوم حق خلافت اصحاب ثلاثہ رضی اللہ عنہم

واضح ہو کہ جب اصحاب ثلاثہ نے بقول شیعہ حضرت علیؓ سے خلافت جبراً چھین لی تھی۔ تو پھر کیوں نہ حضرت علیؓ نے خیر خدا

Marfat.com

نے مقابلہ کیا۔ اور کیوں نہ تلوار ذوالفقار کو میان سے باہر لائے جس نے صخرہ جنی کے دو ٹکڑے کر دیئے تھے۔ اور جنگ بدر اور جنگ حنین اور جنگ خیبر کے دن کفار شرار کو خاک میں ملا دیا تھا۔ وہ تلوار ذوالفقار حضرت علی کرم اللہ وجہ نے کس ضرورت کے واسطے رکھ چھوڑی تھی۔ اور علی بن ابی طالب اسد اللہ الغالب علی کل غالب جس کی آواز سے کفار تھرتھراتے تھے اور کانپ جاتے تھے۔ اور جن کے نام سے روم شام لرزاتے تھے اور جس کی صورت سے تمام جوانان عرب ڈرتے تھے

ناصح :۔ بھلا کون اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ اس شیر خدا سے کوئی خلافت چھین لے۔ اور آپ کچھ بھی چون و چرا نہ کریں معاذ اللہ۔

ناصح :۔ پس حضرت علی کرم اللہ وجہ کا مقابلہ نہ کرنا اصحاب ثلاثہ کی خلافت حق ہونے کی دلیل ہے

مسئلہ :۔ اس مقام پر بعض شیعہ کہتے ہیں کہ حضرت علی مقابلہ کے لئے تیار ہوئے مگر کسی مسلمان نے امداد نہ کی اس لئے حضرت علیؓ خاموش ہو گئے اور چون و چرا نہ کی۔ جیسا کہ کتاب شیعہ حق الیقین باب پنجم مقصل ششم میں ہے کہ جب ابو بکرؓ نے خلافت غصب کر لی تو اس وقت حضرت علیؓ۔ حضرت فاطمہؓ کو گدھے پر چڑھا کر ساتھ لے آیا۔ اور ایک ہاتھ میں حضرت حسنؓ اور دوسرے میں حضرت حسینؓ کو پکڑ کر در بدر میلا بنا کر پھرتے رہے۔ اور ہر گھر بنی ہاشم و مہاجرو انصار کے جا کر امداد طلب کی کہ ابو بکرؓ نے میری خلافت چھین لی ہے میری امداد کرو۔ فجر کے وقت سوا ان چار شخصوں یعنی سلمان فارسیؓ۔ ابوذر غفاریؓ مقدادؓ و عمارؓ کے کوئی امداد کے لئے نہ نکلا۔

فاصح :۔ اور مجالس المومنین مجلس تین میں لکھتے ہیں کہ تمام بنی ہاشم و مہاجر و انصار بعد وفات حضور پاک کے مرتد ہو گئے۔ سوا ان تین چار شخصوں کے جو مذکور ہوئے ہیں۔

ناصح :۔ شیعہ لوگ اصحاب کرام پر کس طرح افترائے باندھتے ہیں۔ بھلا بقول شیعہ اگر تین چار اصحاب کے سوا باقی سب مرتد ہو گئے تو حضرت علی کرم اللہ وجہ کو امیر المومنین کس طرح کہیں گے۔ حاصل کلام شیعہ نے کسی کو بھی برا بھلا کہنے میں خالی نہیں چھوڑا۔ اور نہ ہی اہل بیت کی ہتک کرنے میں کسر چھوڑی ہے۔

حکایت

ایک قرضائی کے سر پر بہت سا قرضہ ہو گیا تھا۔ اور اس کے ادا ہونے کی کوئی صورت معلوم نہ ہوتی تھی۔ آخر اس نے اپنے دوستوں سے مشورہ لیا تو کسی نے کوئی مشورہ دیا کسی نے کوئی مشورہ دیا مگر اس کے ایک عقلمند دوست نے یہ مشورہ دیا کہ اگر تیرے پاس قرضخواہ بطلب قرضہ آئے تو تم اس کو کتے کی طرح بھونکنا شروع کر دینا۔ چنانچہ جب اس کے پاس ایک قرضخواہ آیا تو اس نے بھونکنا شروع کر دیا۔ تو وہ بیچارہ ڈر کر بھاگ گیا۔ اور اپنے گھر جا کر اپنے بال بچوں اور بیوی کے پاس ذکر کیا کہ فلاں شخص کے گھر میں بطلب قرضہ گیا تو وہ مجھے کتے کی طرح بھونکتا ہے اور میرے پیچھے کاٹنے کو دوڑتا ہے تو اس کے بال بچوں بیوی نے کہا۔ کہ وہ ٹھیک باولا یعنی ہلکا ہو گیا ہوگا۔ اب اس کے گھر نہ جانا۔ اور قرضہ پر لکیر پھیر دیا ایسا نہ ہو کہ قرضہ لینے جاؤ اور وہ تمہیں کاٹ جائے اور تم ہلکے ہو جاؤ۔ اسی طرح کچھ عرصہ اس نے ہر ایک قرضخواہ کو بھونکنا شروع کیا تو سب قرضخواہ ڈر گئے۔ اور کچھ مدت کے بعد اپنی اپنی رقم قرضہ پر افسوس کرتے ہوئے لکیر پھیر دی۔ جب تمام قرضخواہوں نے پوچھنا بولانا بند کر دیا تو وہی دوست جس نے وہ تجویز بتائی تھی ملنے کے واسطے آیا تو وہ شخص اسے بھی بھونکنے لگا تو اس شخص نے بڑی مشکل سے جان بچائی۔ اور بولا کہ بھائی ہوش کر میں قرضخواہ تو نہیں ہوں۔ یعنی میں نے تم سے قرضہ تو نہیں لینا۔ کیا تم اپنے دوست دشمن کو بھی پہچان نہیں کر سکتے ہر ایک کو ایک ہی نمبر میں چلا دیا ہے۔ جب اس نے بڑی مشکل کے بعد خاموشی پکڑی تو بولا اے بھائی میری اس حرکت پر غصہ نہ کرنا میں اس بات میں بے اختیار ہوں کیونکہ مجھے اب بھونکنے

Marfat.com

کی عادت ہی پڑ گئی ہے۔ جب کسی آدمی کو دیکھتا ہوں بے اختیار بھونکنا شروع کر دیتا ہوں۔

فائدہ:۔ مثل اس قرضائی کے شیعہ کا بھی عادت ہو گئی ہے کہ تبرہ بازی طعن تشنیع اور گالی دینے میں ہر ایک کو ایک ہی نمبر میں چلا دیا ہے۔ نہ کسی اہل بیت کو چھوڑا ہے نہ کسی بنی ہاشم اور مہاجر دا نصار اصحابیوں سے بُرا کہنے میں منہ موڑا ہے۔ اور نہ ہی کسی اولیا اللہ کا لحاظ کیا ہے جیسا کہ ہر ایک کا ذکر مذکورہ بالا ہو چکا ہے۔

نظم

اسیں انہاں دی بدگمانی وانگ بارود اڈلیئے — کتب انہاں دیوں ثابت کریئے دلوں نہ کجھ بنائیے
جلاء العیون دے اندر بھائی باب ال وچہ آئے — پنجویں فصل دے اندر ویکھے جو کوئی شک لیائے
علیؓ حیدر جد سر در عالمؐ اندر لحد ٹکائے! — ناں نال فرشتیاں نبیؐ محمدؐ قول اقرار پکائے
کنڈھ نہ دینی حیدرؓ نائیں ملکاں نوں فرمایا — ہر کم اندر مدد دینا ہے تساں لازم آیا
کہیا فرشتیاں خوف نہ کریو اسیں سبھے ہمراہی — دشمن اسدے مارمکائیے سٹیے دوزخ کھائی
یا حضرت اسیں خدمت حاضر ملکاں عرض سنائے — علیؓ امام اساڈا تے اسیں سارے مقتدی آئے
مشکل کماں اندر کرساں اُسدی مددگاری — نہ کوئی دیکھے ساڈوں تے نہ سُنے آواز ہماری
ایہ سب بیان جلاء العیونوں لکھ فقیرؔ دکھائے — پر اس مذہب شیعہ اوپر بڑا تعجب آوے
نال علیؓ دے مسلاناں جے کیتی بے وفائی — تاں ملکاں بھی نہ مدد دینی سمجھیں مومن بھائی
توبہ توبہ ملک بھی ڈر گئے صدیقؓ عمرؓ توں بھائی! — خلافت کسے نہ لے کر دتی حیدرؓ شیر خدائی
فرشتیاں نوں بھی شیعہ صاحب گنہگار بنایا — وعدہ انہاں دفا نہ کیتا جو سی قول پکایا!
ہر اک نوں قرضائی وانگوں ایہناں بھونکنا لایا — قسم خدا دی کوڑ نہیں میں دیکھ اکھیں الایا

مسئلہ:۔ حضرت امیر علیؓ کا خلافت سے انکار کرنا بھی شیعہ کی کتابوں سے ثابت ہے جیسا کہ نہج البلاغت میں لکھتے ہیں کہ جب حضرت عثمان غنیؓ شہید ہوئے تو مسلمانوں نے عرض کیا کہ یا حضرت آپ خلافت کو قبول فرمائیں۔ تو آپ نے جواب فرمایا قَالَ اَنَا لَكُمْ وَزِيْرًا خَيْرًا لَكُمْ مِنِّيْ اَمِيْرًا۔ ترجمہ۔ فرمایا تمہارے لئے وزیر ہوں تو بہتر ہے اس سے کہ میں امیر ہوں۔ یعنی میں وزیری کے قابل ہوں اور بہتر ہے کہ تم میں سے کوئی اور امیر یعنی خلیفہ ہو جائے۔ اور اسی کتاب میں دوسری جگہ ہے قَالَ عَلِيٌّ وَاللهِ مَا كُنْتُ لِيْ فِي الْخِلَافَةِ رَغْبَةٌ وَّلَا فِي الْوَلَايَةِ اِرْبَةٌ کہا حضرت علیؓ نے قسم ہے خدا کی مجھے کوئی رغبت خلافت کی نہ تھی اور نہ ولایت کی حاجت تھی۔ وَلٰكِنَّكُمْ دَعَوْتُمُوْنِيْ اِلَيْهَا وَحَمَلْتُمُوْنِيْ عَلَيْهَا۔ لیکن تم مسلمانوں نے مجھکو خلافت کی طرف بلایا۔ اور خلافت پر بٹھایا۔

فائدہ:۔ اس کلام سے معلوم ہوا کہ آپ کو خلافت کی کوئی خواہش نہ تھی۔ اور نہ ہی کسی مسلمان سے مدد کی طلب، اور نہ ہی اہلبیت اپنے کو دربدر لئے پھرے یہ سب شیعہ کے افترا ہیں۔ اگر آپ خلافت کے خواہشمند ہوتے تو خدا کی قسم نہ فرماتے

فائدہ:۔ آپ کا قسم کھانا بھی اصحاب ثلاثہ کی خلافت کے حق ہونیکا ثبوت اور سونپی خوئی ہے۔

مسئلہ:۔ پس جب شیعہ نے سوچا کہ اس سے تو ہماری نجات نہیں تو اور ڈھنگ نکالا کہ حضرت رسول پاک محمد رسول اللہؐ نے حضرت علیؓ کو صبر کی وصیت فرمائی تھی۔ اس واسطے اصحاب ثلاثہ کے ساتھ مقابلہ جنگ نہ کیا جیسا کہ حق الیقین مسئلہ خامس میں یہ حدیث خاص منقول ہے۔ قَالَ عَلِيُّ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ كَانُوْا فِيْ هٰذِهِ السُّكُوْتِ لَا يَعِيْبُوْنَ ترجمہ۔ فرمایا حضرت علیؓ نے کہ تمام بنی ہاشم سکوت یعنی چُپ کی رعایت کرتے تھے۔ لِمَا وَصّٰى بِهِ النَّبِيُّ عَلَيْهِمَا مِنَ الْقَهْرِ جب کہ وصیت

Marfat.com

فرمائی تھی۔ مجھے محمد رسول اللہ نے صبر کرنے کی۔ کہ اے علیؓ میرے بعد میرے اصحابوں سے جنگ و جدال مت کرنا
مسئلہ:۔ اگر حضرت علیؓ کو اس طرح وصیت ہوتی تو پھر ادنیٰ ادنیٰ باتوں سے اصحاب ثلاثہ کے ساتھ کیوں مقابلہ کرتے اور کیوں ان کے قتل کرنے کو تیار ہو جاتے۔ اور یہ سب خرافات باتیں شیعہ کی کتابوں میں موجود ہیں جیسا کہ شیعوں کی معتبر کتاب عمدۃ الاسلام میں ہے کہ ایک روز حضرت عباس کے پرنالے کا پانی حضرت عمرؓ کے کپڑوں پر پڑا۔ حضرت عمرؓ نے پرنالہ اکھاڑ دیا۔ اور حکم فرمایا کہ اگر کوئی اس پرنالہ کو پھر اس جگہ لگا دے گا۔ تو میں قسم خدا کی اس کی گردن کاٹ دوں گا۔ حضرت عباسؓ نے یہ شکایت حضرت علی کے پاس کی تو حضرت علیؓ نے فرمایا۔ اے چچا تم اپنے گھر آرام سے بیٹھو اور دیکھو کہ میں اس کا کیا حال کرتا ہوں ثُمَّ نَادٰی یَا قَنْبَرُ عَلَیَّ بِذِی الْفِقَارِ فَتَقَلَّدَهٗ ثُمَّ خَرَجَ اِلَی الْمَسْجِدِ۔ اور پھر فرمایا حضرت علیؓ نے اپنے غلام قنبر کو اے قنبر لے آ میری ذوالفقار۔ پس غلاف میں کیا ذوالفقار کو اور چلے طرف مسجد کے وَقَالَ یَا قَنْبَرُ اَعِدِ الْمِیْزَابَ اِلٰی مَکَانِهٖ مَعَ قَنْبَرَ فَرَدَّهٗ مَوَاقِعَهٗ۔ اور فرمایا اے قنبر چڑھ اوپر کوٹھے کے۔ اور لگا اس پرنالہ کو جس جگہ وہ پہلے تھا۔ ثُمَّ قَالَ وَحَقِّ صَاحِبِ هٰذَا الْقَبْرِ وَالْمِنْبَرِ الخ۔ اور فرمایا حضرت علیؓ نے قسم ہے اس قبر اور منبر کے حق ہونے کی۔ اگر کوئی شخص اکھاڑے گا اس پرنالہ کو، میں اکھاڑنے والے اور حکم کرنے والے دونوں کی گردن اڑا دوں گا۔ اور میں ان کو سولی پر چڑھا دوں گا۔ یہاں تک کہ میری جان جائے۔ فَبَلَغَ ذٰلِكَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَنَهَضَ وَدَخَلَ الْمَسْجِدَ وَنَظَرَ اِلَی الْمِیْزَابِ الخ۔ پس جب خبر ہوئی حضرت عمرؓ کو پس اٹھے اور داخل ہوئے مسجد میں اور دیکھا طرف پرنالہ کے پس وہ اسی جگہ لگا کھڑا ہے۔ پس کہا حضرت عمرؓ نے کون شخص ہے کہ غصہ میں حضرت علیؓ کے سامنے ہو۔ سے اچھا ہم اپنی قسم کا کفارہ دیدیں گے فَلَمَّا کَانَ مِنَ الْغَدَاةِ مَضٰی عَلِیٌّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ عَمِّهِ الْعَبَّاسِ الخ۔ پس جب دوسرا دن ہوا تو حضرت علیؓ اپنے چچا عباسؓ کے گھر گئے اور جا کر پوچھا کہ اے چچا کیا حال ہے۔ تو حضرت عباسؓ نے کہا اے میرے بھائی کے بیٹے جب تک تو میرے پاس ہے اچھی زندگی بسر ہوتی ہے۔ تیرے ہوتے ہوئے مجھے کیا خوف ہے۔ فَقَالَ لَهٗ یَا عَمِّ طِبْ نَفْسَكَ وَقَرَّ عَیْنًا فَوَاللّٰهِ لَوْ خَاصَمَنِیْ اَهْلُ الْاَرْضِ فِی الْمِیْزَابِ لَخَصَمْتُهُمْ الخ۔ فرمایا حضرت علیؓ نے اے چچا صاحب خوش رہو۔ اور ٹھنڈی کرو آنکھیں اپنی۔ خدا کی قسم اگر پرنالہ پر تمام جہان والے بھی جھگڑا کریں گے تو البتہ میں غالب آؤں گا سب پر اور پھر تمام کو قتل کر دوں گا۔ مَعَاذَ اللّٰهِ وَ قُوَّتِهٖ۔ ساتھ مدد اور قوۃ اللہ تعالیٰ کے۔

نظم

اُتے صبر جل جے ہوندا حضرت شاہ علیہؑدا
تاں کیوں مقابلہ کردے عمرؓ نال بہادر شیر دلیرا

قسم غداری کرکے کہندے سیند شیر الٰہی
اکھاڑے جو پرنالہ اسدا گردن تراں بھائی

خلافت غصبی وقت علیؓ نے صبر پیالہ پیتا
پرنالے دے کارن لڑیا عقل کرو کجھ میتا!

ماری لت عمرؓ جد حضرت فاطمہؓ حمل گرایا!
امام محسن جس نام شیعہ نے اپنے دلوں بنایا

پھر باہن کٹھا کرکے شاہ دے گھر نوں اگ لگائی
دیکھی تاں ڈھیں ولیہ علیہؑ نے گل چہ رسی پائی!

تد بھی صبر کیتا بعد اُتے پرنالے صبر نہ آیا
گھر خلافت فاطمہؓ دا پرنالے جتنا قدر نہ پایا

پرنالے کارن سب جگ دے سنگ لڑن ارادہ کیتا
فاطمہؓ دی بے عزتی دیکھ صبر پیالہ پیتا

بھلا کون کرے تسلیم جو ہووے صاحب عقل ایمانی
ادنیٰ بات لڑکر مرنا تے اسلے چھوڑے جانا

جیکر ہوندی صبر وصیت شاہ علیؓ نوں بھائی
جنگ صفین جمل کیوں کردے معاویہ سنگ لڑائی

Marfat.com

یا اُس وقت وبیعت بھلّے یا بیصبرے ہوئے ۔۔۔ پرنالے جمل صفین اندر جو ہو تیار کھلوئے
قساں بے فرمان ٹھہرایا شاہ علیؓ فن سردر سُنڈا ۔۔۔ تو بہ کریو بھائیو اس تھیں ایہ عقیدا گندا
جاہلاں دے گمراہ کرن نوں کیتے سب پسارے ۔۔۔ ورنہ سب اصحاب تے آل ہیں یکدوجے نوں پیارے

مسئلہ ۹۔ معجزات علیؓ کرم اللہ وجہٗ میں بڑی دھوم دھام سے معتبر شیعہ قطب الدین راوندی صاحب نے خرائج وجرائح میں یہ روایت کی ہے مِنْهَا مَرْوِیْ عَنْ سُلَیْمَانَ فَارِسِیْ قَالَ اِنَّ عَلِیًّا بَلَغَهٗ عَنْ عُمَرَ ذِکْرُ شِیْعَتِهٖ ان معجزات سے ایک یہ بھی معجزہ ہے جو روایت کی ہے سلیمان فارسی نے کہا اُس نے کہ تحقیق حضرت علیؓ کرم اللہ وجہٗ کو خبر پہنچی عمرؓ کی کہ وہ آپ کے شیعوں کو کچھ روک ٹوک کرتا ہے فَاسْتَقْبَلَهٗ فِیْ عَرَقِ بُسْتَانِ الْمَدِیْنَةِ وَفِیْ یَدِ عَلِیٍّ قَوْسٌ ط پس حضرت علیؓ کو باغ مدینہ کے راستے میں عمرؓ ملا۔ اور حضرت علیؓ کے ہاتھ میں کمان تھی فَقَالَ یَا عُمَرُ بَلَغَنِیْ عَنْكَ ذِکْرُ شِیْعَتِیْ الخ۔ پس فرمایا حضرت علیؓ نے اے عمرؓ مجھے خبر پہنچی ہے کہ تو میرے شیعوں کو روک ٹوک کرتا ہے۔ پس عرض کی عمرؓ نے اے امیر علیؓ اپنی کج فہمی پر نرمی کرو فَقَالَ اِنَّكَ لَهَاهُنَا ثُمَّ ضَرَبَ قَوْسٌ عَلَی الْاَرْضِ الخ۔ پس فرمایا حضرت علیؓ نے کہ البتہ تو ابھی تک یہاں ہی کھڑا ہے۔ پھر ماری کمان زمین پر پس وہ اسی وقت لوگوں کے سامنے اژدہا یعنی سانپ بن گیا۔ اور حضرت عمرؓ کی طرف منہ کرکے اُس کو نگلنے لگا۔ پس چِلّایا عمرؓ اور کہا واسطے خدا کے اے باپ حسنینؓ کے اس کو پکڑ لو۔ اب میں کبھی آپ کے شیعوں کا ذکر نہ کروں گا۔ اور عاجزی کرنے لگا۔ پس اُس سانپ کو حضرت علیؓ نے پکڑ لیا۔ تو وہ فوراً کمان بن گئی وَمَضٰی عُمَرُ اِلٰی بَیْتِهٖ اَعْوَبَةٍ قَالَ سُلَیْمَانُ فَلَمَّا کَانَ اللَّیْلُ دَعَانِیْ عَلِیٌّ فَقَالَ مُرَّ اِلٰی عُمَرَ الخ۔ اور عمر کانپتا ہوا اپنے گھر گیا۔ اور کہا سلمان نے کہ جب رات ہوئی بلایا مجھ کو امیر علیؓ نے پس فرمایا جا طرف عمرؓ کے اس واسطے کہ آیا ہے اُس کے پاس مال غنیمت کا مشرق سے اور ارادہ کرتا ہے وہ کہ اس مال کو روک رکھوں۔ اور کسی کو کچھ نہ دوں کیونکہ کسی کو اس مال کی خبر نہیں ہے۔ اس کو جاکر کہہ امیر علیؓ کہتا ہے کہ جو مال مشرق سے آیا ہے اس کو مت روکو۔ اور حقداروں کے حق نکال دو۔ ورنہ میں تم کو خوار وذلیل کردوں گا۔ پس سلمان کہتا ہے کہ میں نے جا کر عمرؓ کے پاس بیان کیا۔ تو عمرؓ نے کہا بھلا یہ تو بتاؤ کہ اس مال کی خبر حضرت علیؓ کو کس نے بتائی ہے۔ سلمان نے کہا اے عمرؓ حضرت علیؓ سے کوئی چیز زمین آسمان کی پوشیدہ نہیں ہے۔ ثُمَّ قَالَ رُعْبُ الثُّعْبَانِ فِیْ قَلْبِهٖ اِلٰی اَنْ تَمُوْتَ ۔ پھر کہا سلمان نے کہ عمرؓ کے دل میں اُس سانپ کا خوف مرتے دم تک رہا۔ یعنی وہ ساری عمر کانپتے ہی رہے۔ جیسا کہ ملا باقر مجلسی حیات القلوب میں لکھتا ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت عمرؓ کے دل میں حضرت علیؓ کی دہشت اس قدر تھی کہ دیکھتے ہی کانپنے لگ جاتا تھا۔ اور تھر تھراتا تھا۔

نظم

اٰمَنَّا وَصَدَّقْنَا ہے اساں منیاں شیر الٰہی ۔۔۔ اَسَدُ اللّٰہِ الْغَالِبُ ہے سی پاک نبیدا بھائی
اَسَدُ اللّٰہِ الْغَالِبُ عَلٰی کُلِّ غَالِبٍ سرورنے فرمایا ۔۔۔ جن انسان پرند حیواناں سب پر غالب آیا
مگر زبان شیعاں تھیں بھائیو ایہ گل پائی جائے ۔۔۔ سب اصحاباں تھیں کمزورا حیدرؓ سمجھیا جاوے
نقل کفر کفر نہ باشد آکھن لوک سیانے ۔۔۔ میں کراں بیان تماشی بھائیو سمجھن مومن دانے
کتاباں شیعہ اندر لکھیا میں نہیں دلوں بنایا ۔۔۔ ماری لت عمرؓ نے حضرت فاطمہؓ حمل گرایا
امام محسن صاحب جس داشیعیاں نام ٹکایا ۔۔۔ ایس طرح دی کرن بے ادبی کم انتہا ندا آیا
بھی حضرت عمرؓ علیؓ حیدر دے گل وچ رسی پائی ۔۔۔ خالد اگوں پکڑیا پاس صدیق لیائے بھائی

Marfat.com

بھی بان جمع کیتا گھر ساڑن کارن خاص علیؓ دا
خلافت چھین لئی اصحاباں جو سی حق ولی دا

اے بھائی ہُن دسو مسلمانوں اہل ایمانوں
جسدی ہووے قوت طاقت زیادہ سب جہاناں

اسد اللہ جو شیر خدائی شیراں مار بھجاوے
اسدے گھر دی کرن بے ادبی کس نوں طاقت آوے

کون ہووے جو حضرت فاطمہؓ تائیں ہتھ لگاوے
تے کس نوں طاقت گھر علیؓ دے آکر اگ جلاوے

تے کیہڑا ہے جو شیر علیؓ دے گلو چہ رسی پاوے
تو کون ہووے جو منتے ناہیں جو حیدر فرماوے

شیر بہادر کوں کون خلافت کھوہے بھائی
جس دے خوفوں تھر تھر کنبدا عمرؓ خلیفہ ساہی

ذوالفقار تلوار علیؓ دی ایڈ زور آور آہی
زمیں اسماناں اندر جسدی جھلے جھال نہ کائی

کمان آہی جو پاس علیؓ دے بندا سی سپ بھارا
جسدے خوفوں مردیاں تائیں کنبدا عمرؓ پیارا

گو یا معجزہ موسیٰ والا ہتھ علی دے آیا!
شیعہ کتاباں اندر لکھیا میں نہیں دلوں بنایا

غزل

شیعہ کا مذہب کیا ہے ایک طلسمانی تماشہ ہے
دیکھے جو کوئی اسکو کہتا ماشاءاللہ ماشاءاللہ ہے

کبھی تو حضرت علیؓ کو آسمان پر چڑھاتے ہیں
کبھی اس ہی کو نیچے سے نیچے گراتے ہیں!

کبھی کہتے ہیں علیؓ کو دیکھ کر عمرؓ تھر تھراتے ہیں
کبھی کہتے ہیں کہ حیدرؓ کے گلے میں عمرؓ رسیاں پاتے ہیں

کبھی کہتے ہیں شمشیر شاہ علیؓ کی جو ذوالفقار تھی
سب جہاں کو مار کر ہو جاتی پار تھی!

کبھی کہتے ہیں جو کمان علیؓ کے ہاتھ میں تھی؛
جب زمیں پر ڈالتے تھے تو بنیں بنیں سانپ قوی

پھر کون ہے جو خلافت چھین لے اس سے بھائی
صدیقؓ عمرؓ عثمانؓ کو کب اتنی طاقت آئی

پس اس بیان سے معلوم ہوا ہے سب کو ماجرا
شیعہ کا محض اصحاب ثلاثہ سے ہے بغض وعناد

فائدہ :- حضرت علیؓ کی خلافت بعد تینوں خلیفوں کے ہی تھی۔ سو وہ اپنی باری پر مسند نشین ہوئے۔ ورنہ حضرت علی کرم اللہ وجہٗ کا کسی اصحاب کے ساتھ کسی قسم کا رنج وعناد نہیں تھا۔

فائدہ :- اور یہ بھی یاد رہے کہ جو چہار یار کا درجہ ہے۔ مثلاً اول درجہ حضرت ابا بکر صدیقؓ کا پھر حضرت عمر فاروقؓ کا پھر حضرت عثمان غنیؓ کا پھر حضرت علی کرم اللہ وجہٗ کا اس میں کسی صاحب کی توہین وہتک نہیں ہے کیونکہ انبیاء علیہم السلام کے بھی ایک دوسرے پر درجات ہیں کما قال اللہ تعالیٰ تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ط جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے یہ رسول جو درجات دیئے ہم نے بعض کو اوپر بعض کے۔ خلافت اول یا آخر ملنے میں کسی صاحب کی ہتک توہین نہیں ہے کیونکہ حضرت محمد الرسول اللہ کو تمام انبیاء سے بعد نبوت ملی ہے حالانکہ آپ سب سے افضل ہیں

فائدہ :- پس سب مسلمانوں پر فرض ہے کہ چہار خلفاء کو برحق جانیں ورنہ مومن نہیں ہو سکتے۔

فائدہ :- جو شخص تین خلیفوں کا انکار کرے اور ایک کو مانے تو اس کی مثال ایسی ہے جیسا کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کو نہ ماننا۔ اور ایک حضرت محمد الرسول اللہ کو ماننا۔ حاصل کلام جو شخص چاروں خلیفوں کو برحق نہ مانے وہ مومن نہیں

طعن ششم شیعہ برحق صدیق اکبرؓ در باغ فدک

حدیث بخاری ومسلم از ابو ہریرہؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ لَا تَقْتَسِمُ وَرَثَتِیْ دِیْنَارًا تَرَکْتُ ترجمہ۔ فرمایا رسول اللہ نے نہیں بانٹیں گے میری وراثت ایک دینار کے برابر سوا جو کہ چھوڑ جاؤں میں پیچھے وفات اپنی کے یا کوئی بعد

Marfat.com

اِلٰى وَمُؤْنَةِ عَامِلِیْ فَهُوَ صَدَقَةٌ ۔ مگر خرچ اپنی مستورات کا اور محنت کارندوں کی، پس وہ صدقہ ہے راہِ خدا میں۔

مسئلہ:۔ معتبر کتب اہل سنت سے یہ قصہ اس طرح ہے کہ فدک ایک موضع ہے میدان خیبر میں جو کہ جنگ و جدال کے بغیر مسلمانوں کے ہاتھ آیا۔ اس میں کچھ درخت کھجوروں کے تھے جس کو باغ فدک کہتے ہیں جو کہ مدینہ منورہ سے دو دن میل کے فاصلہ پہ ہے۔ اس موضع اور باغ فدک کی آمدنی سے حضرت محمد رسول اللہ بحسب حکم الٰہی جو آیت شریف اٹھائیساں سورۃ حشر میں ہے مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ ۔ ترجمہ:۔ جو کچھ ہے یا پھیر لائے اللہ تعالیٰ اپنے رسولؐ کو دوسری بستیوں کے کافروں سے پس وہ واسطے خدا کے اور رسول کے اور وَلِذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ﴿۷﴾ واسطے آپ کے قرابتداروں کے اور یتیموں اور مسافروں کے ہے۔ جب حضرت ابابکر صدیقؓ خلیفہ ہوئے تو حضرت فاطمہ نے باغ فدک میں سے اپنا حصہ طلب کیا تو صدیق اکبرؓ نے جو تین حدیثیں حضور پاکؐ سے سنی ہوئی تھیں آپ کے گوش گذار کر دیں۔ ایک حدیث جو اوپر گذر چکی ہے اور دوسری حدیث جو ترمذی میں ہے۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَحْنُ مَعَاشِرَ الْاَنْبِيَآءِ لَا نُوْرِثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ ۔ فرمایا حضرت محمد رسول اللہ نے ہم گروہ انبیاء کا کسی اپنے ورثہ کا وارث نہیں کرتے۔ اور جو کچھ چھوڑیں ہم وہ صدقہ ہے۔ اور تیسری حدیث یہ ہے قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ حِزْبُ الْاَنْبِيَآءِ لَا نَرِثُ وَلَا نُوْرِثُ ۔ فرمایا حضور پاکؐ نے ہم جماعت انبیاء کی نہ دنیا کے مال کا ورثہ کسی کو دیتے ہیں اور نہ ہی لیتے ہیں۔

فائدہ:۔ اس میں حکمت ہے کہ خلق خدا کو معلوم ہو جائے کہ انبیاء کی محبت اور جانفشانی صرف خدا ہی کے واسطے تھی۔ دنیا کا کچھ لگاؤ نہ تھا۔ حتیٰ کہ اولاد وارثوں کو بھی کچھ نہ ملا۔ حضرت فاطمہؓ کو معلوم ہوا کہ انبیاء کے مال میں کسی کا حصہ نہیں تب خاموش ہو گئیں۔ اور حضرت صدیق اکبرؓ نے فرمایا اے فاطمہؓ بنت رسولؐ میں بھی ویسا ہی کروں گا جیسا کہ رسول خدا کرتے تھے۔ حضرت فاطمہؓ نے اپنے باپ کا یہ فرمان سن کر مان لیا۔ جیسا کہ شیعہ کی کتاب ... کی شرح میں لکھا ہے۔ کہ ابوبکرؓ عہد کردہ بود کہ تا راضی فاطمہؓ نشود زیر سایۂ مکان خود نیاید۔ یعنی ابوبکرؓ نے یہ اقرار کیا کہ جب تک حضرت فاطمہؓ راضی نہ ہوں گے میں اپنے گھر کے سایہ میں نہ بیٹھوں گا۔ در شب و روز دریں حال ماند تا امیر علی پیش زہراؓ بمصالحہ من بر ساخت اور دو دن اور دو رات اسی حال میں گذارے۔ اور حضرت علیؓ صلح کرنے کے واسطے حضرت فاطمہؓ کے پاس گئے۔ و آخر الامر حضرت فاطمہؓ راضی شد و عذر منظور فرماند و رنج بشریت دور کرد۔ حاصل کلام کہ حضرت فاطمہؓ راضی ہوئے۔ اور عذر قبول کیا۔ اور رنج بشریت دور کیا۔ ایسا ہی شیعہ کی کتاب صحاح السالکین میں ہے کہ جب صدیق اکبرؓ نے عذر کیے تو حضرت فاطمہ جنت نے فرمایا اِفْعَلْ فِيْهَا كَمَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ يَفْعَلُ فِيْهَا ۔ یعنی کر تو اے صدیق اکبر جیسا کرتے تھے میرے والد جناب محمد رسول اللہ باغ فدک کے حق میں اور میں تجھ پر راضی ہوں۔

نظم

خود زبانی شیعہ دی ہن ایہ گل ثابت آئی — فاطمہ اتے صدیق اکبرؓ دی ہوئی صلح صفائی
فاطمہؓ رنج خاوند دلوں نال صدیقے بیتا — آکھیاں نوں کر عمل اوویں جویں پاک محمدؐ کیتا
یعنی کر تقسیم فدک نوں حصیاں سیتی بھائی — جیوں کر وچ قرآن اللہ نے اس تقسیم بتائی
سب قرابیاں اتے یتیماں حاجتمند مسکیناں! — دیہو باغ فدک تھیں حصاں بھائی سمجھ قرینا

Marfat.com

جو آکھن زہرا رنج ہوئی پھر مردیاں تیک نہ بولی ۔۔۔ ایہ باطل جھوٹ اہناں دا بھائیاں وار بنایا

کتاب شیعہ دے اندر لکھیا میں نہیں دوں بنایا ۔۔۔ جویں کتاب باطل حجاج السالکین دے اندر آیا

فاطمہؓ اُتے صدیقؓ دے اندر ہوئی صلح صفائی ۔۔۔ جد اُس سُنی حدیث نبی دی وارث بنے نا کائی

ایہ جاہلاں دے گمراہ کرن نوں جوڑن بہت مصالحے ۔۔۔ پر سب جنہاں نوں ثابت لکھے کوڑ تہاتن سچے

الغرض جو حدیث اوپر بیان ہوئی اس کو ایک جماعت صحابہ کرام نے روایت کیا ہے قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ نَحْنُ مَعَاشِرَ الْاَنْبِیَآءِ لَا نَرِثُ وَلَا نُوْرِثُ ط یعنی فرمایا حضور پاک نے ہم جماعت انبیاء کی نہ کسی کو ورثہ دیتے ہیں اور نہ ہی لیتے ہیں۔ اس حدیث کی تصدیق تو خود شیعہ کی کتب سے ثابت ہے۔ جیسا کہ معتبر کتاب کافی کلینی میں امام ابو جعفرؒ فرماتے ہیں اِنَّ الْعُلَمَآءَ وَرَثَۃُ الْاَنْبِیَآءِ وَذٰلِکَ اَنَّ الْاَنْبِیَآءَ لَمْ یُوْرِثُوْا دِرْھَمًا وَلَا دِیْنَارًا ۔ تحقیق علماء وارث ہیں انبیاء علیہم السلام کے اور تحقیق انبیاء نے وارث نہیں کیا کسی کو درہم اور دینار کا ۔ وَاِنَّمَا وَرَّثُوْا اَحَادِیْثَ مِنْ اَحَادِیْثِہِمْ فَمَنْ اَخَذَ بِشَیْءٍ مِّنْھَا فَقَدْ اَخَذَ بِحَظٍّ وَافِرٍ ط اور سوائے اس کے نہیں کہ وارث کیا انہوں نے اپنی حدیثوں کا حدیثوں اپنی سے جس نے لیا کچھ اس سے یعنی حدیثوں سے البتہ لیا اُس نے حصہ بہت کامل

فائدہ :- پس اس حدیث لَا نُوْرِثُ کی صحت میں تو ایک ہی امام کا قول ایمانداروں کے واسطے کافی ہے ۔ اگر اس سے بھی تسلی نہ ہو تو شارح صاحب شیعہ معانی کتاب ہذا اس حدیث کی یوں شرح فرماتے ہیں ۔ انبیاء ہرچہ باقی اگرچہ ترکہ است در آں حکم ترکہ نیست ۔ ترجمہ ۔ یعنی انبیاء جو کچھ باقی چھوڑیں ترکہ ہے ۔ مگر ترکہ نہیں ہے ۔ یعنی درہم و دینا وارثوں کو نہیں ملتا ۔

دھوکہ دیون کارن شیعہ آیتاں پڑھ سناون ۔۔۔ قرآنوں حق نبیاں ثابت کیہہ انکار کیا ون

وچہ قرآن سیپارے اُنّی نمل اندر ہے آیا ۔۔۔ وَوَرِثَ سُلَیْمٰنُ دَاوٗدَ اللہ نے فرمایا

تے دوجی آیت پارہ سولاں مریم اندر آئی ۔۔۔ فَھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ وَلِیًّا یَّرِثُنِیْ وَیَرِثُ مِنْ اٰلِ یَعْقُوْبَ بھائی

ترجمہ ۔ آیت اوّل ۔ اور ورثہ پایا سلیمان علیہ السلام نے داؤد علیہ السلام کا ۔

ترجمہ ۔ آیت دوم :- دعا کی حضرت زکریا علیہ السلام نے کہ اے رب میرے بخش مجھکو اپنے پاس سے لڑکا جو وارث ہو میرا وارث یعقوب علیہ السلام اور وارث ہو میرے کا

جواب :- ان دونوں آیتوں کا مطلب یہ ہے کہ ورثہ دین اسلام کا پیغمبر رکھتے ہیں تاکہ ترکہ دنیا کا ۔ اگر یہ وارث مال دنیا کے ہوتے تو حضرت داؤد علیہ السلام کے فرزند تھے جو تاریخ اسلام سے ثابت ہوتے ہیں، کیوں ایک حضرت سلیمان کو وارث فرمایا اور دوسروں کو وارث کیوں نہ بنایا ۔ پس معلوم ہوا کہ حق تعالے نے ورثہ دین اسلام کا ذکر فرمایا ۔ اور درہم دینار مال دنیا کا ورثہ نبیوں کا نہیں ہے ۔ بھلا کون کہتا ہے کہ وہ معصوم مال دنیا کو اپنا ترکہ سمجھیں اور مال دنیا طلب گار ہوں جس کو حضرت رسول پاک نے فرمایا ہے اَلدُّنْیَا جِیْفَۃٌ وَّ طَالِبُھَا کِلَابٌ ۔ یعنی دنیا مردار ہے طالب اس کا کتا ہے

فائدہ :- ذرا غور کی بات ہے کہ اگر باغ فدک حضرت محمد الرسول اللہ نے حضرت فاطمہؓ کو ہبہ یعنی بخشیش دیا تھا تو اصحاب ثلاثہ نے حضرت فاطمہؓ سے بقول شیعہ چھین لیا تھا تو جب حضرت علی کرم اللہ وجہہ خلافت نشین ہوئے تو بھی ویسا ہی رہا ۔ یعنی باغ فدک کی آمدنی کو اصحاب ثلاثہ کی طرح ہی تقسیم کرتے رہے ۔ اور جب حضرت امام حسنؓ خلیفہ ہوئے تو بھی انہوں نے اپنے قبضہ میں نہ لیا ۔ الغرض اگر بقول شیعہ تینوں خلیفوں نے اپنی خلافت کے وقت ظلم کیا

Marfat.com

... اور حضرت امام حسنؓ نے کیوں نہ اپنی خلافت کے وقت اپنے قبضے میں لیا۔

فائدہ :- پس معلوم ہوا کہ باغ فدک ابتدا ہی سے ہبہ نہیں ہوا تھا۔ جس طرح رسول پاکؐ کے زمانے میں تقسیم ہوتا تھا اسی طرح خلفاء کے عہد میں تقسیم ہوتا رہا ہے۔

فائدہ :- شیعہ اس کا یہ جواب دیتے ہیں کہ فتح مکہ کے دن حضور پاکؐ نے فرمایا تھا کہ ہمارے اہلبیت وہ ہیں کہ جو چیز ان سے چھین لی جائے پھر اس کو واپس نہیں لیتے۔ یہ عبارت حکیم صاحب شیعہ نے معیار الہدیٰ کے سوال صفحہ پر درج کی ہے

جواب :- غور کی بات ہے کہ باغ فدک کی طرح خلافت بھی تو بقول شیعہ اصحاب ثلاثہ نے چھین لی تھی۔ خلافت تو آپ نے لے لی اور فدک واپس نہ کیا۔ یا تو حضرت علیؓ خلافت کے وقت نعوذ باللہ فرمان حضورؐ کا بھول گئے ہوں گے جو فتح مکہ کے دن آپ نے کیا تھا۔ اور باغ فدک پر عمل کر لیا ہوگا۔

دھوکا دین کارن شیعاں مسئلہ ایہ بنایا	معصوم ناراض ہوئے جس اُہ اوہ پکا دوزخی آیا
کتا حیلہ پھر اس راضی کرنے کارن کردا	ہوندے موں نہ پاک گناہوں جنت کیسے نہ وڑدا
یہ عام زبان شیعہ دے اکو مسئلہ ہے من باری	آکھ جواب خبر سناویں نال اللہ دی یاری
اوّل قصہ یوسف والا وچ قرآن پڑھیو سے	جو کجھ اسدیاں بھائیاں کیتا سارا علم یقیں سے
آپس اندر رنج اونہاں دے وچ شمار نہ آگے	تے سارے او معصوم پیغمبر پیغمبر دے جائے
پھر موسیٰ تے ہارون پیغمبر مشہور وچہ جہانے	داہڑی ہارون دی موسیٰؑ نے پٹی دیکھو قرآنے
ایوبؑ صابر نے بیوی تائیں غصے ہو فرمایا	ہیں چابک سو ماریساں تینوں جیکر رب بچایا
بھی حضرت امام حسینؓ امام حسنؓ پر غصہ کیتا	نال معاویہ صلح کیتی جد دیکھو تاریخوں لیتا

اور شیعوں کی معتبر کتاب اصول الشرح باب اللعنت میں ہے کہ ایک لونڈی حضرت جعفر طیارؓ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی طرف بھیجی۔ جب حضرت علی اس لونڈی کی طرف متوجہ ہوئے تو حضرت فاطمہ رنجیدہ ہو کر اپنے والد حضرت محمد رسول اللہ کے پاس شکایت لے کر آئی تو حضرت محمد رسول اللہ نے حضرت فاطمہؓ کی شکایت کو قبول نہ فرمایا۔ اور فرمایا حضرت علیؓ اس لونڈی سے مباشرت کرنے سے باز نہیں رہے گا۔ اور اسی کتاب کی جلد اوّل باب غلطت میں ہے کہ جب امیر علیؓ نے ابو جہل کی بیٹی سے شادی کرنے کا ارادہ کیا تھا تب بھی حضرت فاطمہؓ حضرت علیؓ پر سخت ناراض ہوئے۔

فائدہ :- جس طرح حضرت فاطمہؓ حضرت علیؓ پر ناراض ہوئے تھے اسی طرح صدیق اکبرؓ پر بھی ناراض ہوئے۔ تو اس بات میں صدیق اکبرؓ پر کیا اعتراض یا طعن آسکتا ہے حالانکہ صدیق اکبر نے حضرت فاطمہؓ سے صلح بھی کر لی تھی۔

طعن ہفتم بر صدیق اکبرؓ

سنی و دوستی کے شیعہ حضرت صدیق اکبرؓ پر یہ طعن کرتے ہیں کہ جو شخص چالیس سال بت پرستی کرے اور بعدہ اگر چہ وہ تمام عمر عبادت کرے تو بہ بھی کرے لیکن گناہ سے پاک نہیں ہو سکتا۔ جیسا کہ صدیق اکبرؓ نے چالیس سال بت پرستی کی تھی۔ اور وہ کسی طرح بھی اس گناہ سے بری نہیں ہو سکتا۔ اور نہ ہی وہ خلافت کے لائق ہو سکتا ہے۔

جواب اوّل :- جو شخص ایسا عقیدہ رکھتا ہے کہ بت پرستی کے بعد توبہ کرنے سے بھی گناہ معاف نہیں ہوتے تو وہ شخص قرآن کریم کی مخالفت کرتا ہے۔ اور مخالفت قرآن شریف کی کرنی کافر ہے جیسا کہ پارہ اوّل سورۃ بقرہ میں ہے اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰی وَالصّٰبِـِٕیْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ۔ مطلب فرماتا ہے تحقیق جو

Marfat.com

لوگ ایمان لائے کافروں مشرکوں اور اُن لوگوں سے جو یہود اور نصاریٰ اور صابئین ہیں۔ ایمان [illegible]
کے وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ۔ [illegible]
کے اور انہوں نے عمل نیک کئے پس واسطے اُن کے ثواب ہے نزدیک اللہ تعالیٰ کے اور نہیں خوف اور ایمان کے [illegible]
کا جو انہوں نے حالت کفر میں بُت پرستی وغیرہ کئے تھے۔ اور نہ وہ غم کھا دینگے۔ یعنی وہ گناہ ان کو جتلائے بھی نہ جائیں گے
کہ وہ ان سے شرمندہ ہوں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے پارہ انیس سورۃ الفرقان میں فرمایا ہے کہ جن لوگوں نے شرک کفر زنا
چوری، شراب خوری، جوا، بیاج وغیرہ سے توبہ کی تو ہم اُن کی توبہ کی برکت سے اُن کے وہ گناہ نیکیاں کر دیں گے۔ جیسا
فرمایا۔ إِلَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَأُولَٰئِكَ يُبَدِّلُ اللَّهُ سَيِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ۔ مگر جو کوئی ایمان لائے اور
کرے تمام بُرے افعال سے اور عمل کرے نیک پس وہ لوگ بدل دیتا ہے اللہ تعالیٰ اُن کی برائیوں سے نیکیاں سبب توبہ
خالص کے۔ اور ان آیات کے مطابق صحیح بخاری و مسلم وغیرہ میں ہے۔ کَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ التَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ
کَمَنْ لَا ذَنْبَ لَهُ۔ فرمایا رسول پاکؐ نے جو کوئی توبہ خالص کرے۔ وہ ایسا گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے گویا اُس نے
کوئی گناہ ہی نہیں کیا۔

جواب دوم:۔ اکثر شیعہ پہلے سُنی وغیرہ ہی تھے۔ اور مذہب سُنی وغیرہ سے توبہ کرکے مذہب شیعہ اختیار کیا۔ تو پھر بھی وہ گناہ سے پاک نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ اُس کے گناہ سابقہ بموجب عقائد شیعہ معاف نہیں ہو سکتے۔ اور نہ ہی وہ مومن بننے کے حقدار ہیں۔

فائدہ:۔ تو مذہب شیعہ میں داخل ہونے سے کیا فائدہ۔ بہر حال شیعہ مذہب میں سوائے آئمہ کرام کے کوئی ناجی نہیں ہو سکتا۔ اُن کے عقائد کے مطابق سب ناری ہی ہیں۔

طعن ہشتم شیعہ بر صدیق اکبرؓ (در نظم)

اٹھواں طعن شیعہ دا ہور اک ابو بکرؓ پر آیا   آکھن یک لوطی نوں اُس نے زندہ اگ جلایا
ایہ گل حدیثوں باہر ہے جو پاک نبیؐ فرمایا   وَلَا تُعَذِّبُوا بِعَذَابِ اللّٰهِ ہے آیا!
یعنی زندہ ساڑ ونا ہیں ایہ عذاب خدائی   ایسی حدیث دا الٹ کیتا ہے ابو بکرؓ نے بھائی

جواب اوّل:۔ حضرت ابو بکرؓ نے اُسی لُوطی یعنی منڈے باز آدمی کو قتل کرکے آگ میں جلایا۔ زندہ جلانے کی روایت معتبر نہیں ہے۔

جواب دوم:۔ تنزیہ الانبیاء میں ایک شیعہ عالم نے لکھا ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے بھی ایک جماعت مرتدوں کی زندہ آگ میں جلا دی تھی۔

نظم:

فرض کیتا ہے ابو بکر یک زندہ شخص جلایا   علیؓ جماعت مڈی ساڑی طعن کیا پھر آیا

طعن نہم شیعہ بر عثمانؓ بن عفان

شیعہ کہتے ہیں کہ حضرت عثمانؓ بن عفانؓ نے اصل قرآن کریم جلا دیا تھا۔ اور جو بے ترکیب اور غلط تھا اسکو مروج [illegible]

جواب:۔ بہ تحقیقہ کتب صحیح میں اس طرح آیا ہے کہ جب قرآن پاک کی قراتوں میں اختلاف شروع ہونے لگا [illegible]

Marfat.com

...قرآن اپنا پڑھنا شروع کر دیا۔ اور اختلاف کا بہانہ پکڑنے لگا۔ اور بعض قرآن مثل ابن کعب کے قرائتیں شاذ بھی شامل تھیں۔ اور بعض آیتیں منسوخ التلاوت بھی تھیں۔ اور بعض وہ الفاظ تھے جن کو حضور پاکؐ نے بطور تفسیر بیان فرمایا تھا۔ اُن کو بھی داخل قرآن سمجھنے لگے۔ اور بعض نقطوں کو بدلنے لگے تو حضرت عثمان غنیؓ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے اور حضرت حذیفہؓ بن یمانی اور دیگر اصحاب کبار مہاجر و انصار سے مشورہ کیا تو تمام صاحبان نے یہ مشورہ دیا کہ ایک مصحف میں تمام قرآن کریم جمع کر دیا جائے۔ اور اختلاف تمام عرب و عجم کا مٹ جائے۔ حضرت عثمان غنیؓ نے اس مشورہ کے بعد ارادہ مصمم یعنی پکا کر لیا۔ اور کوشش فرمائی۔ تو اللہ تعالیٰ نے اُن کے ارادے قبول فرما کر ایسا ہی کرا دیا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ۔ یعنی تحقیق ہم قرآن کریم کے نگہبان ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا وعدہ پورا کر دیا اور حضرت عثمان غنیؓ نے مشکوک ورق اکٹھے کر کے جلا دیئے۔ تاکہ کسی بداندیش کی پیش نہ جائے۔ اس میں کسی طرح کی بے ادبی نہیں ہے۔ بلکہ یہ تمام اُمت کی خیر خواہی ہے اور محبت الٰہی ہے

نظم

ایہ کوئی طعن نہیں عثمان غنیؓ پر ہرگز کائی — اسو چہ ہے خیر خواہی ساری امت بنا الٰہی

دفن کراون اس نوں خطرہ ہیسی بھائی — بد تیرے مت پئے اوسنوں کرے خیانت کائی

صلح علی دے نال عثمانؓ نے نسخے سب منگائے — اک نسخہ رکھ لیتا باقی سارے اگ جلائے

یعنی جو سن شکی ورقے نسخے بھجے بھائی — اونہاں نوں جلوایا حضرت ہور نہیں گل کائی

اس وچہ نہیں بے ادبی کائی خالص حب الٰہی — خیانت کرنیوالا مول نہ کرے خیانت کائی

کرن قرآن بے ادبی شیعہ طعن اساں پر دھرکے — ہیں کھول سنا واں تیرے تائیں جو کجھ اونہاں پڑھ کے

عین بعین کتاب کلینیوں نقل کراں میں بھائی — جویں امام صادقؑ کلام ربانی اپر زمیں ٹیکائی!

کتاب کلینی اندر زید بن زید بلاتی کنوں لیائے — شبہ کرن بے ادبی جیوں کر لکھ فقیر دکھاوے

اِنَّهٗ قَرَءَ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ۔

ترجمہ۔ تحقیق پڑھی امام صادق علیہ السلام نے یہ آیت کہ نہ ہو تم مثل اُن لوگوں کے جنہوں نے توڑا عہد اپنا پیچھے پکا کرنے کے تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًاۢ بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَزْكٰى مِنْ اَئِمَّتِكُمْ ۔ پکڑتے ہو تم قسموں اپنی کو بہانہ درمیان اپنے گروہ کے یہ کہ پاک ہو تمہاموں سے اصل عبارت تھی هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ یہ کہ بڑھو تم اور امتوں سے فَقُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ اُمَّةٌ وَرَبِّيْ مَكَانَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ اَزْكٰى مِنْ اَئِمَّتِكُمْ زید بلالی کہتا ہے کہ میں نے عرض کی اے امام صاحب قربان ہو ماں باپ میرا آپ پر آپ نے اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ کی جگہ اَزْكٰى مِنْ اَئِمَّتِكُمْ پڑھا ہے وَيْحَكَ اِنَّهٗ وَاِيَّاكَ اِنَّمَا يَقْرَءُ وَاَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ فَقَالَ مَا هِيَ فَاَخَذَ بِيَدِهٖ فَطَرَحَهٗ اِهَانَةً ۔ اور مجھے قسم ہے خدا اور رسولؐ کی آپ کے دادا امام باقر علیہ السلام نے بھی اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ کے سوا نہیں پڑھا۔ پس کہا امام صادق علیہ السلام نے کیا چیز ہے اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ پس پکڑا قرآن مجید میرے ہاتھ سے اور پھینک دیا زمین پر اہانت سے۔

فائدہ:۔ یہ بہتان امام جعفر صادق پر لگانا شیعہ ہی کا کام ہے۔ ہمارا اہل سنت کا یہ عقیدہ نہیں ہے کہ امام جعفر صادقؓ نے یہ کام کیا ہو۔ بلکہ تمام اہل بیت کا اتفاق اور اجماع ہے کہ موجودہ قرآن مجید وہی ہے جو لوح محفوظ سے نازل ہوا اور حضور پاکؐ کی زبان مبارک سے نکلا۔ اور اس کی ترکیب ترتیب اب بھی وہی ہے جو لوح محفوظ پر درج ہے۔ مگر ہمارے مفسرین جلال الدین سیوطیؒ اور عبداللہ بن بزؒ اور موطا امام مالک اور کتاب تفسیر فتح الباری شرح صحیح بخاری وغیرہ نے جو آیات

Marfat.com

قرآنی کی کمی بیشی کا ذکر کیا ہے۔ وہ زمانہ نبوت ہی کا ذکر ہے۔ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ... ہوئی۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد پارہ اوّل سورہ بقرہ میں ہے مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰیَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَیْرٍ ... جو کچھ ہم منسوخ کرتے ہیں کسی آیت میں سے یا بھلا دیتے ہیں۔ لاتے ہیں ہم بہتر اس سے یا مثل اس کے۔

مسئلہ:۔ ہمارے سنت اہل جماعت کے علماء اور شیعہ علماء میں تحریف (یعنی بدلنا) قرآن کے متعلق دینی اختلاف ... ہے۔ ہمارے علماء تو صرف تحریف خدا تعالیٰ کے ہی قائل ہیں یعنی اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد رسول اللہ کے سامنے ... اپنی کلام میں سے منسوخ کر دیں اور اٹھا لیں۔ اور تمام شیعہ امامیہ کا عقیدہ ہے کہ رسول اللہ کی وفات کے بعد اصحاب نے ... قرآن میں نقصان کیا اور غلط کر دیا۔

نظم

حضرت شاہ عثمانؓ دلا تے طعن شیعوں دا آیا — جو اس نے ایڈ خیانت کیتی رب دا قرآن گھٹایا

آکھ بہاری صحت مناقب کچے مدنت قرآنوں — ایہ کیسا ہے بہتان انہاں دا سمجھو اہل ایمانوں

دیہو جواب عثمان غنیؓ نے جدوں قرآن گھٹایا — شاہ علیؓ عباسؓ دوناں تے کیوں نہ منع کرایا

جے آکھو شاہ تقیہ کیتا ڈر کے شاہ عثمانؓ — آں وقت خلافت کیوں نہ کڈھی غلطی اوہ قرآنوں

اس دے اندر کوشش کرنی شاہ نوں واجب آہی — بلکہ فرض مقدم سب تھیں جو احکام الٰہی

کیونکہ ہو خاص کلام الٰہی جدوں خراب ہو جاوے — مومن تائیں لازم کرے درستی ندو لگا دے

پس حضرت شاہ علیؓ نہ کڈھی غلطی کوئی عثمانی — اینہاں تربہتر سیپاریاں اُتے عمل کیتا دل جانی

بھی تفسیر جو مصحف وی ہے عسکری حسنؓ امامون — ایہو تربہتر سیپارے اس وچہ با تفسیر امامون

اوہو ہے تفسیر جو صافی وچہ شیعہ اظہاری — ایہو قرآن عثمانی اس وچہ جو تفسیر انہاں دی

فائدہ:۔ یہ بھی یاد رہے کہ تمام شیعوں کی عادت ہے کہ جب بحث قرآن سے پشیمان اور لاچار ہو جاتے ہیں تو اپنے تقیہ پر عمل فرماتے ہیں۔ یعنی مسلمانوں کو دھوکہ دینے کے لئے جھوٹ بول جاتے ہیں۔ اور اس موجودہ قرآن کو صحیح مانتے ہیں اور تحریف قرآن سے توبہ کرتے اور کانوں کو ہاتھ لگاتے ہیں۔ پس جب موقعہ چلا جاتا ہے تو اسی وقت اسی زبان سے اس قرآن کی تحریف اور غلطی بیان کرنے لگ جاتے ہیں۔ چنانچہ اس مقدمہ میں تو ایک کتاب شیعہ کی تفسیر صافی ہی دیکھنا کافی ہے اور کتاب کی ضرورت ہی نہیں۔ جس میں محمد مرتضیٰ صاحب شیعہ نے اس قرآن موجودہ عثمانی کی غلط ہونے کی بہت سی روایتیں تحریر کی ہیں۔ از آں جملہ چند روایتیں حسب ضرورت اس جگہ تحریر بھی کر دیتا ہوں۔ تاکہ مسلمانوں کو ان کی غلطی معلوم ہو جائے۔ مفسر صاحب شیعہ نے تفسیر عیاشیؒ امام ابو جعفر صادق علیہ السلام سے یہ حدیثیں تحریر کی ہیں۔

حدیث اوّل:۔ عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ قَالَ لَوْلَا اَنَّهٗ زِیْدَ فِیْ کِتَابِ اللّٰهِ وَنُقِصَ مِنْهُ مَا خَفِیَ۔ ترجمہ:۔ امام جعفر سے ... ہے کہ فرماتے تھے اگر نہ ہوتی زیادتی قرآن مجید میں اور نہ نقصان کیا جاتا۔ تو نہ پوشیدہ رہتا حق ہمارا اوپر کسی عقل والے کے ... قَامَ قَائِمُنَا فَنَطَقَ صَدَّقَهُ الْقُرْاٰنُ ۔ صاحب عقل کے اور تحقیق جب ہمارا قائم الٰہ کر کلام کرے گا تب اس موجودہ قرآن کی تصدیق ہوگی۔

فائدہ:۔ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ اس قرآن موجودہ میں اس قدر نقصان و زیادتی ہوئی ہے کہ جو اس میں اہل بیت کے نام اور فضائل تھے سب نکال دیئے ہیں۔ جب امام محمد مہدیؑ آویں گے تب وہ اس قرآن کو درست کریں گے۔

دوسری حدیث۔ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَوْ قُرِئَ الْقُرْاٰنُ کَمَا اُنْزِلَ لَاَلْفَیْنَا فِیْهِ مُسَمَّیْنَ ۔ ...

Marfat.com

...جس طرح آسمان سے نازل ہوا تھا - تو ہم اس میں آئمہ کے نام اور فضائل پاتے -
...آیت اول و دوم کی پوری شرح مفسر صاحب محمد مرتضیٰ نے اپنی تفسیر صافی میں یوں فرمائی ہے اَقُوْلُ الْمُسْتَفَادُ
...الاخبار وَغَيْرِهَا مِنَ الرِّوَايَاتِ مِنْ طَرِيْقِ الْاَهْلِ الْبَيْتِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ ۔ ترجمہ - مفسر
...کہتا ہوں کہ یہی تمام مستفادین ان تمام حدیثوں کے اور سوا ان کے جو روایات ہیں بطریق اولیٰ اہل بیت علیہ السلام سے
...اِنَّ الْقُرْاٰنَ الَّذِیْ بَیْنَ اَظْهُرِنَا لَیْسَ بِتَمَامِهٖ کَمَا اُنْزِلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ ۔ کہ تحقیق جو قرآن ہمارے درمیان
...تمام نہیں پورا جو اتارا گیا تھا اوپر محمد رسول اللہ کے بَلْ مِنْهُ مَا هُوَ خِلَافَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ وَمِنْهُ مَا هُوَ مُغَیَّرٌ وَ
...بلکہ یہ موجودہ قرآن مخالف ہے اس کے جو اتارا گیا تھا اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور اس میں ادل بدل کیا گیا ہے وَاِنَّهٗ
...حُذِفَ عَنْهُ اَشْيَاءُ كَثِيرَةٌ مِنْهَا اِسْمُ عَلِيٍّ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْمَوَاقِعِ وَمِنْهَا لَفْظَةُ اٰلِ مُحَمَّدٍ ۔ اور تحقیق
...بہت نکالی گئی ہیں ۔ اس میں سے بہت سی چیزیں بہت جگہ سے یعنی نام علی کرم اللہ وجہ کا بہت جگہ سے اور لفظ آل محمد کا بہت جگہ
...سے نکالا گیا ہے ۔ اس قرآن موجودہ سے ۔ وَمِنْهَا اَسْمَاءُ الْمُنَافِقِيْنَ فِيْ مَوَاضِعِهَا وَمِنْهَا غَيْرُ ذٰلِكَ ۔ اور بہت جگہ
...سے نام منافقوں کے نکالے گئے ہیں ۔ اور سوا اس کے اور بہت کچھ نکالا گیا ہے ۔ وَاِنَّهٗ لَيْسَ اَيْضًا عَلَى التَّرْتِيْبِ الْمَرْضِيِّ
عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ۔ اور تحقیق نہیں ہے یہ قرآن موجودہ اوپر ترتیب پسندیدہ رب رسولؐ کے نعوذ باللہ من ذالک

فائدہ :- اس مفسر شیعہ نے تمام شیعوں کا تانا بانا نیست و نابود کر دیا ۔

فائدہ :- اگر اس اپنے مفسر پر بھی شیعہ کا اعتماد نہ ہو تو حق الیقین طعن سوم مطاعن ابوبکرؓ احوال حضرت علیؓ میں دیکھو
...لکھتے ہیں کہ حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ نے اپنے گھر میں بیٹھ کر قرآن کریم جمع کیا ۔ جب مسجد میں لائے تو حضرت عمرؓ نے
...کہا ہم کو اس تمہارے جمع کئے ہوئے قرآن کی ضرورت نہیں ہے ۔ تو جواب میں حضرت علیؓ نے فرمایا کہ اے عمرؓ تو اس قرآن
...کو دوبارہ نہ دیکھے گا جب تک میرا فرزند امام مہدیؑ ظاہر نہ کرے ۔ یہ کہہ کر واپس گھر کو تشریف لے گئے ۔

فائدہ :- پس اس سے ثابت ہوتا ہے کہ جو اعلیٰ قرآن مجید حضرت علیؓ نے لکھا ہے وہ امام مہدیؑ کے پاس ہے ۔ پھر
...اس کے بعد لکھتے ہیں کہ جو اب باقی قرآن ہے یہ مصحف بیاض عثمانی ہے ۔

فائدہ :- اگر شیعہ صاحب اس سے بھی انکار کریں تو ہم چند روایات بطور نمونہ کتاب مرتضوی سے نقل کرتے ہیں
...مطبع یوسفی دہلی میں طبع ہوئی ۔ صفحہ ۱۳ پر مولوی مرزا باقر علیؒ صاحب فرماتے ہیں کہ بہت آیات میں حضرت
...امیر المومنین علی ابن طالب کے نام کی تشریح تھی ۔ منافقین و دشمنان دین نے ان آیات میں تغیر و تبدل کر دیا ہے ۔ یعنی
...آیتوں سے علیؓ کے تمام نام نکال دیئے ہیں ۔ ورنہ قرآن میں ان لفظوں سے آیتیں نازل ہوئی تھیں جیسا کہ پارہ ۲۲ کی
...احزاب میں ہے ۔ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فِيْ وِلَايَةِ عَلِيٍّ وَالْاَئِمَّةِ مِنْ بَعْدِهٖ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا
... ترجمہ - اور جو کوئی شخص حکم مانے اللہ اور اس کے رسولؐ کا بیچ ولایت یعنی امامت علیؓ کی اور پیچھے ان کے
...کرام کی تحقیق کامیابی پائی انہوں نے کامیابی بڑی پس اس آیت کے درمیان سے لفظ وِلَايَةِ عَلِيٍّ وَالْاَئِمَّةِ اصحاب
...نے نکال دیا ہے ۔ اس میں فضیلت علی کرم اللہ وجہہ اور دیگر آئمہ کرام کی تھی ۔ اور ولایت کے معنے یہاں کفیل کے ہیں یعنی
...دین و دنیا کی کام حضرت علیؓ اور آئمہ کے سپرد کر دیئے گئے تھے ۔ الغرض تمام حکومت دینی دنیاوی امیر علیؓ اور آئمہ
...علیہم السلام کی ہی تھی مگر اصحابوں نے اس جملہ آیت کو قرآن مجید سے نکال کر امیر علیؓ سے حکومت جبراً چھین لی تھی ۔ دوسری
...آیت پارہ ۵ سورۃ نساء میں ہے یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فِيْ عَلِيٍّ ترجمہ - اے لوگو جو
...کتاب ایمان لاؤ ساتھ اس چیز کے جو اتارا ہے ہم نے اوپر بندے اپنے کے بیچ حق علیؓ کے ۔

Marfat.com

فائدہ :۔ شیعہ کہتے ہیں عَلٰی عَبْدِنَا فِی عَلِیٍّ اصحابوں نے قرآن مجید سے نکال دیا ہے۔

اِنْ کُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۔ اگر ہو تم شک میں اس سے جو اتاری ہے ہم نے اوپر بندے اپنے کے بیچ حق علیؓ ابن ابی طالب کے پس لاؤ تم ایک سورۃ مانند اس کے ۔ عَبْدِنَا کے بعد فِیْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ اصحابوں نے قرآن سے نکال دیا ہے۔

چوتھی آیت پارہ پندرہ سورۃ کہف وَ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فِیْ وَلَایَةِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ فَمَنْ شَآءَ فَلْیُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْیَكْفُرْ ۔ اور کہہ دے یا محمدؐ آیا حق رب تمہارے کی طرف سے بیچ حکومت علی ابن ابی طالب کے پس جو کوئی چاہے ایمان لائے اور جو کوئی چاہے کفر کرے خلافت اس کی سے اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِیْنَ اٰلِ مُحَمَّدٍ نَارًا ۔ تحقیق تیار کیا ہے واسطے ان کے جو ظلم کرتے ہیں آل محمد پر عذاب آگ کا ۔

فائدہ :۔ شیعہ کہتے ہیں یہ دونوں جملے اس آیت سے فِیْ وَلَایَةِ عَلِیٍّ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ کو اصحابوں نے نکال دیا ہے۔

پانچویں آیت :۔ پارہ چھ سورۃ نساء اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ ظَلَمُوْا اٰلِ مُحَمَّدٍ حَقَّهُمْ لَمْ یَكُنِ اللّٰهُ لِیَغْفِرَ لَهُمْ ۔ تحقیق وہ لوگ کافر ہوئے اور ظلم کیا آل محمدؐ پر بیچ حق ان کے کے یعنی چھین لیا حق ان کا نہیں ہے خداوند کریم بخشش کرنے والا ان کے وَلَا لِیَهْدِیَهُمْ طَرِیْقًا اِلَّا طَرِیْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ اَبَدًا اور نہیں راہ دکھاتا ان کو مگر راہ دوزخ کی رہیں گے بیچ اس کے ۔ شیعہ کہتے ہیں کہ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ ظَلَمُوْا کے بعد دو جملے اٰلِ مُحَمَّدٍ حَقَّهُمْ کو اس سے اصحابوں نے نکال دیا ہے

چھٹویں آیت ، پارہ دوم سورۃ بقر اِنَّ الَّذِیْنَ یَكْتُمُوْنَ مَاۤ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَیِّنٰتِ فِیْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ۔ وہ لوگ جو چھپاتے ہیں اس چیز کو جو اتارا ہے ہم نے آیات بینات بیچ حق علی ابن ابی طالب کے ۔ شیعہ کہتے ہیں کہ اس سے عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ کو اصحابوں نے نکال دیا ہے۔

ساتویں آیت ، پارہ چھ سورۃ المائدہ یٰۤاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكَ فِیْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ مِنْ رَّبِّكَ ۔ اے رسول پہنچا تو جو کچھ اتارا ہے ہم نے طرف تیری بیچ حق علی بن ابی طالب کے

فائدہ :۔ شیعہ کہتے ہیں کہ اس میں سے بھی اصحابوں نے فی علی بن ابی طالب کو نکال دیا ہے ۔ علیٰ ھذا القیاس اسی طرح شیعہ نے بہت بہت بکواس کی ہے ۔ مگر بسبب طوالت ہم اسے لکھنا اچھا نہیں سمجھتے عقلمند کو اشارہ ہی کافی ہے

جواب اول :۔ اگر یہ قرآن مجید شیعہ کے نزدیک غلط ہے ۔ اور بقول شیعہ اصحابوں نے بہت کچھ خیانت کر کے قرآن مجید سے نکال دیا ہے تو اللہ تعالیٰ کی یہ حجت لوگوں پر غالب نہیں آ رہی جو پارہ چھ سورۃ النساء میں ہے ۔ لِئَلَّا یَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ ۔ ترجمہ ۔ تاکہ نہ ہووے واسطے لوگوں کے کوئی دلیل اوپر پروردگار کے ۔ یعنی اللہ نے قرآن مجید میں سب کچھ واضح کر کے سمجھا دیا ۔ اور کوئی کسر باقی نہ چھوڑی ۔

فائدہ :۔ اور لوگ تمام بری الذمہ ہو جاویں گے ۔

جواب دوم :۔ معاذاللہ اگر یہ قرآن مجید غلط ہوا تو تمام دین اسلام ہی غلط ہو گیا ۔ کیونکہ تمام امت محمدیہ کا دار اسی پر ہے ۔ چنانچہ مثل مشہور ہے ۔ اگر ، کفر از کعبہ برخیزد تو کجا ماند مسلمانی ۔ ترجمہ ۔ اگر کفر کعبہ ہی سے اٹھے تو دین کہاں رہے ۔

جواب تیسرا :۔ شیعوں کے نزدیک گیارہویں امام حضرت حسن عسکریؓ کے بعد بارہویں امام محمد مہدی علیہ السلام چلے ہیں اور اب سر من رائے غار میں چھپے ہوئے ہیں ۔ اور ان کے پاس چالیس پارہ والا قرآن مجید ہے جس ...

Marfat.com

اصل قرآن کو گم کر رکھا ہے

جواب تیسرا:۔ اس سے معلوم ہوا کہ نعوذ باللہ اس غلط قرآن پر سب مخلوقات کو چھوڑ کر اصلی قرآن کو گم کر کے رکھ چھوڑا مخلوقات گمراہ ہوئی۔

